معلم لغة القرآن

قرآن کی زبان سیکھنے اور سکھانے کے لیے ایک جامع رہنما

www.KitaboSunnat.com



سید اعجاز حیدر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

معلم لغۃ القرآن

عربی سیکھیے

قرآن کے لیے

قرآن کے ذریعے

مؤلف

سید اعجاز حیدر

www.KitaboSunnat.com

دار التذکیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

اہتمام : محمد احسن تہامی

مطبع : گنج شکر پرنٹرز

تاریخ اشاعت : 2006

قیمت : [redacted] روپے

دارالتذکیر

رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار

لاہور۔54000 فون : 7231119

ای میل: info@dar-ut-tazkeer.com

ویب سائٹ: www.dar-ut-tazkeer.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انتساب

نئی نسل کے نمائندہ سید حمزہ حسن کے نام
جس کے اس کتاب سے استفادے کا خواہش مند ہوں



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

دیباچہ		7
تعارف		13
الدرس الاول	کلمہ اور اس کی اقسام	17
الدرس الثانی	اسم	22
الدرس الثالث	اسم بلحاظ حالت-۱	23
الدرس الرابع	اسم بلحاظ وسعت	26
الدرس الخامس	معرف باللام	29
الدرس السادس	اسم ضمیر	30
الدرس السابع	اسم موصول	34
الدرس الثامن	اسم اشارہ	35
الدرس التاسع	اسم بلحاظ جنس	36
الدرس العاشر	اسم بلحاظ عدد	38
الدرس الحادی عشر	حرف کا بیان	41
الدرس الثانی عشر	اسم بلحاظ حالت-۲	47
الدرس الثالث عشر	مرکب	52
الدرس الرابع عشر	جملہ اسمیہ	54
الدرس الخامس عشر	مرکب توصیفی	59

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس السادس عشر	مرکب اضافی	62
الدرس السابع عشر	فعل	68
الدرس الثامن عشر	فعل ماضی معروف	73
الدرس التاسع عشر	فعل مضارع معروف	75
الدرس العشرون	ثلاثی مجرد کے ابواب	77
الدرس الحادی والعشرون	فعل مجہول	83
الدرس الثانی والعشرون	فعل ماضی کی مختلف اقسام	86
الدرس الثالث والعشرون	جملہ فعلیہ	90
الدرس الرابع العشرون	اسماء مشتقہ	99
الدرس الخامس والعشرون	فعل امر	106
الدرس السادس والعشرون	فعل نہی	110
الدرس السابع والعشرون	تغیرات مضارع	113
الدرس الثامن والعشرون	نواصب المضارع	118
الدرس التاسع والعشرون	ہفت اقسام	124
الدرس الثلاثون	فعل مضاعف	125
الدرس الحادی والثلاثون	مہموز افعال	130
الدرس الثانی والثلاثون	معتل افعال	134
الدرس الثالث والثلاثون	فعل مثال	135
الدرس الرابع والثلاثون	فعل اجوف	139
الدرس الخامس والثلاثون	فعل ناقص اور فعل لفیف	146
الدرس السادس والثلاثون	مہموز العین وناقص یائی (مخلوط)	154

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس السابع والثلاثون	اجوف مہموز اللام (مخلوط)	158
الدرس الثامن والثلاثون	منصوبات	161
الدرس التاسع والثلاثون	توابع	172
الدرس الاربعون	ثلاثی مزید فیہ	174
الدرس الحادی والاربعون	ابواب فعل ثلاثی مزید فیہ	178
الدرس الثانی والاربعون	اب افعال	179
الدرس الثالث والاربعون	باب تفعیل	184
الدرس الرابع والاربعون	باب مفاعلہ	187
الدرس الخامس والاربعون	باب افتعال	190
الدرس السادس والاربعون	باب انفعال	193
الدرس السابع والاربعون	باب استفعال	195
الدرس الثامن والاربعون	باب تفاعل	199
الدرس التاسع والاربعون	باب تفعل	202
اَلصَّلٰوۃُ (نماز)۔		205
نماز کی صرفی ونحوی تحلیل۔ تکبیر تحریمہ، ثناء، تعوذ، تسمیہ، سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص، رکوع، قومہ وسجدہ کی تسبیحات، تشہد، دورد شریف، دعا، سلام، دعاء قنوت۔		
سورہ بقرہ کی ابتدائی (۲۵) آیات کی لغوی، صرفی اور نحوی تحلیل		227
جداول تصریف الافعال (فعل ماضی معروف، ماضی مجہول، مضارع معروف، مجہول، امر معروف		258
مشقوں کا ترجمہ		271

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

قرآن حکیم کے ساتھ بلا واسطہ طور پر معنوی تعلق کی اہمیت، افادیت اور ضرورت ایک ایسی حقیقت ہے جس کا انکار ممکن نہیں۔ اگر لفظ تلاوت ہی کی گہرائی میں اترا جائے تو بقول امام راغب اصفہانی، اس کے مادہ ﴿ت ل و﴾ کے معنی کسی کے پیچھے پیچھے اس طرح چلنے کے ہیں کہ تابع اور متبوع کے درمیان کوئی اجنبی چیز حائل نہ ہو۔ چنانچہ اس لفظ تلاوت کی یہی معنوی خاصیت اسے لفظ قرأت (جس کا مفہوم صرف پڑھنا ہے) سے ممتاز کرتی ہے۔ جبکہ تلاوت کا مفہوم سمجھ کر پڑھنا ہے تاکہ اس کی پیروی کی جائے۔ یعنی تلاوت میں مطلوب صرف پڑھنا نہیں بلکہ مقروء (پڑھی جانے والی چیز) کا اتباع ہے۔ چونکہ قرآن حکیم ہی دنیا میں ایک ایسی کتاب ہے جو اپنے لاریب ہونے کی دعوے دار ہے اس لیے صرف اسی کے لیے لفظ تلاوت استعمال ہوتا ہے۔ جبکہ قرآن حکیم کے علاوہ ہر کتاب چاہے وہ کتنی ہی معتبر کیوں نہ ہو اس کے لیے لفظ قرأت ہی استعمال ہوتا ہے۔ لیکن ہم اپنی ناسمجھی کی بنا پر قرآن حکیم کو سمجھے بغیر پڑھ کر خیال کر لیتے ہیں کہ تلاوت کا حق ادا ہو گیا۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت اردو زبان میں قرآن حکیم کے بہتر سے بہتر تراجم اور تفاسیر موجود ہیں۔ مختلف ادوار کے علماء کا یہ وہ زبردست اور قابل فخر کام ہے جس کے لیے ہم اور ہماری آنے والی نسلیں ان کی احسان مند ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے اس کام کا اجر و ثواب یقیناً محفوظ ہے۔ ان کا یہ کام قرآن حکیم کو سمجھنے کے لیے ہماری ضروریات کو بھی پورا کرتا ہے اور ہم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پر اس کے اوامر ونواہی، حلال وحرام اور عبادات ومعاملات کو بھی کھول کھول کر بیان کرتا ہے۔
ایک عام مسلمان ان کے اس کام کا محتاج ہے اور رہے گا۔ چنانچہ ان تراجم اور تفاسیر کی اس افادیت سے کوئی ذی ہوش انسان انکار نہیں کر سکتا۔ لیکن اس افادیت کے باوجود یہ تراجم اور تفاسیر قاری کا قرآن حکیم کے ساتھ براہ راست معنوی تعلق قائم کرنے سے قاصر ہیں۔ کیونکہ یہ تعلق تو صرف اسی وقت پیدا ہو سکتا ہے جب قاری قرآن کی زبان کو بلاواسطہ سمجھنے کے قابل ہو۔

قرآن مجید کی زبان، اس کے اسالیب، اس کی لغت، اس کے محاورے، اس کی اصطلاحات اور اسکی بلاغت کی اپنی مستقل اور اچھوتی حیثیت ہے اور یہی اس کا اعجاز اور بنیادی عنصر ہے جسے ترجمے اور تفسیر سے عیاں کرنا ناممکن ہے۔ اپنی انہی خصوصیات کی بنا پر یہ بڑے زور کے ساتھ للکارتا ہے کہ ﴿اس جیسی ایک ہی سورت لا کر دکھا دو﴾ اور پھر خود ہی فیصلہ صادر فرما دیتا ہے کہ تم ایسا ہرگز نہیں کر سکو گے۔ رسالتمآب ﷺ کے لیے یہی بڑا معجزہ قرار پاتا ہے۔ اس عظیم کتاب کے کلام کی بلاغت کی اثر پذیری کے ادراک اور زندگی کو اس کے تقاضوں کے مطابق تبدیل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ بہترین تراجم اور تفاسیر کی موجودگی کے باوجود اس کتاب کی اپنی زبان کو بھی سمجھنے کی کوشش کی جائے۔

قرآن مجید چونکہ عربی زبان میں نازل ہوا اس لیے یہ سمجھ لیا گیا کہ اس کے مفہوم تک پہنچنا عربی زبان پر مکمل عبور حاصل کیے بغیر ممکن نہیں۔ عربی زبان چونکہ بذات خود ایک نہایت وسیع زبان ہے اور اس پر عبور حاصل کرنا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک آدمی اپنا پورا وقت اس کے لیے وقف نہ کر دے۔ یہ طریقہ ان لوگوں کے لیے تو ضروری ہے جنہوں نے قرآن حکیم کے تراجم اور تفاسیر یا پھر اسلامی فقہ پر کام کرنا ہو۔ لیکن ایک عام پڑھا لکھا فرد جو قرآن حکیم کے ساتھ اپنا معنوی تعلق بلاواسطہ جوڑنا چاہتا ہو اس کے لیے ابتدائی مرحلے میں عربی زبان کی لغت اور صرف ونحو کی اتنی گہری واقفیت کی ضرورت نہیں۔ اس کے لیے عام عربی زبان کی بجائے قرآنی زبان جاننے کی ضرورت ہے۔ اور اسے جاننے کے لیے ہر پڑھا لکھا فرد اپنی دنیوی مصروفیات کے باوجود بڑی آسانی سے اتنا وقت مہیا کر سکتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس میں کچھ کلام نہیں کہ قرآن اس خطہ ارضی میں نازل ہوا جہاں عربی زبان بولی اور سمجھی جاتی تھی اور اس قوم پر نازل ہوا جس کو اپنی خوش بیانی پر اتنا ناز تھا کہ وہ اپنے سوا سب اقوام عالم کو بے زبان گردانتے تھے۔ مگر اس کے باوجود قرآنی زبان عام عربی زبان سے اس قدر بلیغ تھی کہ دوسروں کو عجمی کہنے والے عرب اس کلام کو سن کر خود ششدر رہ گئے۔ بھلا ان دونوں کا مقابلہ ہو بھی کیسے سکتا تھا کہ ایک انسانی کلام اور دوسرا کلام الٰہی۔ عربی زبان کا ایک محاورہ ہے کہ **كَلَامُ الْمُلُوْكِ مُلُوْكُ الْكَلَامِ** یعنی بادشاہوں کی زبان زبانوں کی بادشاہ ہوتی ہے۔ پھر یہ تو اس کا کلام ہے جو بادشاہوں کا بھی شاہ ہے۔ ذات الٰہی مشکل سے مشکل مضمون کو آسان سے آسان اور مختصر سے مختصر الفاظ میں بیان کرنے کی قدرت رکھتی ہے۔ قرآنی اعجاز ہی کا حسن اور کرشمہ تھا جس کے سامنے اپنی خوش بیانی پر غرور رکھنے والے بے بس ہو گئے۔ قرآن چونکہ صرف عربوں ہی کے لیے نہیں بلکہ پوری نوع انسانی کے لیے ہے۔ اس لیے قرآن کی زبان انتہائی سلیس اور آسان بنا دی گئی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ﴾ (ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے آسان کر دیا ہے۔ ہے کوئی جو نصیحت حاصل کرے)۔

عربی زبان کے ہر لفظ کی بنیاد اس لفظ کے تین اصلی حروف ہوتے ہیں جنہیں اس لفظ کا مادہ کہا جاتا ہے۔ اور یہ مادہ زبان کے قواعد کے تحت سو سو شکلیں اختیار کر لیتا ہے جیسے **ح - م - د** سے **محمد ، احمد، محمود، حامد** وغیرہ وغیرہ۔ اگر ہم قرآن مجید میں وارد ہونے والے الفاظ کے لغوی مادوں کا مستند عربی لغات میں استعمال ہونے والے مادوں سے موازنہ کریں تو قرآنی لغت اور عربی زبان کی لغت کا فرق واضح طور پر سامنے آ جاتا ہے۔ یہ فرق کچھ اس طرح ہے۔ عربی زبان کی مختلف قوامیس میں شامل کیے گئے مادوں کی تعداد:

صحاح جوہری (متوفی ۳۴۳ھ)	**چالیس ہزار**
قاموس فیروز آبادی	**ساٹھ ہزار**
لسان العرب (ابن منظور افریقی)	**اسی ہزار**
تاج العروس (سید مرتضیٰ زبیدی)	**ایک لاکھ بیس ہزار**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب کہ عربی زبان کے ان ہزاروں مادوں کے مقابلے میں قرآن حکیم میں امام راغب اصفہانی کی مفردات القرآن کے مطابق ۱۶۷۱ (ایک ہزار چھ سو اکہتر) مادے استعمال ہوئے ہیں۔ جو مندرجہ بالا قوامیس میں مادوں کی اوسط تعداد کا دو فی صد سے بھی کم ہیں۔ یاد رہے کہ ان ۱۶۷۱ مادوں میں دو تین سو ایسے مادے ہیں جن سے بننے والے الفاظ اردو زبان میں عربی زبان کے معانی ہی میں استعمال ہوتے ہیں۔ ان مادوں سے بننے والے الفاظ کا قرآن مجید میں مذکور الفاظ کے ساتھ موازنہ اس طرح ہے:

عربی زبان کے اوسطاً ۷۵،۰۰۰ (پچھتر ہزار) لغوی مادوں سے نکلنے والے الفاظ کی تعداد (تقریباً) ۷۵،۰۰،۰۰۰ (پچھتر لاکھ) کے قریب ہے جبکہ قرآن حکیم کے ۱۶۷۱ (ایک ہزار چھ سو اکہتر) لغوی مادوں سے نکلنے والے الفاظ کی تعداد (قاموس القرآن از قاضی زین العابدین) صرف ۸۶۱۵ (آٹھ ہزار چھ سو پندرہ) ہے۔ یاد رہے کہ یہی الفاظ قرآن حکیم میں بار بار استعمال ہو کر ۷۷۸۴۵ کی تعداد تک جا پہنچتے ہیں۔ مندرجہ بالا اعداد و شمار سے ظاہر ہوا کہ ذخیرہ الفاظ کے پہلو سے عربی زبان کے ذخیرہ الفاظ کے بالمقابل قرآنی زبان کا ذخیرہ الفاظ نہایت ہی محدود ہے۔

اب جہاں تک ان الفاظ کو بامعنی کلام کے لیے آپس میں جوڑنے کا تعلق ہے جسے زبان کے قواعد کہا جاتا ہے۔ تو ان قواعد کے بنیادی اسباق کی تعداد چالیس پچاس اسباق سے زیادہ نہیں۔ ہاں جہاں ان قواعد کی باریکیوں کو جاننے کا تعلق ہے تو ظاہر ہے کہ اس کے لیے ایک عمر چاہئے۔ اسباق کی اس تعداد سے تو اختلاف کیا جا سکتا ہے۔ لیکن بنیادی استعداد کے لیے ان اسباق سے ضروری قواعد سیکھے جا سکتے ہیں۔ ان اعداد و شمار کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر اردو زبان کا ایک پڑھا لکھا فرد روزانہ اس کام کے لیے صرف دو گھنٹے بھی وقف کر دے تو امید کی جا سکتی ہے کہ وہ تقریباً آٹھ نو ماہ کی مدت میں قرآن حکیم کو بلا واسطہ طور پر سمجھنا شروع کر دے گا۔

چنانچہ مندرجہ بالا ہدف کو سامنے رکھتے ہوئے زیر نظر مجموعہ اسباق مرتب کیا گیا ہے۔ جس کی مختصر تفصیل حسب ذیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۔ ذخیرہ الفاظ:

اسباق کی مشقوں کے لیے اسماء، افعال اور حروف کے ایسے مادوں کا انتخاب کیا گیا ہے جن کی تکرار قرآن حکیم میں بہت زیادہ ہے۔ ان کی کل تعداد تقریباً ۴۳۰ ہے۔ جبکہ یہ ۴۳۰ مادے قرآن حکیم میں اپنی مختلف شکلوں میں الفاظ کی صورت میں ڈھل کر ۶۳۴۳۰ مرتبہ استعمال ہوئے ہیں۔ جو کہ قرآن حکیم کے کل الفاظ یعنی ۷۷۸۴۵ کا تقریباً ۸۰ فی صد بنتے ہیں۔ ذخیرہ الفاظ کی فہرستوں میں ہر قرآنی لفظ کے سامنے اس لفظ کے مادے کی قرآن حکیم میں تکرار لکھ دی گئی ہے۔

۲۔ قواعد صرف ونحو:

ا۔ کلمہ اور اس کی اقسام، اسم بلحاظ حالت، اسم بلحاظ وسعت، اسم بلحاظ جنس، اسم بلحاظ عدد، جملہ اسمیہ، مرکبات ناقصہ، مختلف حروف عاملہ اور غیر عاملہ۔

ب۔ فعل اور اس کی اقسام اور ان کی تعریف، افعال ثلاثی مجرد کی ہفت اقسام کا بیان، تغیرات مضارع، منصوبات، توابع، مشتقات۔

ج۔ افعال ثلاثی مزید فی کے صرف آٹھ ابواب۔

۳۔ مکمل نماز اور سورۃ بقرۃ کی کچھ ابتدائی آیات کی صرفی نحوی اور لغوی تحلیل۔

۴۔ مختلف اسباق سے متعلق مشقوں کے لیے قرآن حکیم سے تقریباً ۶۵۰ جملوں یا آیات کا انتخاب۔ ان جملوں یا آیات کے ساتھ قرآن حکیم سے ان کے حوالے بھی دیے گئے ہیں تا کہ ان کا ترجمہ کسی مترجم قرآن سے سیاق وسباق کے ساتھ دیکھ لیا جائے۔

۵۔ مختلف اسباق سے متعلق مشقوں کا ترجمہ کتاب کے آخر میں دے دیا گیا ہے۔

۶۔ صرف کبیر کے ایسے چارٹ مہیا کر دیے گئے ہیں جن کی مدد سے ثلاثی مجرد کے ہر فعل کی آسانی کے ساتھ تصریف کی جا سکتی ہے۔

قرآن حکیم کے ساتھ بلاواسطہ معنوی تعلق پیدا کرنے کے لیے یہ ایک طالب علمانہ کوشش ہے۔ صاحب علم حضرات اور اس علم کے طریقہ تعلیم کے ماہرین کی خدمت میں مودبانہ گزارش

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے کہ وہ اپنا کچھ وقت نکال کر اس کوشش کو فنی لحاظ سے آگے بڑھائیں تاکہ ایک عام آدمی بھی کم سے کم مدت میں تلاوت کا پورا پورا حق ادا کرنے کے قابل ہو سکے۔

ناسپاسی ہوگی اگر میں شکریہ ادا نہ کروں جناب عظیم الدین صاحب کا جنھوں نے مردوں میں اور ان کی اہلیہ محترمہ ڈاکٹر واصفہ صاحبہ کا جنھوں نے عورتوں میں قرآنی علم کا یہ چراغ شہر ریاض میں روشن کیا جس سے اب کئی چراغ روشن ہوتے جا رہے ہیں، جناب سمیع مفتی صاحب کا جنہوں نے ہر مرحلے میں میری حوصلہ افزائی کی، جناب وقار عظیم ندوی صاحب کا جنہوں نے کمال شفقت اور خلوص سے اس کام پر نظر ثانی فرما کر اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا، جناب محمد اسحاق اسماعیل صاحب کا جن کی پر خلوص، انتھک و فنکارانہ محنت کے نتیجہ میں یہ کتاب کمپیوٹر کے حسن طباعت سے آراستہ ہو سکی اور ان سب دوستوں کا جنہوں نے مجھے اس کام کی تکمیل کے لیے کبھی اکیلا نہ ہونے دیا اور قدم قدم پر مدد فرمائی۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ ان بھائیوں کو اس نیک کام کا اجر عطا فرمائے۔ آمین۔

اللہ تعالی کی بارگاہ میں عرض گذار ہوں کہ قرآن فہمی کے لیے چھوٹی سی اس خدمت کو قبول فرماتے ہوئے اسے میرے والدین کی مغفرت کا ذریعہ بنا دے جن کی دین سے محبت، اس کے والہانہ اظہار اور نیک تربیت سے میرے لیے ممکن ہوا کہ میں اپنے مسلمان بھائیوں اور بہنوں کے لیے یہ چھوٹی سی خدمت کرنے کے قابل ہوا۔ اپنے ملک پاکستان کے ایک عالم جناب جاوید احمد صاحب غامدی کے اس قول پر اپنی گزارش ختم کرتا ہوں کہ "قرآن حکیم علماء کے لیے ایک مشکل ترین کتاب ہے جبکہ عام آدمی کے لیے دنیا کی آسان ترین کتاب ہے"۔ وما توفیقی الا باللہ

سید اعجاز حیدر
معین الدین پور، گجرات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعارف

قرآن حکیم کے تمام الفاظ کو جنہیں قواعد کی رو سے **کلمات** کہا جاتا ہے، عربی زبان کے قواعد کے تحت تین اقسام میں تقسیم کیے جاسکتے ہیں۔ ان تین قسموں کے نام **اسم**، **فعل** اور **حرف** ہیں۔ یعنی قرآن حکیم کا کوئی بھی لفظ اس تقسیم کے لحاظ سے یا تو **اسم** ہوگا یا **فعل** اور یا پھر **حرف**۔ یہ کلمات کچھ خاص قواعد کے تحت آپس میں مل کر مرکبات اور جملے بنتے ہیں۔ پھر ایک جملہ یا چند جملے مل کر ایک آیت کہلاتی ہے۔ اور انہی آیات کا مجموعہ ہمارے پاس قرآن حکیم کی شکل میں موجود ہے۔

ہم عموماً ایک جملہ ادا کرتے ہیں **اَللّٰہُ اَکْبَرُ** یعنی اللہ سب سے بڑا ہے۔ اس جملہ میں دو اسم یعنی **اَللّٰہُ** اور **اَکْبَرُ** استعمال ہوئے ہیں۔ اب اگر اس جملہ کی ترتیب بدل دی جائے یعنی **اَکْبَرُ اللہ** ادا کیا جائے تو یا تو یہ جملہ ہی غلط ہو جائے گا یا پھر اس کا وہ مفہوم نہیں رہے گا جو **اَللّٰہُ اَکْبَر** کا ہے۔ چنانچہ مفہوم کی ادائیگی کے لیے کچھ خاص قواعد درکار ہوتے ہیں۔ اس لیے الفاظ کے انفرادی معانی کے ساتھ ساتھ ان قواعد کو بھی جاننا ضروری ہے۔ جن کی مدد سے الفاظ کوئی خاص مفہوم ادا کرنے کے لیے جوڑے جاتے ہیں۔ چنانچہ ان قواعد کا علم جس سے الفاظ کو آپس میں جوڑا جاتا ہے، اسے **علم نحو** کہا جاتا ہے۔

مندرجہ بالا جملہ میں ایک لفظ **اَکْبَرُ** (سب سے بڑا) استعمال ہوا ہے۔ اس سے ملتے جلتے الفاظ **کَبِیْرٌ** (بہت بڑا) **تَکْبِیْرٌ** (بڑا کرنا)، **کَبُرَ** (بڑا ہوا) **کَبِیْرَۃٌ** (بڑا گناہ) **مُکَبِّرٌ** (بڑائی کرنے والا) وغیرہ ہیں۔ جہاں ان سب الفاظ کے معانی میں کسی نہ کسی شکل میں بڑائی کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنصر موجود ہے وہاں ان سب الفاظ میں حروف ﴿ک ب ر﴾ بھی شامل ہیں۔ چنانچہ ان حروف کو ان الفاظ کا مادہ کہا جاتا ہے۔ عربی زبان میں یہ ایک بہت بڑی خوبی ہے کہ اس کے ہر لفظ کا ایک تین حرفی مادہ ہوتا ہے۔ اور اس تین حرفی مادے سے قواعد کے تحت بہت سے الفاظ بنائے جاتے ہیں۔ چنانچہ ان قواعد کا علم جس سے کسی مادے سے مزید الفاظ نکالے جاتے ہیں اسے **علم صرف** کہا جاتا ہے۔

الفاظ کے انفرادی معنی کے ساتھ ساتھ ان قواعد کو بھی جاننا ضروری ہے جن سے مختلف الفاظ بامعنی کلام کے لیے آپس میں جوڑے جاتے ہیں۔ یعنی **علم نحو**، نیز اس علم کو بھی جاننا ضروری ہے جن سے کسی مادے سے مختلف الفاظ نکالے جاتے ہیں، یعنی **علم صرف**۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الاول

کلمہ اور اس کی اقسام

(Parts of Speech)

عربی زبان میں ہر با معنی لفظ کو کلمہ کہا جاتا ہے۔اس لیے قرآن حکیم کا ہر لفظ قواعد کی رو سے ایک کلمہ ہے۔ چنانچہ قرآن کے سب الفاظ یعنی کلمات کو عربی زبان کے قواعد کے تحت تین اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔وہ تین اقسام، **اسم**، **فعل** اور **حرف** ہیں۔یعنی قرآن کا کوئی بھی لفظ یا تو اسم ہوگا، یا فعل اور یا پھر حرف۔ **اسم** ، **فعل** اور **حرف** کی تعریف حسب ذیل ہے۔

اسم : (Noun) کسی شئی یا کسی ذات کے نام کو اسم کہتے ہیں۔ جیسے **بَابٌ** (دروازہ) **خَالِدٌ** (نام)

فِعل : (Verb) جس کلمہ میں کرنے یا ہونے کے معنی پائے جائیں اور تینوں زمانوں یعنی ماضی، حال اور مستقبل میں سے کوئی زمانہ پایا جائے اسے فعل کہتے ہیں۔ جیسے **ضَرَبَ** (اس نے مارا)

حرف : (Particle) حرف وہ کلمہ ہے جو اسم یا فعل کے ساتھ مل کر اپنا پورا معنی ادا کردے۔ مثلاً **بِسمِ اللّٰهِ** (اللہ کے نام سے) میں **بِ** حرف ہے جو اسم **اللّٰهِ** کے ساتھ مل کر اپنا پورا معنی ادا کر رہا ہے۔ **لَن نَصْبِرَ** (ہم ہرگز صبر نہیں کریں گے) میں **لَنْ** حرف ہے جو فعل **نَصْبِرَ** کے ساتھ مل کر اپنے معنی پورے کر رہا ہے۔

مشق : سورۃ الفلق اور سورۃ الناس میں سے اسماء، حروف اور افعال کی نشان دہی کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الاسماء من القرآن

اسم	معنی	قرآن میں تکرار
اَللّٰه	اسم جلالت	۲۶۹۷
رَبٌّ ج اَرْبَاب	پروردگار	۱۰۱۱
آيَة ج آيَات	نشانی	۳۸۱
عَذَاب	سزا، سخت تکلیف	۳۲۳
رَسُول ج رُسُل	بھیجا ہوا	۳۱۷
كِتَاب ج كُتُب	کتاب، حکم	۲۶۳
شَيْءٌ ج اَشْيَاء	چیز	۲۷۷
بَيْنَ	درمیان	۲۷۰
اَهْل	رشتہ دار، پیروکار	۱۲۶
قَبْل	پہلا، سامنا	۲۴۱
اِبْن ج اَبْنَاء	بیٹا	۱۷۸
وَلَد ج اَوْلَاد	لڑکا	۵۶
أَبٌ ج آبَاء	باپ	۱۲۵
سَبِيل	راستہ	۱۶۳
دِيْن ج أَدْيَان	مذہب	۹۱
إِمْرَأَة ج نِسَاء نِسْوَة	عورت	۵۹
رَجُلٌ ج رِجَال	مرد	۵۰

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَبْد ج عِبَاد	بندہ	۱۲۴
وَجْه ج وُجُوه	چہرہ	۷۳
بَيْت ج بُيُوت	گھر	۶۸

الاسماء من القرآن

اسم	معنی	قرآن میں تکرار
نَبِي ج اَنْبِيَاء	نبی	۷۹
اَلْصَّلَاة ج اَلصَّلَوَات	نماز	۸۳
مَلَك ج مَلَائِكَة	فرشتہ	۸۵
زَوْج ج اَزْوَاج	جوڑے میں سے ایک	۷۵
جَبَل ج جِبَال	پہاڑ	۵۴۱
عَلِيْم	دائمی علم والا	۱۱۸
غَفُور، غَفَّار	بہت زیادہ بخشنے والا	۹۵
بَيِّنَةٌ ج بَيِّنَات	واضح	۱۹۵
أَلِيْم	دردناک	۷۱
أَمِيْن	دیانت دار	۱۴
حَكِيْم	حکمت والا	۳۱
قَدِيْر	بہت زیادہ قدرت والا	۶۵
قَلْب ج قُلُوب	دل	۱۰۲
تَقْوىٰ	پرہیزگاری	۱۵

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طَعَام	کھانا	۴۵
صَالِح	نیک	۱۳۶
صَادِق	سچا	
غَنِي ج اَغْنِيَاء	بے نیاز، مالدار	۲۴
سَوَاء	سیدھا/برابر	۳۶
مُفْلِح	کامیاب	۱۳

الاسماء من القرآن

اسم	معنی	قرآن میں تکرار
طَيِّب	پاک	۴۶
فَاسِق	بدکار	۳۷
رَشِيْد	ہدایت یافتہ	۴
مَعْرُوف	مشہور	۴۰
كَبِيْر	بڑا	۸۳
بَشِيْر مُبَشِّر	خوشخبری دینے والا	۱۸
قَائِم	قائم ہونے والا	۱۵
نَذِيْر	ڈرانے والا	۴۲
مُطَهَّر	پاک	۹
اُخْرىٰ	دوسری	۳۳
مُتَّقِي	پرہیزگار	۴۹

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُهْتَدِی	ہدایت پانے والا	۲۱
هُدًی	ہدایت	۷۹
جُنَاح	گناہ، حرج، تنگی	۲۵
إِلٰه ج آلِهَة	معبود	۱۴۷
رَيْب	شک	۱۹
وَهَّاب	بہت زیادہ دینے والا	۳

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثانی

اسم

(Noun)

کسی شے یا ذات کے نام کو اسم کہتے ہیں۔ جیسے: **بَابٌ** (دروازہ) **مُحَمَّدٌ** (نام) **اَلْكِتَابُ** (خاص کتاب)۔

☆ یہ اپنے معنی بتانے میں کسی دوسرے کلمہ کا محتاج نہیں ہوتا۔

☆ اس میں کوئی زمانہ نہیں پایا جاتا۔

☆ اس کے آخر میں عموماً تنوین (یعنی دو زبر، دو زیر یا دو پیش) ہوتی ہے یا اس کے شروع میں لام تعریف (**اَلْ**) ہوتا ہے۔ جیسے: **رَجُلٌ** (کوئی آدمی) **اَلْكِتَابُ** (کتاب)

☆ اسم کبھی مجزوم نہیں ہوتا۔

اس کے علاوہ ایسا لفظ یا کلمہ بھی اسم ہی ہوتا ہے جس میں کوئی کام کرنے کا مفہوم تو ہو لیکن اس کے معنی میں زمانہ نہ پایا جائے۔ جیسے: **ضَرْبًا** (مارنا) **شُرْبًا** (پینا)

اسم کے درست استعمال کے لیے ہر زبان میں عموماً اور عربی زبان میں خصوصاً اس کا چار پہلوؤں سے جائزہ لے کر اسے قواعد کے مطابق استعمال کرنا ضروری ہوتا ہے۔ وہ پہلو یہ ہیں:

۱۔ **اسم بلحاظ حالت** (Case of Noun)

۲۔ **اسم بلحاظ وسعت** (Kinds of Noun)

۳۔ **اسم بلحاظ عدد** (Numerical Noun)

۴۔ **اسم بلحاظ جنس** (Gender of Noun)

اسم کے مندرجہ بالا چار پہلوؤں کے متعلق قواعد اور ان کی تشریح آئندہ اسباق میں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثالث

اسم بلحاظ حالت-۱

(Case of Noun)

کسی بھی زبان میں جب کوئی اسم گفتگو یا تحریر میں استعمال کیا جاتا ہے تو وہ اپنے استعمال کے لحاظ سے کسی نہ کسی حالت میں ہوتا ہے۔ جسے عربی زبان میں اعرابی حالت کہتے ہیں۔ ان حالتوں کو ظاہر کرنے کے لیے ہر زبان میں اپنے اپنے ذرائع ہوتے ہیں مثلاً اردو زبان میں ان حالتوں کو ظاہر کرنے کے لیے ﴿نے، کو، کا، کے، کی، اور ہے﴾ وغیرہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جبکہ عربی زبان میں ان حالتوں کو اسم کے آخری حرف پر پیش، زبر اور زیر تینوں میں سے ایک حرکت (جنہیں عربی میں بالترتیب رفع، نصب اور جر کہتے ہیں) دے کر ظاہر کیا جاتا ہے۔ ان حالتوں کو رفعی، نصبی اور جری حالتیں کہا جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل مثالوں سے یہ فرق بخوبی سمجھا جا سکتا ہے۔

۱۔ اردو زبان میں جب کوئی اسم بحیثیت فاعل (جس سے کوئی کام واقع ہو) استعمال ہوتا ہے تو اس اسم کی اس حالت کو لفظ ﴿نے﴾ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اور مفعول (جس پر فعل سرزد ہو) کو لفظ ﴿کو﴾ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ جیسے **احمد نے ابراہیم کو مارا**۔ اس جملہ میں احمد فاعل ہے اور اسکی فاعلی حالت کو لفظ ﴿نے﴾ سے ظاہر کیا گیا ہے اور ابراہیم مفعول ہے اور اسکی مفعولی حالت کو لفظ ﴿کو﴾ سے ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر اس جملہ کو یوں کہا جائے کہ **ابراہیم نے احمد کو مارا** تو ابراہیم فاعل ہو جائے گا اور احمد مفعول۔ یعنی ان کی حالتیں تبدیل ہو جائیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گی۔ جبکہ یہ اسم وہی ہیں۔ عربی زبان میں کسی اسم کی فاعلی حالت کو اسکے آخری حرف پر پیش دے کر، مفعولی حالت کو اسکے آخری حرف پر زبر دے کر ظاہر کیا جاتا ہے۔ جیسے: ضَرَبَ اَحْمَدُ اِبْرَاهِيْمَ (احمد نے ابراہیم کو مارا) اس جملہ میں ضرب فعل ہے اور اَحْمَدُ فاعل ہے جسکی فاعلی حیثیت کو اسکے آخری حرف ﴿د﴾ پر پیش دے کر ظاہر کیا گیا ہے اور اِبْرَاهِيْمَ مفعول ہے جسکی مفعولی حالت کو اس کے آخری حرف ﴿م﴾ پر زبر دے کر ظاہر کیا گیا ہے۔ یعنی احمد رفعی حالت میں ہے جبکہ اِبْرَاهِيْمَ نصبی حالت میں۔

۲۔ اردو زبان میں جب کسی اسم کے متعلق کوئی خبر دی جاتی ہے تو لفظ ﴿ہے﴾ کے ذریعہ اس اسم (جسے مبتدا کہا جاتا ہے) اور خبر کی حالت ظاہر کی جاتی ہے۔ جیسے: "اللہ سب سے بڑا ہے" میں سب سے بڑا خبر ہے۔ اور آخری "ہے" کے ذریعہ مبتدا اور خبر کی حالت ظاہر کی گئی ہے۔ جبکہ عربی زبان میں مبتدا اور خبر اپنے آخری حروف پر پیش کے ذریعے پہچانے جاتے ہیں۔ جیسے اَللّٰهُ اَكْبَرُ میں اَللّٰهُ مبتدا ہے اس لیے اپنے آخری حرف پر پیش کے ذریعے رفعی حالت میں ہے اور اَكْبَرُ خبر ہے اور یہ بھی اپنے آخری حرف پر پیش کے ذریعے رفعی حالت میں ہے۔ مبتدا اور خبر کی تفصیل آئندہ اسباق میں ہے۔

۳۔ کبھی اردو زبان میں کسی اسم کی ملکیت کوئی دوسرا اسم ہوتا ہے تو ملکیت والے اسم کے بعد ﴿کا، کے، کی﴾ لا کر اس کی ملکیتی حالت کو ظاہر کیا جاتا ہے۔ جیسے اللہ کا گھر۔ اللہ کی کتاب، اللہ کے بندے۔ جب کہ عربی زبان میں ملکیت والے اسم کو ملکیت کے بعد لا کر اس کے آخری حرف کے نیچے زیر دے کر اس کی ملکیتی حالت کو ظاہر کی جاتی ہے۔ جیسے: بَيْتُ اللّٰهِ میں ملکیت والے اسم یعنی اللہ کو ملکیت یعنی بیت سے مؤخر کر کے اس کے آخری حرف کے نیچے زیر کے ذریعے جری حالت میں کر دیا گیا ہے۔

بعض اسموں کی اعرابی حالتیں بجائے زیر، زبر اور پیش کے، حروف ﴿و، ا، ی﴾ سے ظاہر کی جاتی ہیں۔ جن میں ﴿و، ا﴾ رفعی حالت کے لیے اور ﴿ی﴾ نصبی اور جری حالت کے لیے ہوتی ہے۔ جیسے: مُسْلِمُوْنَ میں ﴿و﴾، اور مُسْلِمَانِ میں ﴿الف﴾ رفعی حالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے لیے، مُسْلِمَیْنِ اور مُسْلِمِیْنَ میں ﴿ی﴾ جری یا نصبی حالت کے لیے ہے۔

مندرجہ بالا بیان سے ظاہر ہوا کہ عربی زبان میں کسی اسم کے آخری حرف پر کوئی بھی حرکت صرف یہ ظاہر کرتی ہے کہ وہ اسم کسی کلام میں استعمال ہوتے وقت کس حالت میں ہے۔ اور اس حرکت کی وجہ سے اسم کے اپنی معنی پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ جب کہ آخری حرف سے پہلے کے حروف پر حرکات اس لفظ کی شکل بناتی ہیں۔ اور اس کے معانی پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ جیسے حِلْمٌ (بردباری) حُلْمٌ (خواب)۔

اس سبق کی مزید وضاحت اسم بلحاظ حالت ۲ میں دیکھیے۔

مشق نمبر ۱

سورۃ اللھب اور سورۃ الاخلاص میں سے اسماء کی نشان دہی کریں اور ان کی اعرابی حالت بتائیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الرابع

اسم بلحاظ وسعت

(Kinds of Noun)

اسم کی دواقسام ہیں۔اسم نکرہ اوراسم معرفہ۔

اسم نکرہ (Indefinite Noun) :

وہ اسم ہے جو کسی عام چیز،جگہ یا نام کے لیے بولا جاتا ہے۔جیسے: رَجُلٌ (ایک یا کوئی آدمی) بَیتٌ (ایک یا کوئی گھر)

پہچان: اسم نکرہ کے آخری حرف پر عموماً تنوین (دو زبر،دو زیر یا دو پیش) آتی ہے اسے حرف تنکیر کہا جاتا ہے اور جس کا ترجمہ کوئی یا کچھ یا ایک کیا جاتا ہے۔

نوٹ: بعض اوقات کسی خاص نام پر بھی تنوین آتی ہے۔جیسے: مُحَمَّدٌ ایسی صورت میں اس تنوین کو حرف تنکیر نہیں سمجھا جاتا۔

اسم نکرہ کی دو اقسام ہیں: اسم ذات اور اسم صفت۔

۱۔ اسم ذات (Concrete Noun):

وہ اسم ہے جو کسی جاندار یا بے جان کی ذات کا نام ہو۔جیسے: رَجُلٌ (آدمی) بَابٌ (دروازہ)، تُرَابٌ (مٹی)

۲۔ اسم صفت (Adjective) :

وہ اسم ہے جو کسی کا وصف یعنی خوبی یا خامی بیان کرے۔جیسے: جَمِیْلٌ (خوبصورت)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صَادِقٌ (سچا)، صَالِحٌ (نیک) كَاذِبٌ (جھوٹا)

اسم معرفه (Definite Noun):

وہ اسم ہے جو کسی خاص چیز، خاص نام یا کسی خاص جگہ کے لیے استعمال ہو۔ جیسے: اَلْبَیْتُ (خاص گھر)، خَالِدٌ (خاص نام) بَغْدَادُ (خاص جگہ کا نام)

اسم معرفہ کی سات اقسام ہیں: **اسم علم، اسم معرف باللام، اسم ضمیر، اسم موصول، اسم اشارہ، مضاف الی المعرفه، اسم منادیٰ۔**

ان اسماء کی تعریف حسب ذیل ہے:۔

۱۔ اسم عَلَم (Proper Name):

وہ اسم جو خاص نام ہو۔ جیسے: حَامِد، بَشِیر، لَاهور وغیرہ۔

۲۔ اسم مُعَرَّف باللام (Noun with Definite Article):

وہ اسم جس پر الف لام (اَل) تعریف داخل ہو۔ اسم معرفہ کی یہ قسم عموماً، اسم نکرہ کو اسم معرفہ بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ جیسے: بَیتٌ سے اَلبَیتُ

۳۔ اسم ضمیر (Personal Pronoun):

وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کی نمائندگی کرے۔ جیسے: هُـوَ (وہ) هٗ (اس کو یا اس کا) وغیرہ۔

۴۔ اسم موصول (Relative Pronoun):

وہ اسم جو اگلے یا پچھلے کلام کو آپس میں جوڑے۔ جیسے: اَلَّذِی (جو) مَـا (جو) مَـن (جو) وغیرہ۔

۵۔ اسم اشاره (Demonstrative Pronoun):

وہ اسم جس کے معنی میں اشارہ پایا جائے۔ جیسے: هٰذَا (یہ) ذٰلِكَ (وہ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٦۔ اسم مضاف الی المعرفة:

وہ اسم جس کی نسبت اضافت کسی اسم معرفة کے ساتھ ہو۔ جیسے: بَيتُ اللّٰهِ (اللہ کا گھر) میں بَيتُ۔

۷۔ اسم منادیٰ:

وہ اسم جو پکارا جائے۔ جیسے: يا رَجُلُ (اے آدمی)۔ اگر اسم منادیٰ مضاف ہو تو منصوب ہوگا۔ جیسے: يا عَبدَاللّٰهِ میں عَبدَ۔ ورنہ مرفوع ہوگا۔ اور عموماً اس پر نہ تو تنوین ہوگی اور نہ ہی اَل تعریف۔

اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو يا کے بعد مذکر کے لیے اَيُّها اور مؤنث کے لیے اَيَّتُها کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ جیسے: يا اَيُّها النَّاسُ اور يا اَيَّتُها الْمُؤمِنَاتُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الخامس

معرف باللام

(Noun with Definite Article)

جب کسی اسم نکرہ کو اسم معرفہ بنانا مطلوب ہو تو اس پر **اَلْ** جسے الف لام تعریف کہتے ہیں داخل کر کے اس اسم پر تنوین کو ساقط کر دیا جاتا ہے۔ اسم کی اس قسم کو **معرف باللام** کہتے ہیں۔
جیسے **رَبٌّ** سے **اَلرَّبُّ**، **صَادِقٌ** سے **اَلصَّادِقُ**۔

۱۔ معرف باللام کے ماقبل یعنی جو لفظ یا حرف پہلے ہو کو **اَلْ** کے لام کے ساتھ ملا کر پڑھنا چاہیے۔ اس وقت **اَلْ** کا الف جسے ہمزۃ الوصل کہتے ہیں، تلفظ سے ساقط ہو جائے گا، جیسے:
ذٰلِكَ الْكِتَابُ یا **بِالْغَيْبِ**۔

۲۔ لام تعریف سے ماقبل اگر حرف ساکن ہو تو اسے زیر دے کر پڑھیں گے۔ جیسے: **قَالَتِ الْيَهُوْدُ** (یہودیوں نے کہا)۔

۳۔ لیکن لام تعریف کے ماقبل، اگر **مِنْ** ہو تو اس کے نون کو زبر دے کر لام سے ملائیں گے۔
جیسے **مِنَ اللّٰهِ**۔

۴۔ **كُمْ** اور **هُمْ** کے میم کو پیش دے کر ملائیں گے۔ جیسے: **هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ**۔

۵۔ **ال** جب ایسے لفظ پر داخل ہو، جس کا پہلا حرف شمسی ہو تو **ال** کا لام حرف شمسی میں مدغم ہو جائے گا۔ جیسے: **اَلشَّمْسُ** ، **اَلرَّجُلُ**۔

حروف شمسیہ، ت، ث، د، ذ، ر، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ل اور ن ہیں، ان کے سوا باقی سب حروف قمریہ ہیں۔

٦۔ تنوین والے لفظ کے بعد اگر الف لام تعریف والا اسم ہو تو تنوین کے نون کو زیر دے کر لام کے ساتھ پڑھیں گے۔ جیسے: **آتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ**۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس السادس

اسم ضمیر

(Personal Pronoun)

اسم کی یہ قسم ہمیشہ کسی دوسرے اسم کی نمائندگی کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ جیسے: خالد نے گھر کا دروازہ کھولا پھر وہ اس میں داخل ہوا۔ اس جملہ میں ''وہ'' ضمیر ہے جو خالد کی نمائندگی کر رہی ہے اور ''اس'' بھی ضمیر ہے جو گھر کی نمائندگی کر رہی ہے۔

اسم ضمیر کی دو اقسام ہیں: **اسم ضمیر منفصل** اور **اسم ضمیر متصل**۔ (دونوں قسم کی ضمیریں مبنی ہوتی ہیں اس لیے ان کا آخر جری، نصبی یا رفعی حالت میں ہونے سے تبدیل نہیں ہوتا)

۱۔ ضمیر مُنْفَصِل:

یہ ایک مستقل کلمہ ہے اور اپنا علیحدہ وجود رکھتا ہے۔ جیسے **هُوَ** (وہ) **أَنتَ** (تو) وغیرہ۔
یہ ضمیر ہمیشہ اپنی رفعی حالت میں استعمال ہوتی ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل صیغے ہوتے ہیں:

ضمائر منفصله (مرفوعه)

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	هُوَ (وہ) He	هُمَا (وہ دو) They	هُمْ (وہ سب) They
	مؤنث	هِيَ She	هُمَا They	هُنَّ They

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاضر	مذکر	أَنتَ (تو) You	أَنتُمَا (تم دو) You	أَنتُمْ (تم سب) You
	مؤنث	أَنْتِ You	أَنْتُمَا You	أَنْتُنَّ You
متکلم	مذکر/ مؤنث	أَنَا (میں) I	نَحنُ (ہم دو) We	نَحنُ (ہم سب) We

نوٹ: قرآن حکیم میں ان ضمائر کی تکرار ۱۳۵۹ بار ہے۔

۲ ضمیر مُتَّصِل:

ا۔ یہ مستقل کلمہ نہیں ہے۔ بلکہ یہ ضمیر فعل، اسم یا حرف کے ساتھ جوڑ کر استعمال کی جاتی ہے۔

ب۔ یہ ضمیر بھی مبنی ہوتی ہے۔

ج۔ جب یہ ضمیر کسی اسم کے ساتھ مل کر آتی ہے تو نہ تو اس اسم پر تنوین آتی ہے اور نہ ہی ال تعریف داخل ہوتا ہے۔ اس صورت میں یہ ضمیر جری حالت میں شمار ہوتی ہے۔

د۔ جب یہ ضمیر کسی فعل کے ساتھ مل کر آتی ہے۔ تو نصبی حالت میں شمار میں ہوتی ہے۔

ہ۔ حرف جار کے ساتھ مل کر جری حالت میں اور حروف ناصبہ کے ساتھ مل کر نصبی حالت میں ہوتی ہے۔

و۔ ضمائر ہٗ ، ھُمَا، ھُمْ ، اور ھُنَّ سے پہلے اگر کوئی حرف مکسور ہو یا ﴿ی﴾ ہو تو ان کی ﴿ہ﴾ پر پیش پڑھنے کے بجائے زیر پڑھی جاتی ہے۔ جیسے بِہٖ (اس کے ساتھ) عَلَیْهِمْ (ان پر)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضمائر مُتَّصِلَة (مَنْصُوبَة و مَجْرُورَة)

		واحد	تثنی	جمع
غائب	مذکر	هُ (اس کو/اس کا) His / Him	هُمَا (ان دو کو/ان دو کا) Their / Them	هُمْ (ان کو/ان کا) Their / Them
	مؤنث	هَا Her / Him	هُمَا Their / Them	هُنَّ Their / Them
حاضر	مذکر	كَ (تجھ کو/تیرا) Your / You	كُمَا (تم دونوں کو/تم دونوں کا) Your / You	كُمْ (تم سب کو/تم سب کا) Your / You
	مؤنث	كِ	كُمَا	كُنَّ
متکلم	مذکر/مؤنث	ي (مجھ کو/میرا) My / Me	نَا (ہم دونوں کو/ہم دونوں کا) Our / Us	نَا (ہم کو/ہمارا) Our / Us

نوٹ ۱: قرآن حکیم میں مختلف ضمائر متصلہ اسماء کے ساتھ مل کر ۵۰۳۸ دفعہ، مختلف افعال کے ساتھ مل کر ۳۳۰۶ دفعہ، حروف جار کے ساتھ مل کر ۳۹۹۱ دفعہ اور حروف ناصبہ کے ساتھ مل کر ۸۵۶ دفعہ استعمال ہوئی ہیں جس کا مجموعہ ۱۳۱۹۱ ہے۔ چنانچہ قرآن حکیم میں ان ضمائر کی اس تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے ان ضمائر کا استعمال اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔

نوٹ ۲:

۱۔ ضمیر ي کے ساتھ جب فعل جوڑا جاتا ہے تو فعل اور ي کے درمیان ایک نون مکسورۃ کا اضافہ کیا جاتا ہے تاکہ فعل کے آخری حرف کے اعراب متاثر نہ ہوں۔ اس نون کو **نون وقایة** کہا جاتا ہے۔ مثلاً **جَعَلَنِي** (اس نے مجھے بنایا)

۲۔ اسم کے ساتھ ضمیر متصل جڑ کر آئے تو وہ اپنی جری حالت میں ہوتی ہے جبکہ فعل کے ساتھ نصبی حالت میں ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرف، اسم اور فعل کے ساتھ مل کر ضمائر متصلہ کا استعمال

ضمائر	حرف کے ساتھ مل کر		اسم کے ساتھ مل کر		فعل کے ساتھ مل کر	
متصلة	مثال	معانی	مثال	معانی	مثال	معانی
ہٗ	عَنْهُ	اس سے	بَيْتُهُ	اس کا گھر	ضَرَبَهُ	اس نے مارا اس کو
هُمَا	عَنْهُمَا	ان دو سے	بَيْتُهُمَا	ان دونوں کا گھر	ضَرَبَهُمَا	اس نے مارا ان دونوں کو
هُمْ	عَنْهُمْ	ان سب سے	بَيْتُهُمْ	ان سب کا گھر	ضَرَبَهُمْ	اس نے مارا ان سب کو
هَا	عَنْهَا	اس ایک (مؤنث) کا	بَيْتُهَا	اس ایک (مؤنث) کا گھر	ضَرَبَهَا	اس نے مارا اس (مؤنث) کو
هُمَا	عَنْهُمَا	ان دو (مؤنث) سے	بَيْتُهُمَا	ان دو (مؤنث) کا گھر	ضَرَبَهُمَا	اس نے مارا ان دو (مؤنث) کو
هُنَّ	عَنْهُنَّ	ان سب (مؤنث) سے	بَيْتُهُنَّ	ان سب (مؤنث) کا گھر	ضَرَبَهُنَّ	اس نے مارا ان سب (مؤنث) کو
كَ	عَنْكَ	تجھ سے	بَيْتُكَ	تیرا گھر	ضَرَبَكَ	اس نے مارا تجھ کو
كُمَا	عَنْكُمَا	تم دونوں سے	بَيْتُكُمَا	تم دونوں کا گھر	ضَرَبَكُمَا	اس نے مارا تم دونوں کو
كُمْ	عَنْكُمْ	تم سب سے	بَيْتُكُمْ	تم سب کا گھر	ضَرَبَكُمْ	اس نے مارا تم سب کو
كِ	عَنْكِ	تجھ (مؤنث) سے	بَيْتُكِ	تیرا گھر (مؤنث)	ضَرَبَكِ	اس نے مارا تجھ (مؤنث) کو
كُمَا	عَنْكُمَا	تم دونوں (مؤنث) سے	بَيْتُكُمَا	تم دونوں (مؤنث) کا گھر	ضَرَبَكُمَا	اس نے مارا تم دونوں (مؤنث) کو
كُنَّ	عَنْكُنَّ	تم سب (مؤنث) سے	بَيْتُكُنَّ	تم سب (مؤنث) کا گھر	ضَرَبَكُنَّ	اس نے مارا تم سب (مؤنث) کو
ي	عَنِّي	مجھ سے	بَيْتِي	میرا گھر	ضَرَبَنِي	اس نے مارا مجھ کو
نَا	عَنَّا	ہم سے	بَيْتُنَا	ہمارا گھر	ضَرَبَنَا	اس نے مارا ہم کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس السابع

اسم موصول

(Relative Pronoun)

مَا (جو) مَنْ (جو)، اَلَّذِی (جوایک مذکر)۔

۱۔ اسم موصول کے بعد ایک مکمل جملہ لایا جاتا ہے جو کہ اس کا صلہ کہلاتا ہے اور پھر اسم موصول اور اس کا صلہ مل کر ایک بڑے جملے کا حصہ بن جاتے ہیں۔

۲۔ مَنْ عموماً عاقل کے لیے جبکہ مَا عموماً غیر عاقل کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

نوٹ: عربی قواعد کی رو سے انسان، جن اور فرشتوں کے علاوہ سب مخلوق غیر عاقل ہے۔

۳۔ مَا اور مَنْ مذکر مؤنث اور جمع واحد سب کے لیے استعمال ہوتے ہیں جبکہ مذکر مؤنث اور تعداد کی تفریق کے لیے مندرجہ ذیل اسم موصول لائے جاتے ہیں۔

اسماء موصولة

	واحد	مثنیٰ	جمع
مذکر	اَلَّذِیْ	اَللَّذَانِ	اَلَّذِیْنَ
مؤنث	اَلَّتِیْ	اَللَّتَانِ	اَللَّاتِیْ

۴۔ سب اسماء موصولہ سوائے تثنیہ کے صیغہ کے مبنی ہوتے ہیں۔

نوٹ: یاد رہے کہ مَنْ بمعنی 'کون' اور مَا بمعنی 'نہیں' اور 'کیا' کے طور پر بھی استعمال ہوتے ہیں۔ اس وقت یہ دونوں کلمات موصولہ نہیں مانے جاتے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثامن

اسم اشارہ

(Demonstrative Pronoun)

وہ کلمہ جس سے کسی چیز، جگہ وغیرہ کی طرف اشارہ کیا جائے، اسے اسم اشارہ کہتے ہیں اور جس کی طرف اشارہ ہو اسے مشار الیہ کہا جاتا ہے۔ جیسے: ذٰلِكَ الْكِتَابُ (وہ کتاب)، میں ذٰلِكَ اسم اشارہ ہے اور اَلْكِتَابُ مشار الیہ ہے۔ اگر قریب کی کسی شے کی طرف اشارہ ہو تو اسم اشارہ قریب لایا جاتا ہے اور اگر دور کی کسی شے کی طرف اشارہ ہو تو اسم اشارہ بعید لایا جاتا ہے۔

نوٹ: سب اسماء اشارہ سوائے تثنیہ کے صیغے کے مبنی ہوتے ہیں۔

	اسماء اشارہ قریبة			اسماء اشارہ بعیدة		
	واحد	مثنیٰ	جمع	واحد	مثنیٰ	جمع
مذکر	هٰذَا	هٰذَانِ	هٰؤُلَاءِ	ذَاكَ / ذٰلِكَ	ذَانِكَ	أُولٰئِكَ
مؤنث	هٰذِهِ	هَاتَانِ	هٰؤُلَاءِ	تِلْكَ	تَانِكَ	أُولٰئِكَ

☆ اسم اشارہ عموماً پہلے آتا ہے۔ اور مشار الیہ بعد میں لیکن مشار الیہ اگر مضاف ہو تو اسم اشارہ مضاف الیہ کے بعد آئے گا، جیسے: بَابُ الْبَيْتِ هٰذَا (گھر کا یہ دروازہ) اور اگر هٰذَا بَابُ الْبَيْتِ کہیں گے تو ترجمہ ہوگا، یہ گھر کا دروازہ ہے۔

☆ مشار الیہ پر ہمیشہ اَلْ داخل ہوتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو وہ اسم اشارہ نہیں بلکہ مبتدا ہے، جیسے هٰذَا كِتَابٌ میں هٰذَا مبتدا اور كِتَابٌ اس کی خبر ہے۔ اور ترجمہ ہوگا یہ کتاب ہے۔

☆ اسم اشارہ اور مشار الیہ ہمیشہ کسی جملہ کا جزو (حصہ) بنتے ہیں، خود جملہ نہیں ہوتے۔ مثلاً ذٰلِكَ الْكِتَابُ کے معنی ہیں وہ کتاب، اور یہ ایک مکمل جملے کا ایک حصہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس التاسع

اسم بلحاظ جنس

(Gender)

جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہوتی ہیں، مذکر اور مؤنث۔ جیسے: مذکر اِبْنٌ (بیٹا) اور مؤنث اِبْنَةٌ (بیٹی)۔

عربی میں مؤنث اسماء کی کچھ علامات ہوتی ہیں۔ ذیل میں انہی میں سے چند کا بیان ہے۔

۱۔ وہ اسماء جن کے آخر میں ۃ (جسے تائے تانیث کہتے ہیں) آئے وہ اسماء مؤنث ہوتے ہیں۔ جیسے: اِبْنٌ سے اِبْنَةٌ، مُسْلِمٌ سے مُسْلِمَةٌ، اس علامت کا زیادہ تر استعمال اسم صفت میں ہوتا ہے۔

۲۔ وہ اسماء جن کے آخر میں یٰ (جسے الف مقصورہ کہتے ہیں) ہو، جیسے: کُبْریٰ، صُغْریٰ، حُسْنیٰ، بُشْریٰ۔

۳۔ وہ اسماء جن کے آخر میں اء (جسے الف ممدودہ کہتے ہیں) بڑھانے سے، جیسے: صَفْرَاءُ، بَیْضَاءُ، زَهْرَاءُ وغیرہ۔

نوٹ۔ وہ اسم جو مذکر پر بولا جائے اور اس کے آخر میں ۃ ہو تو وہ ۃ تائے تانیث نہیں ہوگی۔ جیسے خَلِیْفَةٌ (نائب)، عَلَّامَةٌ (عالم)، طَرْفَةُ (ایک شاعر کا نام)

۴۔ بعض اسماء بغیر کسی علامت تانیث کے مؤنث مانے جاتے ہیں۔ انہیں مؤنث سماعی کہتے ہیں۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ا۔ جو اسم کسی عورت پر بولا جائے۔ جیسے: اُمٌّ (ماں) عَرُوْسٌ (دلہن) زَوجٌ (جوڑے میں سے ایک)۔

ب۔ ملکوں، شہروں اور قبیلوں کے نام۔ جیسے: مِصْرُ، مَكَّةُ، قُرَيْشٌ۔ جہنم اور شراب کے سب نام۔

ج۔ ان جسمانی اعضاء کے نام جو دو دو ہوں۔ جیسے: عَيْنٌ (آنکھ) يَدٌ (ہاتھ)، اُذُنٌ (کان)۔

د۔ مندرجہ ذیل اسم ایسے ہیں جن کو اہل عرب مؤنث استعمال کرتے ہیں:

سبھی حرف تہجی، اَرْضٌ (زمین) حَرْبٌ (لڑائی) دَارٌ (گھر) رِيحٌ (ہوا) سُوقٌ (بازار) شَمْسٌ، (سورج)، نَارٌ (آگ)، نَفْسٌ (جان)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس العاشر

اسم بلحاظ عدد

(Number)

تعداد ظاہر کرنے کے لحاظ سے عربی میں اسم تین قسم کا ہوتا ہے۔ مفرد، تثنیہ اور جمع۔

مفرد: جو ایک پر دلالت کرے۔ جیسے: فَاعِلٌ (کرنے والا)۔

تثنیہ: جو دو پر دلالت کرے۔ صیغہ واحد کے آخر میں ـَانِ یا ـَیْنِ بڑھانے سے تثنیہ بن جائے گا۔ جیسے: فَاعِلٌ سے فَاعِلَانِ یا فَاعِلَیْنِ (دو کرنے والے)۔

جمع: یہ دو قسم کی ہوتی ہے۔ جمع سالم اور جمع مکسر۔

۱۔ جمع سالم:

یہ وہ جمع ہے جس میں واحد کی صورت برقرار رہے اور اس کے آخر میں کچھ اضافہ ہو، صیغہ واحد کے آخر میں ـُوْنَ یا ـِیْنَ بڑھانے سے جمع بن جائے گی۔ مثلاً فَاعِلٌ سے فَاعِلُونَ یا فَاعِلِینَ اور مؤنث کی حالت میں ـَات بڑھانے سے جمع مؤنث ہو جائے گی۔ جیسے: فَاعِلَةٌ سے فَاعِلَاتٌ۔

نوٹ: یہ کھلی تاء (ت) تاء جمع تانیث کہلاتی ہے۔ اس ت پر زبر نہیں آیا کرتی۔ جہاں قواعد کے لحاظ سے اس پر زبر آنی چاہئے وہاں بھی زیر ہی دی جاتی ہے۔ یعنی نصبی اور جری دونوں حالتیں زیر سے ہی ظاہر کی جاتی ہیں۔

تثنیہ اور جمع سالم کے صیغوں کے لیے حرکتوں کے ذریعے اعراب کی بجائے حروف کے ذریعے اعراب دیے جاتے ہیں۔ جو کہ مندرجہ ذیل جدول میں شامل ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

		رفعی حالت	نصبی حالت	جری حالت
مذکر	واحد	فَاعِلٌ	فَاعِلًا	فَاعِلٍ
	تثنیہ	فَاعِلَانِ	فَاعِلَيْنِ	فَاعِلَيْنِ
	جمع	فَاعِلُوْنَ	فَاعِلِيْنَ	فَاعِلِيْنَ
مونث	واحد	فَاعِلَةٌ	فَاعِلَةً	فَاعِلَةٍ
	تثنیہ	فَاعِلَتَانِ	فَاعِلَتَيْنِ	فَاعِلَتَيْنِ
	جمع	فَاعِلَاتٌ	فَاعِلَاتٍ	فَاعِلَاتٍ

تثنیہ اور جمع سالم کے صیغوں میں اعرابی حالت حروف و ، ا، ی سے ظاہر کی جاتی ہے۔ نیز ان کے آخر میں جو نون ہے یہ نون اعرابی کہلاتی ہے۔ یعنی اس نون کا تعلق اسم کے اصل حروف سے نہیں ہوتا بلکہ اعرب سے ہوتا ہے۔

تثنیہ کے صیغوں میں ا اور جمع کے صیغوں میں و رفعی حالت ظاہر کرنے کے لیے جبکہ تثنیہ اور جمع مذکر کے صیغوں میں ی نصبی اور جری دونوں حالتوں کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے اور انہیں اعراب بالحروف کہا جاتا ہے۔

مشق نمبر ۲

مندرجہ بالا جدول میں فاعل اور اس سے بننے والے دوسرے اسموں کی جگہ مُؤْمِنٌ، كَافِرٌ، فَاسِقٌ ، مُشْرِكٌ اور ان سے بننے والے دوسرے اسموں کو لکھیں۔

۲۔ جمع مکسر:

یہ وہ جمع ہے جس میں صیغہ واحد کی صورت ٹوٹ جاتی ہے۔ اس کے بنانے کا کوئی قاعدہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں۔صرف مختلف وزن ہوتے ہیں۔ان کے اعراب زیر زبر اور پیش سے ہی ظاہر کیے جاتے ہیں۔قرآن حکیم میں سے چند کثیر الاستعمال اسماء جمع مکسر حسب ذیل ہیں۔

اسم مفرد	جمع مکسر	معنی	وزن	قرآن میں تکرار
قَلْبٌ	قُلُوْبٌ	دل	فُعُوْلٌ	۱۳۵
وَجْهٌ	وُجُوْهٌ	چہرہ	فُعُوْلٌ	۷۳
بَيْتٌ	بُيُوْتٌ	گھر	فُعُوْلٌ	۶۸
بَصَرٌ	اَبْصَارٌ	آنکھ	اَفْعَالٌ	۳۸
ثَمَرٌ	أَثْمَارٌ	پھل	اَفْعَالٌ	۲۲
اِسْمٌ	أَسْمَاءٌ	نام	اَفْعَالٌ	۳۵
مَسْجِدٌ	مَسَاجِدُ	مسجد	مَفَاعِلُ	۲۸
قَاعِدَةٌ	قَوَاعِدُ	بنیاد	مَفَاعِلُ	۱۷
مَنْسِكٌ	مَنَاسِكُ	طریقہ	مَفَاعِلُ	۴
رِجْلٌ	اَرْجُلٌ	ٹانگ	اَفْعُلٌ	۱۴
عَبْدٌ	عِبَادٌ	بندہ	فِعَالٌ	۱۴۰
رَجُلٌ	رِجَالٌ	آدمی	فِعَالٌ	۵۰
رَسُولٌ	رُسُلٌ	بھیجا ہوا	فُعُلٌ	۳۸۶
كِتَابٌ	كُتُبٌ	کتاب	فُعُلٌ	۲۶۳
نَبِيٌّ	اَنْبِيَاءُ	خبریں بتانے والا	اَفْعِلاَءُ	۷۹
غَنِيٌّ	اَغْنِيَاءُ	بے نیاز، مالدار	اَفْعِلاَءُ	۲۴
اَبٌ	آبَاءٌ	باپ	أَفْعَالٌ	۱۱۹
اِبْنٌ	اَبْنَاءٌ	بیٹا	أَفْعَالٌ	۱۷۸
فَقِيْرٌ	فُقَرَاءُ	فقیر	فُعَلاَءُ	۱۴

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الحادی عشر

حرف کا بیان

(Particles)

www.KitaboSunnat.com

حرف ایک ایسا کلمہ ہے جو کسی اسم یا فعل کے ساتھ مل کر اپنے معنی پورا کرتا ہے۔ کچھ حروف ایسے ہوتے ہیں جو اسم یا فعل کے ساتھ مل کر اس کے اعراب پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ انہیں حروف عاملہ کہا جاتا ہے اور کچھ حروف ایسے ہوتے ہیں جو اعراب پر اثر انداز نہیں ہوتے، انہیں حروف غیر عاملہ کہتے ہیں۔ یہاں ان حروف کو بیان کیا جا رہا ہے۔ جو قرآن حکیم میں کثرت سے استعمال ہوئے ہیں۔

حروف جار (Prepositions)

یہ وہ حروف ہیں جو کسی اسم پر داخل ہو کر اسے جری حالت میں لے آتے ہیں۔ اور حرف جار اور اسم مل کر جار و مجرور کہلاتے ہیں۔

حروف	معنی	قرآن میں تکرار
بِ	سے، کے ساتھ، کے ذریعے سے، کی بنا پر، کے بدلے میں، کی وجہ سے، کے سبب، کی مدد سے	۲۵۳۸
فِي	میں، اندر	۱۶۹۲
اِلٰی	کی طرف، تک	۷۳۷
عَلٰی	پر، اوپر	۱۴۳۹
مِنْ	سے، میں سے، کی قسم سے، کی نسبت سے، کی بجائے، کے مقابلے میں، کا بنا ہوا	۴۶۴

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِ	کے لیے، کی وجہ سے	۳۶۵۶
حَتّٰی	تک، یہاں تک	۱۴۲
وَ	قسمیہ	
كَ	کی مانند	۲۸۲
عَنْ	سے، کے بارے میں	۴۶۴

حروف استفہام (Interrogative Particles)

حروف	معنی	قرآن میں تکرار	تفصیل
أَ	کیا	۴۵۷	اردو فقرے میں لفظ کیا جب کلام کے شروع میں آئے۔ جیسے: کیا وہ بیمار ہے؟ تو عربی میں أ یا هَلْ استعمال ہوتا ہے۔
هَلْ	کیا	۶۲۸	جیسے: أَهُوَ مَرِيْضٌ یا هَلْ هُوَ مَرِيْضٌ (کیا وہ بیمار ہے؟)
مَا	کیا، جو	۲۵۳۰	اردو فقرے میں جب لفظ کیا کلام کے درمیان میں آئے۔ جیسے یہ کیا ہے؟ تو عربی ترجمہ میں مَا یا مَاذَا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے مَا هٰذَا (یہ کیا ہے؟)۔ اس کے علاوہ یہ لفظ مَا بمعنی "جو" بحیثیت اسم موصول اور مَا بمعنی "نہیں" حرف نافیة کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔
مَنْ	کون، جو	۸۶۱	مَنْ بمعنی "کون" کے علاوہ یہ لفظ بحیثیت اسم موصول بمعنی "جو" کے بھی استعمال ہوتا ہے۔ مجموعی طور پر یہ لفظ قرآن حکیم میں ۲۵۳۰ دفعہ استعمال ہوا ہے۔
كَيْفَ	کیسے/ کیسا	۸۳	اس کے علاوہ اس کا ایک معنی جیسا یا جیسے بھی ہے۔
مَتٰی	کب	۹	اس کے علاوہ اس کا ایک معنی جب بھی ہے۔
اَيْنَ	کہاں	۱۲	اس کے علاوہ اس کا ایک معنی جہاں بھی ہے۔
اَيُّ	کونسا	۴۶	اس کے علاوہ اس کا ایک معنی جو بھی ہے۔
كَمْ	کتنا	۲۱	اس کے علاوہ اس کا ایک معنی جتنا بھی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَنّٰى	کہاں سے،	۲۸	اس کے علاوہ اس کا ایک معنیٰ کس طرح سے اور ایک جہاں سے بھی ہے۔

حروف مختلفة :

حروف	معنی	قرآن میں تکرار	تفصیل
اِذْ	جب	۲۳۹	اِذْ فعل مضارع پر داخل ہو کر اس کا زمانہ ماضی کر دیتا ہے۔
اِذَا	جب	۴۲۳	اِذَا فعل ماضی پر داخل ہو کر اس کا زمانہ حال کر دیتا ہے

حروف مشبة بالفعل:

یہ حروف جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔

حروف	معنی	قرآن میں تکرار	تفصیل
اِنَّ	بے شک	۱۶۷۹	یہ کلام کے شروع میں لایا جاتا ہے۔
اَنَّ	بیشک/کہ	۳۶۰	یہ کلام کے درمیان میں لایا جاتا ہے۔
كَاَنَّ	مانند	۳۱	
لٰكِنَّ	لیکن	۶۵	
لَيْتَ	کاش	۱۴	
لَعَلَّ	شاید	۱۲۳	

حروف نافية :

حروف	معنی	قرآن میں تکرار	تفصیل
لَيْسَ مَا	نہیں نہیں	۸۰	لَيْسَ، مَا اور لَا جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر خبر کو نصب دیتے ہیں۔
لَا	نہیں	۱۷۲۳	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حروف عاطفة (Conjunctions) :

یہ حروف جن دو اسموں، فعلوں یا جملوں کے درمیان ہوں ان کے اعراب ایک جیسے ہوتے ہیں۔

حروف	معنی	قرآن میں تکرار	تفصیل
وَ	اور	-	حروف عاطفہ کے علاوہ یہ حرف قسم کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔اس وقت حرف جار کہلاتا ہے۔
حَتّٰی	حتی کہ	۱۴۲	یہ حرف بھی حرف عاطفہ کے علاوہ حروف جار میں شامل ہے۔اس کے علاوہ یہ مضارع پر داخل ہو کر اسے نصب دیتا ہے۔
ثُمَّ	پھر	۳۳۸	
اَوْ	یا	۲۸۰	
اَمْ	یا	۱۳۷	
بَلْ	بلکہ	۱۲۷	
لٰكِنْ	لیکن	٦۵	
فَ	پس	۲٦۸۷	
أَلَا	خبردار	۵۴	
إِلَّا	سوائے	٦۵۷	
قَدْ	یقیناً	۲۲۱	فعل کے ساتھ مل کر تاکید کے معنی میں اور فعل ماضی کو ماضی قریب بنانے کے لیے۔
لَوْلَا	اگر نہ ہوں	۷۵	یہ لفظ 'کیوں نہیں' کے معنی میں بھی آتا ہے۔
مَعَ	ساتھ	۱٦۱	
اَمَّا	لیکن	۵۵	حرف شرط ہے۔
اِمَّا	یا تو	۳۰	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حروف ناصب المضارع:

یہ حروف فعل مضارع پر داخل ہو کر فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں۔

حروف	معنی	قرآن میں تکرار
لَنْ	ہرگز نہیں	۶۱۷
اَنْ	کہ	۳
لِ	تا کہ	۔
اِذًا	تب تو	۳۱
حَتّٰی	حتیٰ کہ	۔
کَیْ	تا کہ	۳

حروف جازم المضارع:

یہ حروف فعل مضارع پر داخل ہو کر فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں۔

حروف	معنی	قرآن میں تکرار
لَمْ	نہیں	۳۴۶
لَمَّا	ابھی تک نہیں	۱۶۴
اِنْ	اگر	۶۹۲
لِ	لام امر	
لَا	لائے نہی	

مندرجہ بالا حروف کا قواعد کے تحت استعمال کا طریقہ آئندہ اسباق میں مختلف مواقع پر آئے گا۔ قرآن حکیم میں ان کے کثیر استعمال کے پیش نظر ان کے معانی اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیے تا کہ قواعد اور ان کے استعمال کے وقت ان کے معانی کے متعلق کوئی مشکل پیش نہ آئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۳ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱۔ لِلّٰهِ
۲۔ مِنَ السَّمَآءِ
۳۔ مِنِ الْفَجْرِ
۴۔ عَلَى الْعَرْشِ
۵۔ بِالْقَلَمِ
۶۔ فِي النَّارِ
۷۔ لِبَشَرٍ
۸۔ لِلإِنْسَانِ
۹۔ إِلَى الْأَرْضِ
۱۰۔ إِلَى اللَّيْلِ
۱۱۔ فِي الْفُلْكِ
۱۲۔ بِقُوَّةٍ
۱۳۔ فِي الجَنَّةِ
۱۴۔ فِي الْقُرْآنِ
۱۵۔ عَلَى جَبَلٍ
۱۶۔ تَاللّٰهِ
۱۷۔ وَالشَّمْسِ
۱۸۔ وَالتِّيْنِ
۱۹۔ وَالطُّوْرِ
۲۰۔ وَالنَّجْمِ
۲۱۔ وَالسَّمَآءِ
۲۲۔ وَاللَّيْلِ
۲۳۔ وَالصُّبْحِ
۲۴۔ وَالْعَصْرِ
۲۵۔ عَنِ النَّارِ
۲۶۔ عَنِ الصَّلَاةِ
۲۷۔ عَنِ الْفَحْشَاءِ
۲۸۔ كَسَرَابٍ
۲۹۔ كَصَيِّبٍ
۳۰۔ كَظُلُمَاتٍ
۳۱۔ كَشَجَرَةٍ
۳۲۔ كَمِشْكٰوةٍ
۳۳۔ مِنْ رَبِّكُمْ
۳۴۔ مِنْ آبَائِهِمْ
۳۵۔ بِأَهْوَائِهِمْ
۳۶۔ اِلٰى بَارِئِكُمْ
۳۷۔ بِآيَاتِنَا
۳۸۔ اِلٰى قَوْمِهٖ
۳۹۔ فِي طُغْيَانِهِمْ
۴۰۔ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

مشق نمبر ۳ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ گھر سے مسجد تک۔ ۲۔ بازار سے مدرسہ تک۔ ۳۔ تلوار سے۔
۴۔ رسولوں کے لیے۔ ۵۔ دین کے لیے۔ ۶۔ اونٹ پر۔
۷۔ کشتی میں۔ ۸۔ صبح تک۔ ۹۔ شام تک۔
۱۰۔ روشنی سے اندھیرے تک۔ ۱۱۔ دلوں میں۔ ۱۲۔ زبان سے۔
۱۳۔ زمین پر۔ ۱۴۔ آسمانوں میں۔ ۱۵۔ کتابوں میں۔
۱۶۔ کمرے میں۔ ۱۷۔ حق کے لیے۔ ۱۸۔ وطن کے لیے۔
۱۹۔ گمراہی میں۔ ۲۰۔ شک میں۔ ۲۱۔ زیتون کی قسم۔
۲۲۔ پہاڑ کی طرح۔ ۲۳۔ گدھے کی طرح۔ ۲۴۔ پانی کی طرح۔
۲۵۔ آگ کی طرح۔ ۲۶۔ مچھر کی طرح۔ ۲۷۔ تلوار کی طرح۔
۲۸۔ ان کے چہروں کی طرح۔ ۲۹۔ تمہارے گھروں کی طرف۔ ۳۰۔ انکے نبیوں کے بارے میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثانی عشر

اسم بلحاظ حالت-۲

(Case of Noun)

۱۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ — اللہ سب سے بڑا (اکبر) ہے۔

۲۔ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ — بے شک اللہ سمیع اور بصیر ہے۔

۳۔ خَالِدٌ عَبْدُاللّٰهِ — خالد اللہ کا بندہ ہے۔

۴۔ خَلَقَ اللّٰهُ الْاِنْسَانَ — اللہ نے انسان کو تخلیق کیا۔

مندرجہ بالا مثالوں سے ہم دیکھتے ہیں کہ کہیں تو اسم اَللّٰه کی ﴿ ہ ﴾ جو کہ لفظ اَللّٰه کا آخری حرف ہے کے نیچے زیر ہے کہیں اس پر زبر ہے اور کہیں پیش۔ لیکن حرکات کی اس تبدیلی کے باوجود لفظ اللہ کے اپنے معنی میں کوئی فرق نہیں پڑا اور لفظ اَللّٰه کا مفہوم اَللّٰه ہی رہا جب کہ آخری حرف سے پہلے کے حروف پر زیر، زبر اور پیش کے تبدیل ہونے سے الفاظ کے اپنے معانی میں تبدیلی آجاتی ہے۔ جیسے:

رَجُلٌ (آدمی) — رِجْلٌ (پاؤں)

مَلَكٌ (فرشتہ) — مَلِكٌ (بادشاہ) — مُلْكٌ (بادشاہی) — مِلْكٌ (ملکیت)

حِلْمٌ (بردباری) — حُلْمٌ (خواب)

عِلْمٌ (جاننا) — عَلَمٌ (نشان/جھنڈا)

ذَنْبٌ (گناہ) — ذَنَبٌ (دم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اوپر دی گئی مثالوں سے ظاہر ہوا کہ کسی لفظ کے آخری حرف پر حرکات کا معاملہ آخری سے پہلے حروف پر حرکات کے معاملہ سے بالکل ہی مختلف ہے۔ کسی لفظ کے آخری حرف پر حرکت اس کے معانی پر اثر انداز نہیں ہوتی بلکہ جب ہم اس لفظ کو جملے میں استعمال کرتے ہیں تو اس جملے میں اس لفظ کی حالت کو ظاہر کرتی ہے۔

چنانچہ انہی حالتوں کو اعراب کہا جاتا ہے۔ جب کہ آخری حرف سے پہلے کے حروف پر زیر، زبر پیش کو تشکیل کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ حرکات اس لفظ کو شکل دیتی ہیں۔ ہمارے ہاں غلطی سے ہر قسم کی زیر، زبر اور پیش کو اعراب کہہ دیا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ اعراب کی تبدیلی کسی جملے کے معانی پر اثر انداز ہوتی ہے جبکہ تشکیل کی تبدیلی کسی لفظ کے معنی پر اثر انداز ہوتی ہے۔

اوپر دیے گئے جملوں کو اگر اس پہلو سے دیکھا جائے تو پہلی مثال **اَللّٰہُ اَکبَرُ** میں ہم دیکھتے ہیں کہ اسم **اَللّٰہُ** کے متعلق خبر دی گئی ہے کہ وہ **اَکبَر** ہے۔ قواعد کے مطابق **خبر** اور جس کے متعلق خبر دی جا رہی ہو (یعنی مبتدا) دونوں مرفوع ہوتے ہیں اس لیے **اَللّٰہُ** اور **اَکبَرُ** کے آخری حروف کو پیش یعنی ضمہ دے کر ان کی رفعی حالت کو ظاہر کیا گیا ہے۔

دوسری مثال **اِنَّ اللّٰہَ سَمِیعٌ بَصِیرٌ** میں **سَمِیعٌ بَصِیرٌ** کو **اِنَّ** کی خبریں کہا جاتا ہے۔ **اِنَّ** کا اسم چونکہ قواعد کے تحت منصوب ہوتا ہے اس لیے اس جملہ میں لفظ **اَللّٰہَ** کے آخری حرف پر زبر یعنی فتح دے کر اس کی نصبی حالت کو ظاہر کیا گیا ہے جبکہ **سَمِیعٌ** اور **بَصِیرٌ** چونکہ **اِنَّ** کی خبریں ہیں اس لیے ان کے آخری حروف پر پیش دے کر ان کی رفعی حالت کو ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری مثال **خَالِدٌ عَبدُ اللّٰہِ** میں **خَالِدٌ** کے متعلق خبر دی گئی ہے کہ وہ بندہ ہے **اللّٰہ** کا، اس لیے مبتدا ہے اور مرفوع ہے اور **عَبدُ اللّٰہ** میں **عَبدُ** چونکہ **خَالِدٌ** کے متعلق خبر ہے اس لیے یہ بھی مرفوع ہوا اور ان کی رفعی حالتوں کو ان کے آخری حروف پر پیش سے ظاہر کیا گیا ہے۔ اسم **عَبدُ** کی اضافی نسبت **اَللّٰہ** کے ساتھ ظاہر کی گئی ہے۔

اگر کسی اسم کی نسبت اضافی کسی دوسرے اسم کے ساتھ ہو تو جس اسم کی نسبت ہوا سے **مضاف** کہتے ہیں اور جس اسم کے ساتھ ہوا سے **مضاف الیہ** کہتے ہیں اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔ لٰہذا یہاں لفظ **اللّٰہِ** مجرور ہے اور اس کے آخری حرف کو زیر دے کر اس کی جری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حالت کو ظاہر کیا گیا ہے۔

چوتھی مثال **خَلَقَ اللّٰهُ الْاِنْسَانَ** میں **خَلَقَ** فعل ماضی ہے اور ہمیشہ نصبی حالت میں ہوتا ہے۔ اس جملہ میں **اَللّٰهُ** ایسا اسم ہے جس سے خلقت کا فعل وجود میں آرہا ہے۔ ایسا اسم جس سے کوئی فعل واقع ہو رہا ہو اسے **فاعل** کہتے ہیں۔ اور فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے۔ اس لیے اسے پیش کے ذریعے اس کی رفعی حالت ظاہر کی گئی ہے۔ اور **اَلْاِنْسَانَ** ایسا اسم ہے جس پر خلقت کا فعل واقع ہو رہا ہے۔ ایسے اسم کو **مفعول** کہتے ہیں جو کہ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے چنانچہ اس کے آخری حرف پر زبر کے ذریعے اس کی نصبی حالت کو ظاہر کیا گیا ہے۔

مختصراً یہ کہ عربی زبان میں جب بھی کوئی اسم استعمال ہوتا ہے تو وہ ہمیشہ **فاعل، مفعول، مبتدا، خبر، مضاف الیه**، وغیرہ کسی نہ کسی حالت میں ہوتا ہے۔ اور ان حالتوں کو زیر، زبر، پیش یا ﴿و، ا، ی﴾ سے ظاہر کیا جاتا ہے اور انہی حالتوں کو اعراب کہا جاتا ہے۔

بناوٹ کے لحاظ سے مختلف اسموں کو جب جملوں میں استعمال کیا جاتا ہے تو ان کی اعرابی حالتیں مختلف طریقوں سے ظاہر کی جاتی ہیں۔ جن کی کچھ تفصیل حسب ذیل ہے:

۱۔ اسم مُعْرَب:

وہ اسم ہوتا ہے جس کی اعرابی حالت اس کے آخری حرف پر حرکات ضمہ، فتحہ، کسرۃ یا پھر ﴿و، ا، ی﴾ سے ظاہر کی جاتی ہے۔ جیسے رفعی حالت میں **مُسْلِمٌ مُسْلِمَانِ مُسْلِمُوْنَ**، نصبیٰ حالت میں **مُسْلِمًا مُسْلِمَيْنِ مُسْلِمِيْنَ** اور جری حالت میں **مُسْلِمٍ مُسْلِمَيْنِ مُسْلِمِيْنَ** ہوگا۔

۲۔ اسم مَبْنِي:

وہ اسم ہوتا ہے جس کی اعرابی حالت، حرکات یا حروف سے ظاہر نہیں کی جاتی۔ اور اس اسم کا آخر ہر حالت میں ایک جیسا ہی رہتا ہے۔ ان کی اعرابی حالت محلاً مانی جاتی ہے۔ جیسے: **هٰذَا، هُوَ، هُمْ، اَلَّذِي** وغیرہ۔

۳۔ اسم مَقْصُور:

وہ اسم ہے جس کے آخر پر الف ہو اور الف سے پہلے حرف پر فتحہ ہو۔ جیسے **عَصَا** (لاٹھی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُوْسَى ، كُبْرىٰ وغیرہ۔اسم مقصور کی اعرابی حالت،حرکات یا حروف سے ظاہر نہیں کی جاتی بلکہ یہ علامات یا ان کے آخری حرف یعنی الف پر مقدراً مانی جاتی ہیں۔

۴۔اسم مَنْقُوص:

وہ اسم ہے جس کا آخری حرف ی ہوتا ہے اور آخری حرف ی سے پہلا حرف مکسور ہوتا ہے۔ جیسے: اَلقَاضِيْ، اَلوَادِيْ وغیرہ۔ان اسموں کی رفعی،نصبی اور جری حالتیں علی الترتیب یوں ہوں گی۔اَلقَاضِيْ، اَلقَاضِيَ، القَاضِيْ اور اگر یہ نکرہ ہوں اور مضاف نہ ہوں تو قاضٍ قَاضِيًا، قَاضٍ یعنی رفعی اور جری حالت میں ی حذف ہو جاتی ہے۔ان کی رفعی اور جری حالت میں ان کے آخری حرف ی پر علی الترتیب رفع اور جر مقدر مانا جاتا ہے۔

۵۔اَسماءِ مکبرة:

اَبٌ (باپ) اَخٌ (بھائی) فَمٌ (منہ) حَمٌ (خاوند کی طرف سے عورت کا کوئی قریبی رشتہ دار) ذُوْ (والا) ان پانچ اسموں کو اسماء مکبرة کہا جاتا ہے۔یہ اسم جب مضاف (یعنی کسی اسم سے منسوب) ہو کر آئیں تو ان کی اعرابی حالتوں کو مندرجہ ذیل شکلوں سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

اسماء مکبرة	اَبٌ	اَخٌ	فَمٌ	حَمٌ	ذُو
رفعی حالت	اَبُوْ	اَخُوْ	فُوْ	حَمُوْ	ذُوْ
نصبی حالت	اَبَا	اَخَا	فَا	حَمَا	ذَا
جری حالت	اَبِيْ	اَخِيْ	فِيْ	حَمِيْ	ذِيْ

۶۔اِسم غیر منصرف:

اسم غیر منصرف وہ اسم ہوتا ہے جس پر تنوین یعنی ـٌ ـٍ ـً نہیں آیا کرتی۔اس کے علاوہ اس کی جری حالت فتحہ سے ظاہر کی جاتی ہے۔ جیسے اَكْبَرُ، اِبْرَاهِيْمُ، جَهَنَّمُ ، عَائِشَةُ۔ اسم غیر منصرف کی پہچان کے مفصل قواعد کی بجائے یہاں اس کی شناخت کے لیے چند مختصر نقاط بیان کیے جاتے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ا: اسم علم: (خاص نام) اس وقت غیر منصرف ہوگا جب:

ا۔ مؤنث ہو اور تین حروف سے زائد ہو جیسے: فَاطِمَةُ، زَيْنَبُ

۲۔ تین حروف سے زائد غیر عربی اسم ہو جیسے: اِبْرَاهِيْمُ

۳۔ آخر پر تائے مربوطہ ﴿ ة ﴾ آئے جیسے: مَكَّةُ

۴۔ بغیر کسی صرفی قاعدے کے مرکب ہو جیسے: مَعدِئ كَرْبُ ، حَضرَمَوْتُ

ب: وہ اسم بھی غیر منصرف ہوگا

ا۔ جس کے آخر پر الف نون زائدۃ آئے۔ جیسے: عَطْشَانُ (پیاسا) ، عُثْمَانُ

۲۔ جو اَفْعَلُ کے وزن پر ہو۔ جیسے: اَحْمَرُ (سرخ) اَحْمَدُ

۳۔ ایسا اسم جو مَفَاعِلُ کے وزن پر ہو۔ جیسے: مَسَاجِدُ

۴۔ ایسا اسم جس کے آخر پر الف تانیث مقصورۃ ﴿ ىٰ ﴾ آئے۔ جیسے: صُغریٰ ، کُبریٰ یا الف تانیث ممدودۃ ﴿ اء ﴾ آئے۔ جیسے: حَمْرَاءُ ، صَحْرَاءُ

نوٹ: جب اسم غیر منصرف پر اَل تعریف داخل ہو یا اس کی نسبت اضافی دوسرے اسم کے ساتھ ہو (مضاف) تو اس کی جری حالت کسرۃ سے ہی ظاہر کی جائے گی۔

مشق نمبر ۴

ا۔ مندرجہ ذیل اسموں کو رفعی حالت کی بجائے جری حالت میں لکھیں۔

مومنان، الذين ، فاسقون، صغرىٰ، المتقي، ذو۔

۲۔ مندرجہ ذیل اسموں کو رفعی حالت کی بجائے نصبی حالت میں لکھیں۔

كافران، هذا، اخرىٰ، واد، ابو، مسلمات، ذلك۔

۳۔ مندرجہ ذیل اسموں میں مبنی اور غیر منصرف کی شناخت کریں۔

عيسىٰ، يعقوب، اولئك، فرعون، بشرىٰ، مريم، اخو، الهادي اكبر، قواعد، سوداء، التي۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثالث عشر

مرکب

(Compound)

دو یا دو سے زیادہ الفاظ کے مجموعے کو مرکب کہتے ہیں، اس کی دو قسمیں ہیں۔ مرکب تام اور مرکب ناقص۔

مرکب تام (Sentence):

مرکب تام اس مرکب کو کہتے ہیں، جس سے کوئی بات (خبر، حکم یا خواہش) معلوم ہو۔ جیسے: اَللّٰهُ اَكْبَرُ (اللہ سب سے بڑا ہے) هُوَ رَجُلٌ صَالِحٌ (وہ نیک آدمی ہے)۔ مرکب تام کی درج ذیل دو قسمیں ہیں۔

۱۔ جملہ اسمیہ (Nominal Sentence):

وہ جملہ جو اسم سے شروع ہو جملہ اسمیہ کہلاتا ہے۔ جملہ اسمیہ کے دو جزو ہوتے ہیں۔ پہلا جزو مبتدا اور دوسرا خبر کہلاتا ہے۔

۲۔ جملہ فعلیہ (Verbal Sentence):

وہ جملہ جو فعل سے شروع ہو جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔ جملہ فعلیہ تین اجزاء پر مشتمل ہوتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ پہلا جزو فعل، دوسرا جزو فاعل اور تیسرا جزو بعض اوقات مفعول بہ ہوتا ہے۔

مرکب ناقص:

مرکب ناقص اس مرکب کو کہتے ہیں، جس سے کوئی بات (خبر، حکم یا خواہش) معلوم نہ ہو۔
جیسے: عَبْدُاللّٰهِ (اللہ کا بندہ) رَجُلٌ صَالِحٌ (نیک آدمی) یہ مرکب کسی جملہ کا حصہ بنتے ہیں۔
مرکب ناقص کی اقسام کا تعارف درج ذیل ہے:

۱۔ مرکب توصیفی (Adjectival Construction):

وہ مرکب جس میں دوسرا لفظ پہلے لفظ کی صفت بیان کرے، مرکب توصیفی ہوتا ہے۔
جیسے: رَجُلٌ صَالِحٌ (نیک آدمی)

۲۔ مرکب اضافی (Possessive Construction):

وہ مرکب جس میں دونوں اجزاء اسم ہوں اور پہلے جزو کی دوسرے جزو کی طرف اضافی نسبت بیان کی جارہی ہو، مرکب اضافی ہوتا ہے۔ جیسے: کِتَابُ زَيْدٍ (زید کی کتاب)۔

۳۔ مرکب اشاری:

وہ مرکب جس میں پہلا جزو اسم اشارہ ہو۔ جیسے: ذٰلِكَ الْكِتَابُ (وہ کتاب)۔

۴۔ مرکب جاری:

وہ مرکب جس میں پہلا جزو حرف جار اور دوسرا کوئی اسم ہوتا ہے۔ جیسے: مِنَ اللّٰهِ (اللہ سے)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الرابع عشر

جملہ اسمیہ

(Nominal Sentence)

جملہ اسمیہ مرکب تام کی وہ قسم ہے جس میں پہلا جز واسم ہوتا ہے۔ جیسے اَللّٰهُ عَظِيْمٌ (اللہ عظمت والا ہے)۔ جملہ اسمیہ میں پہلے جزو کو مبتدا اور دوسرے کو خبر کہتے ہیں۔ یعنی جس کے متعلق کچھ کہا جائے وہ مبتدا (Subject) ہوتا ہے اور جو کچھ مبتدا کے متعلق کہا جائے وہ خبر (Preducate) ہوتی ہے۔ مندرجہ بالا جملہ میں اَللّٰهُ مبتدا ہے اور عَظِيْمٌ خبر۔

جملہ اسمیہ کے قواعد:

۱۔ مبتدا عموماً معرفہ اور خبر نکرہ ہوتی ہے۔ جیسے: اَلرَّجُلُ صَالِحٌ (آدمی نیک ہے) میں اَلرَّجُلُ مبتدا ہے اور معرفہ ہے اور صَالِحٌ خبر ہے اور نکرہ ہے۔

نوٹ: اگر خبر مبتدا کی صفت نہ ہو تو خبر معرفہ لائی جا سکتی ہے۔ جیسے هُوَ زَيْدٌ (وہ زید ہے)

۲۔ مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں۔ جیسے اَلرَّجُلُ صَالِحٌ میں دونوں مرفوع ہیں۔

۳۔ واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث میں خبر مبتدا کے مطابق آئے گی۔ جیسے:

اَلرَّجُلُ قَائِمٌ (آدمی کھڑا ہے) اَلرَّجُلَانِ قَائِمَانِ (دو آدمی کھڑے ہیں) اَلرِّجَالُ قَائِمُوْنَ (سب آدمی کھڑے ہیں)

اَلْبِنْتُ قَائِمَةٌ (لڑکی کھڑی ہے) اَلْبِنْتَانِ قَائِمَتَانِ (دو لڑکیاں کھڑی ہیں) اَلْبَنَاتُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَائِمَاتٌ (سب لڑکیاں کھڑی ہیں)

۴۔ اگر مبتدا غیر عاقل کی جمع ہو تو خبر واحد مؤنث آئے گی۔ جیسے: اَلْحَيْوَانَاتُ كَبِيْرَةٌ (حیوان بڑے ہیں)۔

نوٹ: عربی زبان کے قواعد کے تحت انسان، جن اور فرشتوں کے علاوہ ساری مخلوق غیر عاقل مانی جاتی ہے۔

۵۔ جب خبر اسمائے استفہام میں سے ہو تو خبر کو مبتدا سے مقدم کر دیا جاتا ہے۔ جیسے: مَنْ اَنْتَ (تم کون ہو) یہاں مَنْ خبر مقدم اور اَنْتَ مبتدا مؤخر ہے۔

٦۔ اگر خبر معرفہ لانی ہو تو مبتدا اور خبر کے درمیان ایک ضمیر لائی جاتی ہے۔ جسے ضمیر فاصل کہتے ہیں۔ یہ ضمیر مبتدا کے مطابق ہوتی ہے۔ جیسے: أُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (وہی کامیاب ہیں) یہ ترکیب عموماً تاکید کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

۷۔ اگر مبتدا نکرہ لانا مقصود ہو تو اسے خبر سے مؤخر کر دیا جاتا ہے۔ جیسے: فِي قُلُوْبِهِمْ مَرَضٌ (ان کے دلوں میں کوئی مرض ہے) میں فِيْ قُلُوْبِهِمْ خبر (قائم مقام) مقدم ہے اور مَرَضٌ مبتدا مؤخر ہے۔

۸۔ جملہ میں جار مجرور کبھی خبر کے قائم مقام کے طور پر لائے جاتے ہیں یا پھر وہ مبتدا یا خبر کے متعلقات کہلاتے ہیں۔ جیسے: اَلرَّجُلُ نَائِمٌ عَلَى السَّطْحِ (آدمی چھت پر سویا ہوا ہے) میں اَلرَّجُلُ مبتدا ہے نَائِمٌ خبر ہے اور عَلَى السَّطْحِ متعلق خبر ہے۔

۹۔ لَا حرف نافیہ ہے۔ اگر کسی اسم کی پوری جنس کی نفی کرنی ہو تو لَا کے بعد اس اسم کو بغیر تنوین اور اَل تعریف کے منصوب لایا جاتا ہے۔ اور اس کے بعد اس کی خبر لائی جاتی ہے۔ جیسے: لَا رَيْبَ فِيْهِ (اس میں کوئی شک نہیں) میں رَيْبَ لَا کا اسم ہے اور فِيْهِ اس کی خبر۔

۱۰۔ حروف مشبہ بالفعل میں سے جب کوئی حرف جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے تو مبتدا (جو ان کا اسم کہلاتا ہے) کو نصب دیتا ہے اور خبر کو رفع۔ جیسے: اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ (بے شک اللہ دائمی علم والا ہے) میں اَللّٰهَ، اِنَّ کا اسم ہے جو منصوب ہے اور عَلِيْمٌ اِنَّ کی خبر ہے جو مرفوع ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۱۔ جب **کَانَ** جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے تو مبتدا (جو اس کا اسم کہلاتا ہے) کو مرفوع کرتا ہے اور خبر کو نصب دیتا ہے۔ جیسے: کَانَ الْوَلَدُ قَائِمًا (لڑکا کھڑا تھا) میں اَلْوَلَدُ کَانَ کا اسم ہے جو مرفوع ہے اور قَائِمًا، کَانَ کی خبر ہے جو منصوب ہے۔

۱۲۔ **مَا، لَا،** اور **لَيْسَ** (حروف نافیہ) جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔

مشق نمبر ۵ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱۔ اَللّٰهُ أَكْبَرُ
۲۔ اَلرَّسُوْلُ كَرِيْمٌ
۳۔ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ
۴۔ اَلشَّيْطَانُ مَرْدُوْدٌ
۵۔ اَلرَّجُلَانِ صَادِقَانِ
۶۔ اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَاءِ
۷۔ اَلْبِنْتُ صَالِحَةٌ
۸۔ اَلنِّسَاءُ مُؤْمِنَاتٌ
۹۔ اَلْمَسَاجِدُ وَاسِعَةٌ
۱۰۔ اَلْبُيُوْتُ جَمِيْلَةٌ
۱۱۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
۱۲۔ أُولٰئِكَ عَلٰى هُدًى
۱۳۔ اَلْحِكْمَةُ فِيْ الْقُرْآنِ
۱۴۔ رَبُّنَا وَاحِدٌ
۱۵۔ إِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ
۱۶۔ إِلٰهِيْ وَإِلٰهُكُمْ عَلِيْمٌ
۱۷۔ مُحَمَّدٌ نَبِيُّنَا
۱۸۔ اَلْإِسْلَامُ دِيْنُهُمْ
۱۹۔ وَجْهُكَ أَبْيَضُ
۲۰۔ لَوْنُهُ اَحْمَرُ
۲۱۔ إِبْنُكَ صَالِحٌ
۲۲۔ زَوْجُهَا رَشِيْدٌ
۲۳۔ زَوْجُهُ رَشِيْدَةٌ
۲۴۔ هُوَ غَنِيٌّ
۲۵۔ أَنْتِ مُسْلِمَةٌ
۲۶۔ أَنَا قَائِمٌ
۲۷۔ مَا هٰذَا؟
۲۸۔ مَاذَا فِيْ الصُّنْدُوْقِ؟
۲۹۔ مَنْ أَخُوْكَ؟
۳۰۔ كَيْفَ حَالُكَ؟
۳۱۔ أَيْنَ وَالِدُكَ؟
۳۲۔ كَمْ رِيَالًا عِنْدَكَ؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۵ (ب)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱۔ لَا رَيْبَ فِيْهِ
۲۔ لَا عِلْمَ لَنَا
۳۔ لَا إِثْمَ عَلَيْهِ
۴۔ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
۵۔ لَا شَرِيْكَ لَهُ
۶۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

مشق نمبر ۵ (ج)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱۔ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الْوَهَّابُ
۲۔ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ
۳۔ وَ أَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُه وَ رَسُوْلُهُ
۴۔ مَثَلُ نُوْرِهِ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ
۵۔ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ الزُّجَاجَةِ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ
۶۔ يَا لَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرَابًا
۷۔ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا
۸۔ لٰكِنَّ اللّٰهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِيْنَ
۹۔ وَمَا كَانَ إِبْرَاهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّ لَا نَصْرَانِيًا
۱۰۔ كَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا
۱۱۔ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا
۱۲۔ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۶

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ لڑکا نیک ہے۔
۲۔ راستہ سیدھا ہے۔
۳۔ آدمی مالدار ہے۔
۴۔ بندہ دیانت دار ہے۔
۵۔ آدمی پہاڑ پر ہے۔
۶۔ نبی حق پر ہے۔
۷۔ پھل لڑکے کے لیے ہے۔
۸۔ انسان مٹی سے ہے۔
۹۔ نماز اللہ کے لیے ہے۔
۱۰۔ روزہ رات تک ہے۔
۱۱۔ سوال فاسق کے بارے میں ہے۔
۱۲۔ اس کا گناہ بڑا ہے۔
۱۳۔ ان کا دین مشہور ہے۔
۱۴۔ ہمارا گھر قریب ہے۔
۱۵۔ اس عورت کا لڑکا بدکردار ہے۔
۱۶۔ عورتوں کے گھر صاف ستھرے ہیں۔
۱۷۔ تم سب کا رسول دیانتدار ہے۔
۱۸۔ میرا راستہ سیدھا ہے۔
۱۹۔ وہ نبی ہے۔
۲۰۔ وہ میری والدہ ہے۔
۲۱۔ تو کامیاب ہے۔
۲۲۔ یہ قلم ہے۔
۲۳۔ وہ میرے لیے ہے۔
۲۴۔ بے شک اسلام ایک دین ہے۔
۲۵۔ بے شک دین واضح ہے۔
۲۶۔ کھانا ٹھنڈا تھا۔
۲۷۔ گھر میں کوئی آدمی نہیں۔
۲۸۔ تمہارا نام کیا ہے؟
۲۹۔ تو کون ہے؟
۳۰۔ کیا وہ مسلمان ہے؟
۳۱۔ کیا تو سچی ہے؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الخامس عشر

مرکب توصیفی

(Adjectival Construction)

جس مرکب میں دوسرا جزو پہلے جزو کی صفت بیان کرے اسے مرکب توصیفی کہتے ہیں۔

جیسے: رَجُلٌ صَالِحٌ (نیک آدمی)

مرکب توصیفی میں پہلا جزو اسم ذات ہوتا ہے اور دوسرا اسم صفت۔ پہلے جزو کو موصوف (جس کی صفت بیان کی جارہی ہو) اور دوسرے جزو کو صفت کہا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ اردو زبان میں صفت پہلے آتی ہے اور موصوف بعد میں، جبکہ عربی زبان میں موصوف پہلے اور صفت بعد میں آتی ہے۔

مرکب توصیفی کے قواعد:

ا۔ مرکب توصیفی میں مندرجہ ذیل قدریں مشترک ہوں گی:

ا۔ اگر موصوف نکرہ ہو تو صفت بھی نکرہ ہوگی اور اگر موصوف معرفہ ہو تو صفت بھی معرفہ ہو گی۔ جیسے: رَجُلٌ صَالِحٌ (کوئی نیک آدمی) اس مثال میں صفت اور موصوف دونوں نکرہ ہیں۔ اَلرَّجُلُ الصَّالِحُ (نیک آدمی) اس مثال میں موصوف اور صفت معرفہ ہیں۔

ب۔ تذکیر و تانیث۔ جیسے: رَجُلٌ صَالِحٌ (کوئی نیک آدمی) اس مثال میں موصوف اور صفت مذکر ہیں۔ اِمْرَأَۃٌ صَالِحَۃٌ (کوئی نیک عورت) اس مثال میں موصوف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور صفت مؤنث ہیں۔

ج۔ عددی حالت۔ جیسے:

رَجُلٌ صَالِحٌ	اس میں موصوف واحد ہے اور صفت بھی واحد۔
رَجُلَانِ صَالِحَانِ	اس میں موصوف تثنیہ ہے اور صفت بھی تثنیہ۔
رِجَالٌ صَالِحُونَ	اس میں موصوف جمع ہے اور صفت بھی جمع۔

د۔ اعرابی حالت۔ جیسے: عَنِ الرَّجُلِ الصَّالِحِ (نیک آدمی سے)۔ یہاں عَنْ حرف جار کی وجہ سے الرَّجل کے ل کے نیچے زیر آ گئی۔ چنانچہ صفت الصَّالِح بھی اعرابی حالت مشترک ہونے کی وجہ سے مجرور ہو گئی۔

۲۔ اگر موصوف غیر عاقل کی جمع ہو تو صفت واحد مؤنث آئے گی۔ جیسے: اَنْهَارٌ جَارِيَةٌ (بہتی نہریں)

۳۔ مرکب توصیفی ہمیشہ جملہ کا جزو ہوتا ہے۔ جملہ اسمیہ میں موصوف (اپنی صفت کے ساتھ) مبتدا بھی ہو سکتا ہے اور خبر بھی۔ جیسے: اَلتَّاجِرُ الْاَمِيْنُ جَالِسٌ (امانت دار تاجر بیٹھا ہے)۔ اس جملہ میں اَلتَّاجِرُ الْاَمِيْنُ مرکب توصیفی ہے جو مبتدا ہے۔ اور جَالِسٌ خبر۔ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ (یہ سیدھا راستہ ہے) میں هٰذَا مبتدا ہے اور صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ مرکب توصیفی ہے، جو خبر ہے۔

مشق نمبر ۷ (الف)

ا۔ اردو میں ترجمہ کریں:

ا۔ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ	۲۔ اُمٌّ مُؤْمِنَةٌ	۳۔ اَلْيَوْمُ الْآخِرُ
۴۔ اَلْحَيَاةُ الدُّنْيَا	۵۔ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ	۶۔ رَسُوْلٌ أَمِيْنٌ
۷۔ صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ	۸۔ اَلرَّجُلُ الْمُسْلِمُ	۹۔ أُمَّةٌ مُّسْلِمَةٌ
۱۰۔ كِتَابٌ مُّبَارَكٌ	۱۱۔ عَذَابٌ أَلِيْمٌ	۱۲ إِثْمٌ كَبِيْرٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۳۔ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ	۱۴۔ اَلنَّبِيُّ الصَّادِقُ	۱۵۔ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ
۱۶۔ فِئَةٌ كَاذِبَةٌ	۱۷۔ رِزْقٌ طَيِّبٌ	۱۸۔ سِحْرٌ مُّبِيْنٌ
۱۹۔ آيَةٌ بَيِّنَةٌ	۲۰۔ اَللُّغَةُ الْعَرَبِيَّةُ	۲۱۔ اَلْحَيَاةُ الآخِرَةُ
۲۲۔ كَلِمَةٌ طَيِّبَةٌ	۲۳۔ مُلْكٌ عَظِيْمٌ	۲۴۔ اَلْمَوْعِظَةُ الْحَسَنَةُ
۲۵۔ كَيْدٌ عَظِيْمٌ	۲۶۔ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ	۲۷۔ عَذَابٌ شَدِيْدٌ
۲۸۔ فِتْنَةٌ شَدِيْدَةٌ	۲۹۔ اَلشَّيْطَانُ الرَّجِيْمُ	۳۰۔ اَلرَّبُّ الْغَفُوْرُ

ب۔ مندرجہ بالا ۱ سے ۱۵ تک مرکبات توصیفیہ کو استعمال کرتے ہوئے ۱۵ اسمیہ جملے بنائیے۔ اور مبتدا اور خبر کی نشاندہی کریں۔ جیسے رَجُلٌ مُؤْمِنٌ سے، خَالِدٌ رَجُلٌ مُؤْمِنٌ۔ خَالِدٌ مبتدا، رَجُلٌ مُؤْمِنٌ خبر۔

مشق نمبر ۷(ب)

ا۔ عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ حکمت والی کتاب۔	۷۔ ایک صاف گھر۔
۲۔ وسیع مسجدیں۔	۸۔ دو چھوٹے بچے۔
۳۔ دو چھوٹی لڑکیاں۔	۹۔ مومن عورتیں۔
۴۔ پاک جوڑے۔	۱۰۔ گناہگار لوگ۔
۵۔ بڑے گناہ۔	۱۱۔ کھلا دشمن۔
۶۔ دنیاوی زندگی۔	۱۲ بہتی نہریں۔

ب۔ مندرجہ بالا ۱ سے ۶ تک فقروں کو استعمال کرتے ہوئے ان کے اسمیہ جملے بنائیں اور ان کا عربی ترجمہ کریں۔ جیسے: ''حکمت والی کتاب'' سے ''قرآن حکمت والی کتاب ہے'' اَلْقُرْآنُ كِتَابٌ حَكِيْمٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس السادس عشر

مرکب اضافی

(Possessive Construction)

یہ مرکب ناقص کی وہ قسم ہے، جس میں دونوں جزو اسم ہوتے ہیں اور پہلے جزو کی اضافی نسبت دوسرے جزو کے ساتھ ہوتی ہے۔ اردو میں اس نسبت کو کا، کے، کی وغیرہ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ جیسے: **کِتَابُ اللّٰهِ** (اللہ کی کتاب)۔

مرکب اضافی کے پہلے جزو کو **مضاف** اور دوسرے جزو کو **مضاف الیہ** کہتے ہیں۔ جبکہ اردو زبان میں مضاف الیہ پہلے اور مضاف بعد میں آتا ہے۔

مرکب اضافی کے قواعد

۱۔ مضاف ہمیشہ پہلے آتا ہے اور مضاف الیہ بعد میں اور ان دونوں کے درمیان کوئی لفظ نہیں آتا۔

۲۔ مضاف پر نہ تو لام تعریف **(ال)** آتا ہے اور نہ ہی تنوین۔ اگر مضاف الیہ اسم معرفہ ہو تو مضاف بغیر لام تعریف کے ہی معرفہ تصور کیا جاتا ہے۔

۳۔ مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔ یعنی اس کے آخری حرف پر زیر ہوگی۔

۴۔ بعض اوقات ایک ہی ترکیب میں کئی مضاف الیہ آتے ہیں۔ جیسے: **بَابُ بَيْتِ زَيْدٍ** (زید کے گھر کا دروازہ)۔

چونکہ درمیانی مضاف الیہ **بَيْت** اپنے بعد کے مضاف الیہ **زَيْدٍ** کا مضاف ہے اس لیے اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پر نہ تو تنوین آئی اور نہ ہی لام تعریف۔ البتہ اپنے ماقبل کا مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے اس کے آخری حرف پر زیر آ گئی۔

۵۔ مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان چونکہ کوئی لفظ نہیں آتا اس لیے مضاف کی صفت مضاف الیہ کے بعد آئی ہے اور اپنے اعراب سے پہچانی جاتی ہے۔

وَلَدُ الرَّجُلِ الصَّالِحُ (آدمی کا نیک لڑکا) یہاں **الصَّالِحُ** مرفوع ہونے کی وجہ سے **وَلَدُ** کی صفت ہے۔

وَلَدُ الرَّجُلِ الصَّالِحِ (نیک آدمی کا لڑکا) یہاں **الصَّالِحِ** مجرور ہونے کی وجہ سے **الرَّجُلِ** کی صفت ہے۔

۶۔ مضاف کا آخری حرف اگر نون اعرابی ہو تو گر جاتا ہے۔ جیسے: **مُعَلِّمُو الْمَكْتَبِ**، یہاں **مُعَلِّمُونَ** کی نون اعرابی ہے جو گر گئی ہے۔

۷۔ مضاف اپنے مضاف الیہ کے ساتھ مل کر کسی جملہ کا ایک جزو ہوتا ہے۔ مثلاً جملہ اسمیہ میں مبتدا بھی ہو سکتا ہے اور خبر بھی۔ جیسے: **وَلَدُ خَالِدٍ صَالِحٌ** (خالد کا لڑکا نیک ہے)، یہاں **وَلَدُ خَالِدٍ** مرکب اضافی ہے جو مبتدا ہے اور **صَالِحٌ** خبر ہے۔

هُوَ وَلَدُ خَالِدٍ (وہ خالد کا لڑکا ہے) یہاں **هُوَ** مبتدا ہے اور **وَلَدُ خَالِدٍ** مرکب اضافی ہے جو خبر ہے۔

مرکب اضافی جملہ فعلیہ میں فاعل بھی ہو سکتا ہے اور مفعول بھی۔ جیسے **ضَرَبَ وَلَدُ خَالِدٍ وَلَدَ مَحْمُوْدٍ** (خالد کے لڑکے نے محمود کے لڑکے کو مارا) یہاں **وَلَدُ خَالِدٍ** فاعل ہے اور **وَلَدَ مَحْمُوْدٍ** مفعول ہے۔

مرکب اضافی کی مثالیں

بَيْتُ اللّٰهِ	اللہ کا گھر	فِي دِيْنِ اللّٰهِ	اللہ کے دین میں
رَسُوْلُ اللّٰهِ	اللہ کا رسول	بِرَبِّ الْفَلَقِ	صبح کے رب کے ساتھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَصْرُ اللّٰهِ	اللہ کی مدد	اَبُوْ بَكْرٍ	بکر کا باپ
اَمْرُ اللّٰهِ	اللہ کا حکم	بِسْمِ اللّٰهِ	اللہ کے نام سے
بِاَصْحَابِ الْفِيْلِ	ہاتھی والوں کے ساتھ		
رَبِّيْ	میرا پروردگار	عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ	مسکین کے کھانے پر
رَبُّكَ	تیرا پروردگار	اَفْضَلُ الذِّكْرِ	سب سے اچھا ذکر

رَبُّكُمْ وَاحِدٌ	تم سب کا رب ایک ہے
هٰذَا فَضْلُ كَلَامِ اللّٰهِ	یہ اللہ کے کلام کا فضل ہے
اَللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ	اللہ کائنات کا پروردگار ہے
زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	دنیاوی زندگی کی زینت
رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ	عظیم عرش کا رب
بَيْتُ اللّٰهِ عَظِيْمٌ	اللہ کا گھر عظمت والا ہے
هُوَ مَالِكُ يَوْمِ الدِّيْنِ	وہ جزا کے دن کا مالک ہے

مشق نمبر ۸ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں اور مبتدا اور خبر کی نشاندہی کریں:

۱۔ اَللّٰهُ رَبُّ النَّاسِ

۲۔ اَللّٰهُ مَلِكُ النَّاسِ

۳۔ اَللّٰهُ اِلٰهُ النَّاسِ

۴۔ اَللّٰهُ مَالِكُ الْمُلْكِ

۵۔ وَعْدُ اللّٰهِ حَقٌّ

۶۔ عَذَابُ اللّٰهِ شَدِيْدٌ

۱۰۔ اَلْكَعْبَةُ بَيْتُ اللّٰهِ

۱۱۔ اَلْقُرآنُ كِتَابُ اللّٰهِ

۱۲۔ قَوْلُ الرَّسُوْلِ حَقٌّ

۱۳۔ كَيْدُ الشَّيْطَانِ ضَعِيْفٌ

۱۴۔ اَلْاِسْلَامُ دِيْنُ الْمُسْلِمِيْنَ

۱۵۔ اَلشَّيْطَانُ عَدُوُّ الْاِنْسَانِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۷۔ نَصْرُ اللّٰہِ قَرِیْبٌ
۸۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
۹۔ مُحَمَّدٌ عَبْدُ اللّٰہِ
۱۶۔ یَوْمُ الْجُمْعَۃِ یَوْمُ الْعِیْدِ
۱۷۔ فَضْلُ اللّٰہِ عَظِیْمٌ

مشق نمبر ۸ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ اسلام دین فطرت ہے۔
۲۔ قرآن اللہ کا کلام ہے۔
۳۔ اللہ کا رسول سچا ہے۔
۴۔ اللہ کا رسول امانت دار ہے۔
۵۔ اللہ کا رسول اللہ کا بندہ ہے۔
۶۔ اللہ کی کتاب حق ہے۔
۷۔ قیامت کا دن عظیم ہے۔
۸۔ دوزخ کا عذاب سخت ہے۔
۹۔ پڑوسی کا حق بڑا ہے۔
۱۰۔ رسول کا حکم خدا کا حکم ہے۔
۱۱۔ نوح اللہ کے رسول ہیں۔
۱۲۔ ہود اللہ کے نبی ہیں۔
۱۳۔ مسلمان اللہ کا فرمانبردار ہے۔
۱۴۔ اللہ کا فضل بہت زیادہ ہے۔
۱۵۔ انسان کا علم تھوڑا ہے۔
۱۶۔ مکڑی کا گھر کمزور ہے۔
۱۷۔ نماز کا وقت قریب ہے۔
۱۸۔ مسجد کا دروازہ بلند ہے۔

مشق نمبر ۹ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱۔ اِنَّ الْعِزَّۃَ لِلّٰہِ
۲۔ اِنَّ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ
۳۔ لٰکِنَّ عَذَابَ اللّٰہِ شَدِیْدٌ
۴۔ اِنَّ السَّاعَۃَ آتِیَۃٌ
۷۔ اِنَّ الشِّرْکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ
۸۔ اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ
۹۔ اِنَّ الشَّیْطَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُبِیْنٌ
۱۰۔ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَحِیْمٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۔ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۔ ۱۱۔ لَیْتَ الرَّجُلَ صَالِحٌ
۶۔ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۔ ۱۲۔ لَعَلَّ الطَّالِبَ مُجْتَهِدٌ

مشق نمبر ۹ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ بے شک اللہ جاننے والا ہے۔
۲۔ بے شک قرآن حق ہے۔
۳۔ بیشک بادشاہت اللہ کے لیے ہے۔
۴۔ بے شک رسول سچا ہے۔
۵۔ گویا کہ زید شیر ہے۔
۶۔ کاش عمارت خوبصورت ہوتی۔
۷۔ شاید استاد بیمار ہے۔
۸۔ بے شک علم نفع دینے والا ہے۔
۹۔ بے شک سامان کم ہے، لیکن قیمت زیادہ ہے۔
۱۰۔ کاش اسلام غالب ہوتا۔

مشق نمبر ۱۰

اردو میں ترجمہ کریں اور جملوں کی نحوی ترکیب کریں اور مبتدا اور خبر کی نشاندہی کریں:

۱۔ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَةٌ ۔ ۲۔ نِسَاۗؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ
۳۔ طَلَبُ كَسْبِ الْحَلَالِ فَرِیْضَةٌ ۔ ۴۔ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاۗءُ
۵۔ اُولٰۗئِكَ اَصْحَابُ النَّارِ ۔ ۶۔ اَللّٰهُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ
۷۔ تِلْكَ الْحُدُوْدُ مِنَ اللّٰهِ ۔ ۸۔ اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ
۹۔ اَلدُّنیَا مَزْرَعَةُ الْآخِرَةِ ۔ ۱۰۔ عَلٰی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ
۱۱۔ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ ۔ ۱۲۔ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَاكُمْ
۱۳۔ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ ۔ ۱۴۔ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَحِیْمٌ
۱۵۔ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ ۔ ۱۶ رَأْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۷۔ دِمَاءُ کُمْ وَ اَمْوَالُکُمْ عَلَیْکُمْ حَرَامٌ

۱۸۔ کُلُّکُمْ لِآدَمَ وَ آدَمُ مِنْ تُرَابٍ

۱۹۔ لَیسَ لِعَرَبِیٍّ فَضْلٌ عَلٰی عَجَمِیٍّ وَ لَا لِأَحْمَرَ عَلٰی الْأَسْوَدِ وَلَا لِأَسْوَدَ عَلٰی أَحْمَرَ اِلَّا بِالتَّقْوٰی

۲۰۔ وَمِنْهُمْ اُمِّیُّوْنَ ۲۱۔ اُولٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ

۲۲۔ وَ لِلْکَافِرِیْنَ عَذَابٌ مُهِیْنٌ

۲۳۔ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ وَ نَحْنُ لَهٗ عَابِدُوْنِ وَ نَحْنُ لَهٗ مَخْلِصُوْنَ

۲۴۔ هُوَ رَبُّنَا وَ رَبُّکُمْ ۲۵۔ فَإِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِلْکَافِرِیْنَ

۲۶۔ کُلُّکُمْ رَاعٍ وَ کُلُّکُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِیَّتِهٖ

۲۷۔ اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَفْضَلُ الدُّعَاءِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

۲۸۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

۲۹۔ اُولٰئِكَ عَلَیْهِمْ صَلَوٰاتٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَ رَحْمَةٌ

۳۰۔ وَلَکُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّ مَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ

۳۱۔ لَهُمْ فِي الدُّنْیَا خِزْیٌ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس السابع عشر

فعل

(Verb)

فعل اصل میں فاعل کے عمل کو کہتے ہیں۔ جس کلمہ میں کرنے یا ہونے کے معنی پائے جائیں اور اس کا زمانہ بھی پایا جائے، اس کلمہ کو فعل کہتے ہیں۔ عربی زبان میں جو کلمہ فعل کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس کلمہ میں فعل کا فاعل بھی ضمیر کی شکل میں شامل ہوتا ہے، جو کہ تعداد اور جنس کے لحاظ سے اپنی حالتیں بدلتا رہتا ہے۔ لہٰذا فعل کی شکل بھی اپنے اندر فاعل کی تبدیلی کی وجہ سے بدلتی رہتی ہے، چنانچہ فعل کی ان بدلتی ہوئی حالتوں کو فعل کے صیغے کہا جاتا ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

۱۔ واحد مذکر غائب
۲۔ تثنیہ مذکر غائب
۳۔ جمع مذکر غائب
۴۔ واحد مؤنث غائب
۵۔ تثنیہ مؤنث غائب
۶۔ جمع مؤنث غائب
۷۔ واحد مذکر حاضر
۸۔ تثنیہ مذکر حاضر
۹۔ جمع مذکر حاضر
۱۰۔ واحد مؤنث حاضر
۱۱۔ تثنیہ مؤنث حاضر
۱۲۔ جمع مؤنث حاضر
۱۳۔ واحد مذکر و مؤنث متکلم
۱۴۔ جمع مذکر و مؤنث متکلم

صیغوں کی درج بالا اشکال کو صرف کبیر، جدول یا گردان کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعل معروف یا معلوم (Active Verb):

وہ فعل، جس کی نسبت فاعل (وہ اسم جس سے فعل واقع ہو) سے ہو۔ جیسے: ضَرَبَ (اس نے مارا)۔

فاعل (Nominative):

وہ اسم جس سے کوئی فعل سرزد ہو فاعل کہلاتا ہے اور یہ ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے۔

مفعول بہ (Object):

وہ اسم جس پر کوئی فعل سرزد ہو، مفعول بہ کہلاتا ہے۔ یہ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

فعل مجہول (Passive Verb):

وہ فعل جس کی نسبت مفعول سے ہو، فعل مجہول کہلاتا ہے۔ جیسے: ضُرِبَ (وہ مارا گیا)۔

فعل لازم (Intransitive Verb):

وہ فعل جس کو مفعول بہ کی ضرورت نہ ہو، فعل لازم کہلاتا ہے۔ جیسے: کَرُمَ (وہ بزرگ ہوا) یعنی جو صرف فاعل کے ملنے سے پوری بات ظاہر کرے۔ جیسے: ذَهَبَ زَيْدٌ (زید گیا) اس جملہ میں ذَهَبَ فعل لازم ہے اور زَيْدٌ فاعل ہے چنانچہ جملہ کے مکمل ہونے کے لیے مفعول کی ضرورت نہیں۔

فعل متعدی (Transitive Verb):

وہ فعل جس کو بات پوری کرنے کے لیے فاعل کے علاوہ مفعول بہ کی بھی ضرورت پڑے، فعل متعدی کہلاتا ہے۔ جیسے: فَتَحَ اَحْمَدُ الْبَابَ (احمد نے دروازہ کھولا) اس جملہ میں فَتَحَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعل متعدی ہے اور اَحْـمَدُ فاعل ہے اَلْبَـابَ مفعول بہ۔ مفعول بہ کے بغیر یہ جملہ نامکمل رہے گا۔

فعل ماضی معروف (Past Tense):

وہ فعل جس میں فاعل کی گذشتہ زمانے کی حرکت ظاہر ہو، فعل ماضی معروف کہلاتا ہے۔

جیسے: فَعَلَ (اس نے کیا) فَتَحَ (اس نے کھولا)۔

فعل مضارع معروف (Aorist Verb):

وہ فعل جس میں فاعل کی زمانہ حال یا مستقبل کی حرکت ظاہر ہو، فعل مضارع معروف کہلاتا ہے۔ جیسے: يَـفْعَلُ (وہ کرتا ہے یا کرے گا) مستقبل قریب کے لیے مضارع کے ساتھ سَ جوڑ دیا جاتا ہے۔ جیسے: سَيَـفْعَـلُ اور مستقبل بعید کے لیے سَوْفَ لایا جاتا ہے۔ جیسے: سَوْفَ يَفْعَلُ۔

فعل امر (Imperative Verb) :

وہ فعل جس میں کام کرنے کا حکم یا عرض کا مفہوم پایا جائے، فعل امر کہلاتا ہے۔ جیسے:

اِفْعَلْ (تو کر) اِضْرِبْ (تو مار) اِهْدِ (تو ہدایت دے) ۔

فعل نہی (Prohibitive Imperative) :

وہ فعل جس میں کسی کام سے روکا جائے، فعل نہی کہلاتا ہے۔ جیسے: لَا تَفْعَلْ (تو نہ کر) لَا تَضْرِبْ (تو نہ مار)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعل ماضی قریب :

وہ فعل جس میں گذشتہ زمانہ قریب پایا جائے، فعل ماضی قریب۔ جیسے: قَدْ فَعَلَ (اس نے کیا ہے)۔

فعل ماضی بعید (Past Perfect Verb) :

وہ فعل جس میں گذشتہ دور کا زمانہ پایا جائے، فعل ماضی بعید کہلاتا ہے۔ جیسے: کَانَ فَعَلَ (اس نے کیا تھا)۔

فعل ماضی استمراری (Past Continuous Verb) :

وہ فعل جس میں فعل کا گذشتہ زمانے میں جاری رہنا پایا جائے، فعل ماضی استمراری کہلاتا ہے۔ جیسے: کَانَ یَفْعَلُ (وہ کرتا تھا یا وہ کر رہا تھا)۔

حروف علت :

﴿و، ا اور ی﴾ حروف علت کہلاتے ہیں۔

فعل صحیح:

وہ فعل جس کے حروف اصلیہ میں کوئی حرف علت نہ ہو، فعل صحیح کہلاتا ہے۔ جیسے: ضَرَبَ (اس نے مارا)۔

فعل معتل:

وہ فعل جس کے حروف اصلیہ میں حروف علت موجود ہو، فعل معتل کہلاتا ہے۔ جیسے: وَعَدَ (اس وعدہ کیا) قَالَ (اس نے کہا) وَقٰی (وہ بچا)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مادہ اور کلمات مادہ

عربی زبان کا ہر لفظ چاہے وہ اسم ہو یا فعل عموماً ایک تین حرفی مادے سے نکلا ہوا ہوتا ہے۔
جیسے: حَمِدَ، یَحْمَدُ، حَامِدٌ، مَحْمُوْدٌ ۔ان میں پہلے دو لفظ فعل اور آخری دو لفظ اسم ہیں لیکن ان سب الفاظ کا مادہ ﴿ح۔ م۔ د﴾ ہے۔ ان الفاظ میں مادے کے تین حروف کے علاوہ باقی سب حروف "ی، م، و، ا" وغیرہ اضافی ہیں جن کا اضافہ مادے کے حروف سے ان الفاظ کو بنانے کے لیے خاص قوانین کے تحت کیا گیا ہے۔
مختلف اوزان کے لیے ف ع ل (فَعَلَ) کا انتخاب شاید اسی لیے کیا گیا ہے کہ یہ حرف عربی زبان کے حروف تہجی کے سبھی مخارج کی نمائندگی کرتے ہیں یعنی ف کلمہ حروف شفوی کی عین کلمہ حروف حلقی کی اور ل کلمہ باقی حروف جن کا مخرج ہونٹوں اور گلے کے درمیان ہے۔
چنانچہ کسی بھی لفظ کے تین حرفی مادے کے پہلے حرف کو فا کلمہ کہا جاتا ہے۔ دوسرے حرف کو عین کلمہ اور تیسرے حرف کو لام کلمہ کہا جاتا ہے۔ جو حروف تہجی کے ہر مخرج کی نمائندگی کرتے ہیں۔ عربی زبان کا ہر لفظ کسی نہ کسی وزن پر ہوتا ہے چنانچہ مختلف اوزان کے لیے انہی حروف کو استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے مندرجہ بالا الفاظ کا مادہ "ح۔ م۔ د" ہے۔ اس سے پہلا لفظ حَمِدَ ، فَعِلَ کے وزن پر دوسرا لفظ یَحْمَدُ ، یَفْعَلُ کے وزن پر اور تیسرا لفظ حَامِدٌ ، فَاعِلٌ کے وزن پر چوتھا لفظ مَحْمُوْدٌ ، مَفْعُوْلٌ کے وزن پر ہے۔
فَعِلَ فعل ماضی کا وزن ہے اس لیے معلوم ہوا کہ حَمِدَ فعل ماضی ہے۔
یَفْعَلُ فعل مضارع کا وزن ہے اس لیے معلوم ہو کہ یَحْمَدُ فعل مضارع ہے۔
فَاعِلٌ اسم فاعل کا وزن ہے اس لیے معلوم ہوا کہ حَامِدٌ اسم فاعل ہے۔
مَفْعُوْلٌ اسم مفعول کا وزن ہے اس لیے معلوم ہوا کہ مَحْمُوْدٌ اسم مفعول ہے۔
چنانچہ کسی بھی کلمہ کے تین حرفی مادہ سے مقررہ اوزان کے مطابق بہت سے الفاظ بنا لیے جاتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثامن عشر

فعل ماضی معروف

وہ فعل جس میں گذشتہ زمانے کا ذکر ہو اور اس کی نسبت فاعل کی جانب ہو۔ جیسے: فَعَلَ زَیْدٌ (زید نے کیا)۔

فعل ماضی معروف

فعل	معنی	علامت	تفصیل علامت
فَعَلَ	اس (واحد مذکر) نے کیا	ـ	واحد مذکر غائب کی مستتر ضمیر
فَعَلَا	ان (دو مذکر) نے کیا	ا	ضمیر تثنیہ مذکر غائب
فَعَلُوْا	ان (سب مذکر) نے کیا	وا	ضمیر جمع مذکر غائب
فَعَلَتْ	اس (ایک مؤنث) نے کیا	ت	علامت مؤنث غائب
فَعَلَتَا	ان (دو مؤنث) نے کیا	ا	علامت تثنیہ مؤنث غائب
فَعَلْنَ	ان (سب مؤنث) نے کیا	ن	علامت جمع مؤنث غائب
فَعَلْتَ	تو (ایک مذکر) نے کیا	ت	علامت واحد مذکر حاضر
فَعَلْتُمَا	تم (دونوں مذکر) نے کیا	تما	علامت تثنیہ مذکر حاضر
فَعَلْتُمْ	تم (سب مذکر) نے کیا	تم	علامت جمع مذکر حاضر
فَعَلْتِ	تو (ایک مؤنث) نے کیا	ت	علامت واحد مؤنث حاضر
فَعَلْتُمَا	تم (دونوں مؤنث) نے کیا	تما	علامت تثنیہ مؤنث حاضر
فَعَلْتُنَّ	تم (سب مؤنث) نے کیا	تن	علامت جمع مؤنث حاضر
فَعَلْتُ	میں نے کیا (مذکر و مؤنث)	ت	علامت واحد متکلم مذکر و مؤنث
فَعَلْنَا	ہم نے کیا (مذکر و مؤنث)	نا	علامت جمع متکلم مذکر و مؤنث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صرف کبیر فعل ماضی معروف

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	فَعَلَ	فَعَلْتَ	فَعَلْتُ
	تثنیہ	فَعَلَا	فَعَلْتُمَا	فَعَلْنَا
	جمع	فَعَلُوْا	فَعَلْتُمْ	
مؤنث	واحد	فَعَلَتْ	فَعَلْتِ	
	تثنیہ	فَعَلَتَا	فَعَلْتُمَا	
	جمع	فَعَلْنَ	فَعَلْتُنَّ	

الضمائر المرفوعة فی صرف الفعل الماضی

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	---َ	---ْتَ	---ْتُ
	تثنیہ	---َا	---ْتُمَا	---ْنَا
	جمع	---ُوْا	---ْتُمْ	
مؤنث	واحد	---َتْ	---ْتِ	
	تثنیہ	---َتَا	---ْتُمَا	
	جمع	---ْنَ	---ْتُنَّ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس التاسع عشر

فعل مضارع معروف

وہ فعل جس میں زمانہ حال اور مستقبل کا ذکر ہو اور اس کی نسبت اس کے فاعل کی جانب ہو۔
جیسے: يَفْعَلُ زَيْدٌ (زید کرتا ہے یا کرے گا) یہاں زَيْدٌ فاعل ہے اور يَفْعَلُ فعل مضارع۔

فعل	معنی	علامت وتفصیل علامت
يَفْعَلُ	وہ کرتا ہے یا کرے گا	یَ علامت مضارع واحد مذکر غائب
يَفْعَلَانِ	وہ دونوں کرتے ہیں یا کریں گے	یَ علامت مضارع مذکر غائب، ا علامت تثنیہ اور ن اعرابی
يَفْعَلُوْنَ	وہ سب کرتے ہیں یا کریں گے	یَ علامت مضارع مذکر غائب، و علامت جمع اور ن اعرابی
تَفْعَلُ	وہ کرتی ہے یا کرے گی	تَ علامت مضارع مؤنث غائب
تَفْعَلَانِ	وہ دونوں کرتی ہیں یا کریں گی	تَ علامت مضارع مؤنث غائب، ا علامت تثنیہ اور ن اعرابی
يَفْعَلْنَ	وہ کرتی ہیں یا کریں گی	یَ علامت مضارع غائب، اور نَ علامت جمع مونث
تَفْعَلُ	تو کرتا ہے یا کرے گا	تَ علامت مضارع واحد مذکر حاضر
تَفْعَلَانِ	تم دونوں کرتے ہو یا کرو گے	تَ علامت مضارع مذکر حاضر، ا علامت تثنیہ اور ن اعرابی
تَفْعَلُوْنَ	تم کرتے ہو یا کرو گے	تَ علامت مضارع مذکر حاضر، و علامت جمع اور ن اعرابی
تَفْعَلِيْنَ	تو کرتی ہے یا کرے گی	تَ علامت مضارع واحد مونث حاضر اور ن اعرابی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَفْعَلَانِ	تم دونوں کرتی ہو یا کرو گی	تَ علامت مضارع مونث حاضر، ا علامت تثنیہ اور ن اعرابی
تَفْعَلْنَ	تم سب کرتی ہو یا کرو گی	تَ علامت مضارع حاضر، اور ن علامت جمع مؤنث
اَفْعَلُ	میں کرتا ہوں یا کروں گا	اَ علامت مضارع واحد متکلم
نَفْعَلُ	ہم سب کرتے ہیں یا کریں گے	نَ علامت مضارع جمع متکلم

الصرف الكبير لفعل المضارع المعروف

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	يَفْعَلُ	تَفْعَلُ	أَفْعَلُ
	تثنیہ	يَفْعَلَان	تَفْعَلَان	نَفْعَلُ
	جمع	يَفْعَلُوْنَ	تَفْعَلُوْنَ	
مؤنث	واحد	تَفْعَلُ	تَفْعَلِيْنَ	
	تثنیہ	تَفْعَلَان	تَفْعَلَان	
	جمع	يَفْعَلْنَ	تَفْعَلْنَ	

الضمائر المرفوعة في فعل المضارع

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	يَ---	تَ---	أَ---
	تثنیہ	يَ ---ان	تَ ---ان	نَ---
	جمع	يَ ---وْنَ	تَ ---وْنَ	
مؤنث	واحد	تَ---	تَ ---يْنَ	
	تثنیہ	تَ ---ان	تَ ---ان	
	جمع	يَ --- نَ	تَ --- نَ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس العشرون

ثلاثی مجرد کے ابواب

تین حرفی فعل کو فعل ثلاثی مجرد کہا جاتا ہے۔ اور اس کے صیغہ واحد مذکر غائب میں اس کے مادے کے تین حروف اپنی اصل ترتیب کے ساتھ موجود ہوتے ہیں۔ جیسے: فَتَحَ میں ﴿ف ت ح﴾ اور ضَرَبَ میں ﴿ض ر ب﴾ وغیرہ۔

فعل ثلاثی مجرد (سہ حرفی) کے پہلے حرف کو ''فا'' کلمہ کہا جاتا ہے، دوسرے حرف کو ''عین'' کلمہ اور تیسرے حرف کو ''لام'' کلمہ کہا جاتا ہے۔

فعل ثلاثی مجرد میں کسی جگہ ماضی اور مضارع کے عین کلمہ کی حرکت ایک جیسی ہوتی ہے۔ اور کسی جگہ مختلف۔ جب کہ فا کلمہ اور لام کلمہ کی حرکت ہر فعل میں مستقل ہوتی ہے۔ فعل ماضی اور اس کے مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کی نشان دہی کے لیے چند وزن مقرر کر دیے گئے ہیں۔ اور ان اوزان کو ثلاثی مجرد کے ابواب کہا جاتا ہے۔ جو کہ تعداد میں چھ ہیں۔ ان کی تفصیل یہ ہے:

باب کا نام	ماضی	مضارع	وزن	الفعل	علامت باب
فَتَحَ	فَتَحَ	يَفْتَحُ	فَعَلَ	يَفْعَلُ	ف
ضَرَبَ	ضَرَبَ	يَضْرِبُ	فَعَلَ	يَفْعِلُ	ض
نَصَرَ	نَصَرَ	يَنْصُرُ	فَعَلَ	يَفْعُلُ	ن
سَمِعَ	سَمِعَ	يَسْمَعُ	فَعِلَ	يَفْعَلُ	س
حَسِبَ	حَسِبَ	يَحْسِبُ	فَعِلَ	يَفْعِلُ	ح
كَرُمَ	كَرُمَ	يَكْرُمُ	فَعُلَ	يَفْعُلُ	ك

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نوٹ: ثلاثی مجرد سے ہر فعل ان ابواب میں سے کسی باب سے ہوتا ہے۔

مشق نمبر ۱۱

فَتَحَ، ضَرَبَ، نَصَرَ، سَمِعَ، کَرُمَ ابواب کے افعال کی ماضی اور مضارع کی گردانیں ہر صیغہ کے معانی کے ساتھ کریں۔

سلسلہ قرآنی افعال ۔ ثلاثی مجرد (صحیح)

باب فَتَحَ ﴿ف﴾

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
فَتَحَ	يَفْتَحُ	فَتْحاً	۳۳	کھولنا
جَعَلَ	يَجْعَلُ	جَعْلاً	۳۴۵	مقرر کرنا، پیدا کرنا، بنانا
رَفَعَ	يَرْفَعُ	رَفْعاً	۲۹	اٹھانا
بَعَثَ	يَبْعَثُ	بَعْثَةً	٦۷	بھیجنا
ذَهَبَ	يَذْهَبُ	ذِهَاباً	٥٦	جانا۔ به لے جانا۔
لَعَنَ	يَلْعَنُ	لَعْناً	۴۲	لعنت کرنا
شَفَعَ	يَشْفَعُ	شِفَاعَةً	۳۱	سفارش کرنا
زَعَمَ	يَزْعَمُ	زَعْماً	۱۷	خیال کرنا۔ بیان کرنا
صَنَعَ	يَصْنَعُ	صَنْعاً	۲۰	بنانا
فَعَلَ	يَفْعَلُ	فِعْلاً	۱۰۷	کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَطَعَ	يَقْطَعُ	قَطْعاً	۳۶	کاٹنا
ذَبَحَ	يَذْبَحُ	ذَبْحاً	۹	ذبح کرنا

نوٹ: اس باب میں عموماً عین یا لام کلمہ حروف حلقی میں سے ہوتا ہے۔ مندرجہ ذیل چھ حروف "حروف حلقی" کہلاتے ہیں: ء، ع، غ، ح، خ، ہ

سلسلہ قرآنی افعال ۔ ثلاثی مجرد (صحیح)

باب ضَرَبَ ﴿ ض ﴾

www.KitaboSunnat.com

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
ضَرَبَ	يَضْرِبُ	ضَرْبًا	۵۸	بیان کرنا، به مارنا، فيه سفر کرنا
عَرَفَ	يَعْرِفُ	عِرْفَانًا	۷۱	پہچاننا، جان لینا
رَجَعَ	يَرْجِعُ	رُجُوْعًا	۱۰۴	اليه کسی کی طرف لوٹنا، عنه کسی جگہ سے لوٹنا
ظَلَمَ	يَظْلِمُ	ظُلْمًا	۲۸۵	زیادتی کرنا، بے موقع استعمال کرنا
كَسَبَ	يَكْسِبُ	كَسْبًا	۶۷	کمانا
عَقَلَ	يَعْقِلُ	عَقْلًا	۵۹	سمجھنا
مَلَكَ	يَمْلِكُ	مُلْكًا	۲۰۶	مالک ہونا، علیه حکمرانی کرنا
فَتَنَ	يَفْتِنُ	فِتْنَةً	۴۴	آزمائش میں ڈالنا
كَذَبَ	يَكْذِبُ	كِذْبًا	۲۸۱	جھوٹ بولنا
غَلَبَ	يَغْلِبُ	غَلْبًا	۳۸	علیه غالب ہونا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَزَعَ	يَنْزِعُ	نَزْعًا	۲۰	مرنے کے قریب ہونا
لَبَسَ	يَلْبِسُ	لَبْسًا	۷	حق کو باطل سے گڈمڈ کرنا

سلسلہ قرآنی افعال ۔ ثلاثی مجرد (صحیح)

باب نَصَرَ ﴿ن﴾

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
نَصَرَ	يَنْصُرُ	نَصْرًا	۱۵۷	مدد کرنا
بَلَغَ	يَبْلُغُ	بُلُوْغًا	۷۸	بالغ ہونا، پہنچنا
قَتَلَ	يَقْتُلُ	قَتْلًا	۱۷۲	قتل کرنا
قَدَرَ	يَقْدُرُ	قَدْرًا	۱۳۱	علیه قادر ہونا
صَدَقَ	يَصْدُقُ	صِدْقًا	۱۵۲	سچ بولنا
رَزَقَ	يَرْزُقُ	رِزْقًا	۱۲۳	روزی دینا، عطا کرنا
تَرَكَ	يَتْرُكُ	تَرْكًا	۴۳	چھوڑنا، له ترکہ چھوڑنا
كَفَرَ	يَكْفُرُ	كُفْرًا	۵۲۴	چھپالینا، ڈھانپنا، به ماننے سے انکار کرنا
بَسَطَ	يَبْسُطُ	بَسْطًا	۲۵	رزق کشادہ کرنا، ظاہر کرنا
بَرَزَ	يَبْرُزُ	بُرُوْزًا	۱۰	ظاہر ہونا، له مقابلے پر نکلنا
غَفَلَ	يَغْفُلُ	غَفْلَةً	۳۵	عن غافل ہونا
حَشَرَ	يَحْشُرُ	حَشْرًا	۴۲	لوگوں کو جمع کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سلسلہ قرآنی افعال ۔ ثلاثی مجرد (صحیح)

باب سَمِعَ ﴿س﴾

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
سَمِعَ	يَسْمَعُ	سَمْعًا	۱۸۵	آواز سننا
حَسِبَ	يَحْسَبُ	حُسْبَانًا	۱۱۰	گمان کرنا
عَلِمَ	يَعْلَمُ	عِلْمًا	۸۵۸	علم رکھنا، به پہچاننا
عَمِلَ	يَعْمَلُ	عَمَلًا	۳۵۹	کسی کا کرنا
حَبِطَ	يَحْبَطُ	حَبُوْطًا	۱۶	عمل برباد ہونا
خَسِرَ	يَخْسَرُ	خُسْرَانًا	۶۵	نقصان اٹھانا
غَضِبَ	يَغْضَبُ	غَضْبًا	۲۵	عليه غضبناک ہونا
تَبِعَ	يَتْبَعُ	تِبَاعًا	۱۷۲	مطیع ہونا، پیچھے چلنا
لَبِثَ	يَلْبَثُ	لَبْثًا	۳۰	به کسی جگہ ٹھہرنا
فَرِحَ	يَفْرَحُ	فَرَحًا	۲۲	به خوش ہونا
حَفِظَ	يَحْفَظُ	حِفْظًا	۴۴	زبانی یاد کرنا، حفاظت کرنا
رَغِبَ	يَرْغَبُ	رَغْبَةً	۸	فيه چاھنا، خواہش کرنا، عنه چاھنا
شَرِبَ	يَشْرَبُ	شُرْبًا	۳۹	پینا
لَبِسَ	يَلْبَسُ	لُبْسًا		کپڑا پہننا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سلسلہ قرآنی افعال ۔ ثلاثی مجرد (صحیح)

باب کَرُمَ ﴿ ک ﴾

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
کَرُمَ	یَکْرُمُ	کِرَامًا	۴۷	بزرگ ہونا، باعزت ہونا
حَسُنَ	یَحْسُنُ	حُسْنًا	۱۹۴	خوبصورت ہونا
قَرُبَ	یَقْرُبُ	قُرْبًا	۹۶	منه، علیه قریب ہونا
بَعُدَ	یَبْعُدُ	بُعْدًا	۲۳۲	عنه دور ہونا
بَصُرَ	یَبْصُرُ	بَصَارَةً	۱۳۲	دیکھنا
عَلُنَ	یَعْلُنُ	عَلَانِیَةً	۱۶	ظاہر ہونا، معلوم ہونا
کَبُرَ	یَکْبُرُ	کِبْرًا	۱۶۱	عمر میں بڑا ہونا، رتبے میں بڑا ہونا

نوٹ:

۱۔ اس باب سے سب فعل، فعل لازم ہوتے ہیں۔

۲۔ اس باب سے اسم فاعل فَعِیْلٌ کے وزن پر آیا کرتا ہے۔ جیسے: کَرُمَ سے کَرِیْمٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الحادی والعشرون

فعل مجہول Passive verb

ایسا فعل جس کی نسبت فاعل کی بجائے مفعول کی جانب ہو فعل مجہول کہلاتا ہے۔ کیونکہ اس میں فعل سرزد ہونے کے باوجود فعل کا فاعل مجہول ہوتا ہے۔ جیسے: قُتِلَ الرَّجُلُ (آدمی قتل کیا گیا)۔ یہاں آدمی مفعول ہے۔ جس کی نسبت فعل سے ہے۔

فعل متعدی کا مجہول بنتا ہے جبکہ فعل لازم کا مجہول نہیں بنتا۔ فعل مجہول کے بعد جو مفعول آتا ہے وہ فعل مجہول کا نائب فاعل کہلاتا ہے اور مرفوع ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی دوسرا مفعول بھی ہو تو وہ منصوب ہی آئے گا۔ جیسے عُلِمَ زَیْدٌ صَادِقًا (زید سچا جانا گیا) یہاں زَیْدٌ مفعول ہے لیکن نائب فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے اور صَادِقًا دوسرا مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

فعل ماضی مجہول (Passive Verb):

فعل ماضی معروف سے ماضی مجہول بنانے کے لیے، ماضی معروف کے فا کلمہ کو پیش اور عین کلمہ کو زیر دینے سے ماضی مجہول بن جاتا ہے۔ جیسے: فَعَلَ سے فُعِلَ (وہ کیا گیا) سَمِعَ سے سُمِعَ (وہ سنا گیا)۔

صرف کبیر فعل ماضی مجہول

	غائب	حاضر	متکلم
واحد	فُعِلَ	فُعِلْتَ	فُعِلْتُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مذکر	تثنیہ	فُعِلَا	فُعِلْتُمَا	فُعِلْنَا
	جمع	فُعِلُوْا	فُعِلْتُمْ	
	واحد	فُعِلَتْ	فُعِلْتِ	
مؤنث	تثنیہ	فُعِلَتَا	فُعِلْتُمَا	
	جمع	فُعِلْنَ	فُعِلْتُنَّ	

مشق نمبر ۱۲

تَبِعَ اور رَزَقَ سے ماضی مجہول کی گردان کریں۔

فعل مضارع مجهول (Aorist Passive Verb):

فعل مضارع مجہول بنانے کے لیے مضارع کی نشانی پر پیش اور عین کلمہ پر زبر پڑھی جاتی ہے۔ جیسے: يَفْعَلُ سے يُفْعَلُ (وہ کیا جاتا ہے) اور يَضْرِبُ سے يُضْرَبُ (وہ مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا)۔

صرف کبیر فعل مضارع مجهول

		غائب	حاضر	متکلم
	واحد	يُفْعَلُ	تُفْعَلُ	أُفْعَلُ
مذکر	تثنیہ	يُفْعَلَانِ	تُفْعَلَانِ	نُفْعَلُ
	جمع	يُفْعَلُوْنَ	تُفْعَلُوْنَ	
	واحد	تُفْعَلُ	تُفْعَلِيْنَ	
مؤنث	تثنیہ	تُفْعَلَانِ	تُفْعَلَانِ	
	جمع	يُفْعَلْنَ	تُفْعَلْنَ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۱۳ (الف)

۱۔ عَلِمَ اور ظَلَمَ سے مضارع مجہول کی گردان کریں۔

مشق نمبر ۱۳ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ وہ مدد کیے جائیں گے۔
۲۔ ہم آزمائش میں ڈالے جائیں گے۔
۳۔ وہ لعنت کیے جائیں گے۔
۴۔ تم اٹھائے جاؤ گے۔
۵۔ وہ ذبح ہوگا۔
۶۔ میں جانا جاؤں گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثانی والعشرون

فعل ماضی کی مختلف اقسام

فعل ماضی قریب(Present perfect verb) :

وہ فعل جس میں قریب کا گذشتہ زمانہ پایا جائے۔ جیسے: قَدْ فَعَلَ (اس نے کیا ہے)۔ ماضی سے پہلے قَدْ لگانے سے ماضی قریب بن جاتا ہے اور تاکید کے معنی آجاتے ہیں۔

صرف کبیر فعل ماضی قریب

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	قَدْ فَعَلَ	قَدْ فَعَلْتَ	قَدْ فَعَلْتُ
	تثنیہ	قَدْ فَعَلَا	قَدْ فَعَلْتُمَا	قَدْ فَعَلْنَا
	جمع	قَدْ فَعَلُوا	قَدْ فَعَلْتُمْ	
مؤنث	واحد	قَدْ فَعَلَتْ	قَدْ فَعَلْتِ	
	تثنیہ	قَدْ فَعَلَتَا	قَدْ فَعَلْتُمَا	
	جمع	قَدْ فَعَلْنَ	قَدْ فَعَلْتُنَّ	

فعل ماضی بعید:(Past perfect verb)

فعل ماضی پر کَانَ داخل کرنے سے ماضی بعید بن جاتی ہے۔ جیسے: کَانَ فَعَلَ (اس نے کیا تھا)۔

نوٹ: کَانَ کے صیغے بھی ماضی کے صیغوں کے مطابق آئیں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صرف کبیر فعل ماضی بعید

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	كَانَ فَعَلَ	كُنتَ فَعَلْتَ	كُنتُ فَعَلْتُ
	تثنیہ	كَانَا فَعَلَا	كُنتُمَا فَعَلْتُمَا	كُنَّا فَعَلْنَا
	جمع	كَانُوا فَعَلُوا	كُنتُمْ فَعَلْتُمْ	
مؤنث	واحد	كَانَتْ فَعَلَتْ	كُنتِ فَعَلْتِ	
	تثنیہ	كَانَتَا فَعَلَتَا	كُنتُمَا فَعَلْتُمَا	
	جمع	كُنَّ فَعَلْنَ	كُنتُنَّ فَعَلْتُنَّ	

مشق نمبر ۱۴

جَمَعَ، عَمِلَ، قَرُبَ، ان افعال کی ماضی بعید کی گردان کریں۔

فعل ماضی استمراری (جاری): (Past continuous verb)

مضارع معروف سے پہلے كَانَ لگانے سے ماضی استمراری بن جاتی ہے۔ جیسے: يَفْعَلُ (وہ کام کرتا ہے یا کرے گا) سے پہلے كَانَ لگا دیں تو كَانَ يَفْعَلُ (وہ کام کر رہا تھا یا وہ کام کرتا تھا)۔

صرف کبیر فعل ماضی استمراری

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	كَانَ يَفْعَلُ	كُنتَ تَفْعَلُ	كُنتُ أَفْعَلُ
	تثنیہ	كَانَا يَفْعَلَانِ	كُنتُمَا تَفْعَلَانِ	كُنَّا نَفْعَلُ
	جمع	كَانُوا يَفْعَلُونَ	كُنتُمْ تَفْعَلُونَ	
	واحد	كَانَتْ تَفْعَلُ	كُنتِ تَفْعَلِينَ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مؤنث	تثنیہ	كَانَتَا تَفْعَلَانِ	كُنْتُمَا تَفْعَلَانِ	
	جمع	كُنَّ يَفْعَلْنَ	كُنْتُنَّ تَفْعَلْنَ	

مشق نمبر ۱۵

سَجَدَ، شَرِبَ، صَدَقَ سے ماضی استمراری کی گردان کریں۔

مشق ۱۶ (الف)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ اس نے جانا تھا۔
۲۔ ہم نے سنا تھا۔
۳۔ تو خوش ہوا تھا۔
۴۔ تم نے گمان کیا تھا۔
۵۔ وہ قریب ہوئے تھے۔
۶۔ تم ٹھہرے تھے۔
۷۔ میں نے پیا تھا۔
۸۔ تو نے ظلم کیا تھا۔
۹۔ میں نے صبر کیا تھا۔
۱۰۔ تم اترے تھے۔
۱۱۔ تم سب نے لکھا تھا۔
۱۲۔ تم دونوں نے حاصل کیا تھا۔
۱۳۔ ہم نے شکر کیا تھا۔
۱۴۔ وہ واپس لوٹے تھے۔
۱۵۔ تم سب عورتوں نے انکار کیا تھا۔
۱۶۔ ہم نے عبادت کی تھی۔
۱۷۔ ان سب عورتوں نے سجدہ کیا تھا۔
۱۸۔ وہ گیا تھا۔

مشق نمبر ۱۶ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ تم سب عورتیں سجدہ کر رہی تھیں۔
۲۔ وہ سب گواہی دے رہی تھیں۔
۸۔ وہ سن رہی تھی۔
۹۔ تو پی رہا تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۔ وہ دونوں عبادت کرر ہے تھے۔
۴۔ تم دونوں نقصان اٹھا رہے تھے۔
۵۔ وہ دیکھ رہا تھا۔
۶۔ ہم یاد کرر ہے تھے۔
۷۔ میں سچ بول رہا تھا۔

۱۰۔ تم دونوں شکر کرر ہی تھیں۔
۱۱۔ تم سب رحم کرر ہے تھے۔
۱۲۔ وہ دونوں جان رہی تھیں۔
۱۳۔ تو جان رہی تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثالث والعشرون

جملہ فعلیہ

(Verbal Sentence)

۱۔ جملہ فعلیہ میں پہلا جز و فعل ہوتا ہے۔ فعل کے بعد عموماً فاعل آتا ہے۔ جیسے: ذَھَبَ زَیْدٌ (زید گیا) فاعل مرفوع ہوتا ہے۔ اگر فعل متعدی ہو تو فاعل کے ساتھ، بعد میں مفعول بہ بھی آتا ہے۔ جو کہ منصوب ہوتا ہے۔ جیسے: فَتَحَ زَیْدٌ بَاباً (زید نے دروازہ کھولا) اس کے سوا باقی سب متعلقات کہلاتے ہیں، جو فعل اور فاعل یا مفعول پر مقدم بھی ہو سکتے ہیں۔

مفعول ایک سے زیادہ بھی آ سکتے ہیں، اس صورت میں سب مفعول منصوب ہوں گے۔ جیسے: عَلِمَ حَامِدٌ خَالِداً صَالِحاً (حامد نے خالد کو نیک جانا)۔

۲۔ اگر فاعل، فعل کے بعد ظاہر ہو کر آئے تو جملہ فعلیہ میں فعل ہمیشہ واحد کا صیغہ رہے گا۔ فاعل خواہ تثنیہ ہو یا جمع۔ جیسے: ذَھَبَ رَجُلٌ (ایک آدمی گیا) ذَھَبَ رَجُلَانِ (دو آدمی گئے) ذَھَبَ رِجَالٌ (سب آدمی گئے) البتہ فاعل مذکر کے لیے فعل مذکر اور فاعل مؤنث کے لیے فعل مؤنث آئے گا۔ جیسے: کَتَبَتِ ابْنَةٌ (لڑکی نے لکھا) کَتَبَتِ ابْنَتَانِ (دو لڑکیوں نے لکھا)، کَتَبَتْ بَنَاتٌ (سب لڑکیوں نے لکھا)۔

۳۔ فاعل اگر جمع مکسر غیر عاقل ہو تو فعل واحد مؤنث آئے گا۔ جیسے: ذَھَبَتِ الْجِمَالُ (اونٹ گئے) اور کبھی جمع مکسر عاقل کے لیے بھی فعل واحد مؤنث لایا جاتا ہے۔ جیسے: قَالَتِ الْیَھُوْدُ (یہودیوں نے کہا)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۔ فعل مجہول کے ساتھ فاعل نہیں آتا، بلکہ مفعول آتا ہے اور اس کو نائب فاعل کہتے ہیں اور فاعل کی طرح اسے رفع یعنی پیش دے دی جاتی ہے۔ جیسے: ضُرِبَ زَيْدٌ (زید مارا گیا) يُضْرَبُ زَيْدٌ (زید مارا جائے گا) لیکن جن فعلوں کے مفعول دو ہوں (بغیر فاعل کے) ان کے لیے نائب فاعل بھی دو ہوں گے، لیکن پہلا مرفوع اور دوسرا منصوب پڑھا جائے گا۔ جیسے: عُلِمَ خَالِدٌ صَالِحاً (خالد نیک جانا گیا)۔

۵۔ فعل کے ساتھ جب ضمیر متصل (مفعولی ضمیر) جڑ کر آئے تو فاعل ضمیر کے بعد آئے گا، جیسے نَصَرَهُ خَالِدٌ (خالد نے اس کی مدد کی) اس صورت میں فعل ماضی کا صیغہ جمع حاضر میں تُمْ کی بجائے تُمُوْ پڑھا جائے گا۔ جیسے: نَصَرْتُمُوْهُ (تم سب نے اس کی مدد کی)۔

مشق نمبر ۱۷ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱. يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ (۲:۷۵)
۲. وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا (۲:۱۴۳) كَذَٰلِكَ (اس طرح سے)
۳. وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ (۲:۶۳)
۴. وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً (۴۶:۱۵)
۵. فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ (۵۴:۱۱)
۶. ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ (۱۰:۱۴)
۷. إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ (۱۶:۹۱)
۸. وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ الْبَنَاتِ (۱۶:۵۷)
۹. وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ (۶:۱)
۱۰. جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا (۴۲:۱۱)
۱۱. قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُونَ أَنبِيَاءَ اللَّهِ مِن قَبْلُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (۲:۹۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

١٢. يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ (٤٧ :٢٧)أَدْبَار (جمع دُبُر بمعنی پیٹھ)
١٣. كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ (١٣ :١٧)يَضْرِبُ (بیان کرنا)
١٤. وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ (٤ :١٠١) ضَرَبْتُمْ (سفر کرنا)
١٥. لِمَ تَلْبِسُونَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُونَ الْحَقَّ (٣ :٧١)
١٦. يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمْ
١٧. الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ(٦ :٢٠)
١٨. وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا (١٦ :٣٦)
١٩. ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ (٢ :١٧) ذَهَبَ به (لے گیا)
٢٠. وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ (٢ :٢٠)
٢١. لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن بَنِي إِسْرَائِيلَ (٥:٧٨)
٢٢. مَن ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ (٢ :٢٥٥)
٢٣. أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ (٦ :٢٢)
٢٤. وَطُبِعَ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُونَ (٩ :٨٧)
٢٥. وَأَنتُمْ لَا تَشْعُرُونَ (٤٩ :٢)
٢٦. فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ (٢ :٧١) كَادُوا (نزدیک ہونا)
٢٧. مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزَى إِلَّا مِثْلَهَا وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ (٤٠:٤٠)
٢٨. كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ(٢٩ :٥٧)
٢٩. فَلَمَّا رَجَعُوا إِلَى أَبِيهِمْ (١٢ :٦٣)
٣٠. رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا (٧ :٢٣)
٣١. إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلَكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (١٠ :٤٤)
٣٢. وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا (٦ :١٦٤)
٣٣. إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ (١٣ :٣)
٣٤. مَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ (٢٢ :٧٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۵. فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقَادِرُونَ (۷۷ :۲۳)
۳۶. لَّا يَقْدِرُونَ عَلَى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوا (۲ :۲۶٤)
۳۷. فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَلَا ضَرًّا (۳٤ :٤۲)
۳۸. وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ (۲۹ :۳)
۳۹. وَلَهُم عَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ (۲ :۱۰)
٤۰. غُلِبَتِ الرُّومُ فِي أَدْنَى الْأَرْضِ وَهُم مِّن بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ فِي بِضْعِ سِنِينَ (۳۰ :۲-٤) أَدْنَى (نزدیک) بِضع (چند، لیکن نو سے کم)
٤۱. وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ (۷ :۱۰۸) نَزَعَ (بغل سے نکالنا) بَيْضَاءُ (سفید)
٤۲. لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ (٤ :۷) نَصِيبٌ (حصہ)
٤۳. وَحُشِرَ لِسُلَيْمَانَ جُنُودُهُ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ وَالطَّيْرِ (۲۷ :۱۷) جُنُود (لشکر)
٤٤. وَالَّذِينَ كَفَرُوا إِلَى جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ (۸:۳٦)
٤٥. وَلَوْ بَسَطَ اللَّهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهِ لَبَغَوْا فِي الْأَرْضِ (٤۲ :۲۷)
٤٦. وَبَرَزُوا لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (۱٤ :٤۸)
٤۷. فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّن قَبْلِهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ (۱۰ :۱٦)
٤۸. قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ (۱۸ :۱۹)
٤۹. وَفَرِحُوا بِالْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا وَمَا الْحَيَوٰةُ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مَتَاعٌ (۱۳:۲٦) مَتَاعٌ (پونجی)
۵۰. قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ (٦:۱٤۰) سفهًا (بیوقوفی)
۵۱. فَمَن تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي (۱٤ :۳٦)
۵۲. وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ (٤۸ :٦)
۵۳. وَحَفِظْنَاهَا مِن كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ (۱۵ :۱۷)
۵٤. وَمَن يَرْغَبُ عَن مِّلَّةِ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا مَن سَفِهَ نَفْسَهُ (۲ :۱۳۰)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۵. وَلٰـكِن بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ (۹: ٤٢)　　الشُّقَّةُ (سختی)

مشق نمبر ۱۷(ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ اللہ کا کلام سنا گیا۔　　۲۔ اللہ کا کلام سنا جاتا ہے۔

۳۔ مسلمانوں نے اللہ کا کلام سنا۔　　۴۔ کیا تم اللہ کا کلام سنتے ہو؟

۵۔ ہاں ہم اللہ کا کلام سنتے ہیں۔　　۶۔ اس طرح تم درمیانی امت بن گئے ہو۔

۷۔ مسلمان درمیانی امت بنائے گئے ہیں۔　　۸۔ اور ان کے اوپر طور (پہاڑ) اٹھایا گیا۔

۹۔ میں پچاس برس کا ہو گیا۔

۱۰۔ قیامت کے دن آسمان کے دروازے کھل جائیں گے۔

۱۱۔ اللہ نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا۔

۱۲۔ پھر اللہ نے انسان کو زمین میں اپنا نائب مقرر کیا۔

۱۳۔ ہمارے اجداد اسی طرح کیا کرتے تھے۔　　۱۴۔ مشرک اللہ کے شریک تجویز کرتے ہیں۔

۱۵۔ اللہ نے حدیں مقرر کیں۔　　۱۶۔ اللہ نے ہر چیز کے جوڑے بنائے۔

۱۷۔ مسلمانوں نے ظالموں کو قتل کیا۔　　۱۸۔ اللہ نے مچھر کی مثال دی۔

۱۹۔ ہم زمین میں سفر کرتے ہیں۔　　۲۰۔ موسیٰ نے قبطی کو مارا۔

۲۱۔ اس طرح اللہ کا رسول اللہ کے احکام بیان کرتا ہے۔

۲۲۔ بنی اسرائیل نے حق کو باطل کے ساتھ خلط ملط کر دیا۔

۲۳۔ لوگ جھوٹوں کو جانتے ہیں۔　　۲۴۔ اللہ نے ہماری طرف اپنا رسول بھیجا۔

۲۵۔ نمازی مسجد کی طرف گئے۔　　۲۶۔ خالد اپنی کتاب لے گیا۔

۲۷۔ اللہ نے جھوٹوں پر لعنت کی۔　　۲۸۔ کیا فاسقوں کی سفارش کی جائے گی؟

۲۹۔ وہ اپنے معبودوں کو رب مانتے ہیں۔　　۳۰۔ جادوگروں نے جادو کی خفیہ تدبیر بنائی۔

۳۱۔ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی۔　　۳۲۔ مشرکوں کے عمل ضائع ہو جائیں گے۔

۳۳۔ اللہ ظالموں کی جڑ کاٹ دیتا ہے۔　　۳۴۔ میں نے گائے کو ذبح کیا۔

۳۵۔ عورتیں نیک کام کرتی ہیں۔　　۳۶۔ لوگ گھروں کی طرف لوٹے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۷۔ پھر تم میری طرف لوٹو گے۔ ۳۸۔ وہ شہر سے نہیں لوٹیں گے۔
۳۹۔ مشرکوں نے مسلمانوں پر ظلم کیا۔ ۴۰۔ تم کیوں مسکینوں پر ظلم کرتے ہو۔
۴۱۔ ۔ہم رزق حلال کماتے ہیں۔ ۴۲۔ کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے۔
۴۳۔ انہوں نے اللہ کے رسول کی قدر نہ کی۔ ۴۴۔ کیا تم نے عمارت کا تخمینہ لگایا۔
۴۵۔ وہ تم پر قدرت نہیں رکھتے۔ ۴۶۔ خالد ایک گھر کا مالک ہے۔
۴۷۔ تم نے مجھے آزمائش میں ڈال دیا۔ ۴۸۔ لوگوں نے جھوٹ بولا۔
۴۹۔ خالد نے حامد پر غلبہ پالیا۔
۵۰۔ تم نے اپنا ہاتھ گریبان سے کیوں نکالا؟۔
۵۱۔ اللہ اپنی مخلوق کو رزق دیتا ہے (۲:۲۱۲)۔
۵۲۔ ایک مومن دوسرے مومن کو قتل نہیں کرتا۔ ۵۳۔ خالد نے ایک گھر ترکے میں چھوڑا۔
۵۴۔ اللہ قیامت کے دن انسانوں کو اکٹھا کرے گا۔
۵۵۔ اور وہ فاسقوں کو جہنم کی طرف ہانکے گا۔ ۵۶۔ ان کے لیے رزق کشادہ کیا گیا۔
۵۷۔ وہ اللہ کے راستے میں نکلا۔ ۵۸۔ میں اس شہر میں بیس سال رہا۔
۵۹۔ تم دنیا میں کس طرح رہتے ہو۔ ۶۰۔ کیا تم دنیاوی زندگی کے ساتھ خوش ہو۔
۶۱۔ یقیناً وہ خسارے میں ہوا جس نے نیک عمل نہ کیا۔
۶۲۔ جو اللہ کے رسول کی پیروی کرتا ہے وہ مومن ہے۔
۶۳۔ لوگ اپنے بادشاہ پر ناراض ہو گئے کہ وہ گناہ کرتا تھا۔
۶۴۔ اللہ مومنوں کی حفاظت کرتا ہے۔
۶۵۔ نیک لوگ اللہ کے نزدیک خوبصورت ہو جاتے ہیں۔ ۶۶۔ تم سے بیماری دور ہو گئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سلسلہ قرآنی افعال ۔ ثلاثی مجرد (صحیح)

باب فَتَحَ ﴿ف﴾

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
رَكَعَ	يَرْكَعُ	رُكُوْعًا	۱۳	سر جھکانا
ظَهَرَ	يَظْهَرُ	ظُهُوْرًا	۵۱	ظاہر ہونا
نَفَعَ	يَنْفَعُ	نَفْعًا	۵۰	ہ، ب فائدہ دینا
زَرَعَ	يَزْرَعُ	زَرْعًا	۱۴	کاشت کرنا

باب ضَرَبَ ﴿ض﴾

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
غَفَرَ	يَغْفِرُ	غَفْرًا	۲۴۹	له کسی کا گناہ معاف کرنا
كَشَفَ	يَكْشِفُ	كَشْفًا	۲۰	عنه کھولنا، ظاہر کرنا
صَبَرَ	يَصْبِرُ	صَبْرًا	۱۰۲	علیه کسی چیز پر صبر کرنا ۔ عنه کسی چیز کی خواہش کرنا کسی چیز سے رکنا
حَمَلَ	يَحْمِلُ	حَمْلًا	۶۴	عنه دوسرے کی طرف سے اٹھانا ۔ علیه لادنا، عورت کا حمل ہونا
نَكَحَ	يَنْكِحُ	نِكَاحًا	۲۳	شادی کرنا
عَدَلَ	يَعْدِلُ	عَدْلًا	۲۸	انصاف کرنا، سیدھا کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سلسلہ قرآنی افعال ۔ ثلاثی مجرد (صحیح)

باب نَصَرَ ﴿ن﴾

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
ذَكَرَ	يَذْكُرُ	ذِكْرًا	۲۹۰	یاد کرنا، ذہن نشین رکھنا
سَكَنَ	يَسْكُنُ	سُكُوْنًا	۶۰	ٹھہرنا، فيه کسی گھر میں رہائش اختیار کرنا
خَلَدَ	يَخْلُدُ	خُلُوْدًا	۸۳	ہمیشہ رہنا
قَنَتَ	يَقْنُتُ	قُنُوْتًا	۱۳	اطاعت کرنا
نَظَرَ	يَنْظُرُ	نَظْرًا	۱۲۹	دیکھنا
حَضَرَ	يَحْضُرُ	حُضُوْرًا	۲۵	حاضر ہونا
شَكَرَ	يَشْكُرُ	شُكْرًا	۷۵	له کسی کا شکر ادا کرنا
سَجَدَ	يَسْجُدُ	سُجُوْدًا	۹۲	جھکنا، له کسی کو سجدہ کرنا
عَبَدَ	يَعْبُدُ	عِبَادَةً	۲۷۵	عبادت کرنا
كَتَبَ	يَكْتُبُ	كِتَابًا، كَتْبًا	۳۱۹	لکھنا، عليه واجب قرار دینا
كَتَمَ	يَكْتُمُ	كَتْمًا	۲۱	چھپانا
حَكَمَ	يَحْكُمُ	حُكْمًا	۲۱۰	حکومت کرنا، عليه خلاف فیصلہ دینا
دَخَلَ	يَدْخُلُ	دُخُوْلًا	۱۲۵	فيه داخل ہونا، به داخل کرنا
خَرَجَ	يَخْرُجُ	خُرُوْجًا	۱۸۲	منه نکلنا، به لے کر نکلنا
قَعَدَ	يَقْعُدُ	قُعُوْدًا	۳۲	بیٹھ جانا
نَكَثَ	يَنْكُثُ	نَكْثًا	۷	عہد کا توڑنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دَرَسَ	يَدْرُسُ	دَرْسًا	۸	کتاب کا پڑھنا

سلسلہ قرآنی افعال ۔ ثلاثی مجرد (صحیح)

باب سَمِعَ ﴿س﴾

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
رَحِمَ	يَرْحَمُ	رَحْمَةً	۳۳۹	رحم کرنا، کسی پر ترس کھانا
حَذِرَ	يَحْذَرُ	حَذْرًا	۲۱	بچنا، ڈرنا
شَهِدَ	يَشْهَدُ	شَهَادَةً	۱۶۰	معائنہ کرنا، گواہی دینا، موجود ہونا عليه خلاف گواہی دینا، له کسی کے حق میں گواہی دینا
ضَحِكَ	يَضْحَكُ	ضَحْكًا	۱۰	ہنسنا
طَمِعَ	يَطْمَعُ	طَمْعًا	۱۲	کسی چیز کا لالچ کرنا
حَزِنَ	يَحْزَنُ	حَزْنًا	۴۱	غمگین ہونا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الرابع والعشرون

اسماءِ مشتقہ

(Derived Nouns)

عربی زبان کی یہ خوبی ہے کہ اس کا ہر لفظ چاہے وہ فعل ہو یا اسم، کچھ قوانین کے تحت عموماً ایک سہ حرفی مادہ سے نکلا ہوا ہوتا ہے۔ جیسے: قَتَلَ (اس نے قتل کیا) قَاتِلٌ (قتل کرنے والا) مَقْتُوْلٌ (قتل ہونے والا) مَقْتَلٌ (قتل کرنے کی جگہ) وغیرہ۔ یہ سب الفاظ ایک تین حرفی مادہ ق ت ل سے نکلے ہوئے ہیں۔ اور بعض اوقات کسی ایک ہی مادہ سے نکلنے والے الفاظ کی تعداد سو سے بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔ ہر مادہ کے کچھ بنیادی معانی ہوتے ہیں جو اس سے نکلنے والے ہر لفظ میں کسی نہ کسی شکل میں عموماً پائے جاتے ہیں۔ مادہ سے الفاظ کے نکلنے کے عمل کو اِشْتِقَاق (پھوٹنا) کہتے ہیں۔ اور نکلنے والے لفظ کو مشتق کہتے ہیں۔ واضح رہے کہ ثلاثی مجرد کے فعل ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب صرف مادے کے حروف پر مشتمل ہوتا ہے۔ تین حرفی مادہ سے نکلنے والے اسماء حسب ذیل ہیں۔

۱۔ اسم فاعل (Agent Noun)

۲۔ اسم مفعول (Patient Noun)

۳۔ اسم ظرف زمان یا مکان (Noun of Place or Time)

۴۔ اسم آلہ (Noun of Instrument)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۔ اسم تفضیل (Comparative Degree)

۶۔ اسم مبالغہ (Superlative Noun)

۷۔ اسم صفت (Noun of Adjective)

اسم فاعل:

وہ اسم ہے جو اس ذات کو بتائے جس سے اس کے مادے سے نکلنے والا فعل صادر ہو۔ یہ فَاعِلٌ کے وزن پر لایا جاتا ہے۔ جیسے: فَعَلَ سے فَاعِلٌ، ضَرَبَ سے ضَارِبٌ، نَصَرَ سے نَاصِرٌ، سَمِعَ سے سَامِعٌ۔ البتہ باب کَرُمَ سے فَعِيْلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے کَرِيْمٌ۔

اسم فاعل بعض اوقات فعل حال استمراری کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: اَلْوَلَدُ ذَاهِبٌ (لڑکا جارہا ہے)۔

اس کی گردان یوں ہوگی۔

		وزن	مثال	معنی
مذکر	واحد	فَاعِلٌ	ضَارِبٌ	مارنے والا
	تثنیہ	فَاعِلَانِ	ضَارِبَانِ	دو مارنے والے
	جمع	فَاعِلُوْنَ	ضَارِبُوْنَ	مارنے والے
مونث	واحد	فَاعِلَةٌ	ضَارِبَةٌ	مارنے والی
	تثنیہ	فَاعِلَتَانِ	ضَارِبَتَانِ	دو مارنے والیاں
	جمع	فَاعِلَاتٌ	ضَارِبَاتٌ	مارنے والیاں

اسم مفعول:

اسم مفعول وہ اسم ہے جو اس ذات کو بتائے جس پر اس کے مادے سے نکلنے والا فعل صادر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو۔جیسے: فَعَلَ سے مَفْعُوْلٌ، ضَرَبَ سے مَضْرُوْبٌ، نَصَرَ سے مَنْصُوْرٌ، سَمِعَ سے مَسْمُوْعٌ۔ فعل لازم سے مفعول نہیں آتا۔ گردان یوں ہوگی۔

		وزن	مثال	معنی
مذکر	واحد	مَفْعُوْلٌ	مَقْتُوْلٌ	قتل ہونے والا
	تثنیہ	مَفْعُوْلَانِ	مَقْتُوْلَانِ	دو قتل ہونے والے
	جمع	مَفْعُوْلُوْنَ	مَقْتُوْلُوْنَ	کئی قتل ہونے والے
مونث	واحد	مَفْعُوْلَةٌ	مَقْتُوْلَةٌ	قتل ہونے والی
	تثنیہ	مَفْعُوْلَتَانِ	مَقْتُوْلَتَانِ	دو قتل ہونے والیاں
	جمع	مَفْعُوْلَاتٌ	مَقْتُوْلَاتٌ	کئی قتل ہونے والیاں

نوٹ: اسم فاعل اور اسم مفعول کسی جملہ فعلیہ میں فاعل بھی ہو سکتے ہیں اور مفعول بھی اور یہ دونوں فاعل ہونے کی حالت میں مرفوع ہونگے۔ اور مفعول ہونے کی حالت میں منصوب ہونگے جبکہ فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے اور مفعول ہمیشہ منصوب۔ ذیل کی مثال سے یہ فرق اچھی طرح ذہن نشین کرلیں۔ **قَتَلَ مَضْرُوْبٌ ضَارِبًا** (مارکھانے والے نے مارنے والے کو قتل کیا) اسم جملہ میں **مَضْرُوْبٌ** اسم مفعول ہے لیکن فعل قَتَلَ کا فاعل ہونے کی بناء پر مرفوع ہے اور **ضَارِبًا** اسم فاعل ہے لیکن فعل قَتَلَ کا مفعول ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔

اسم مصدر (Verbal Noun) :

اسم مصدر وہ اسم ہے۔ جس سے مزید اسماء اور افعال نکلتے ہیں۔ اردو میں اس کا ترجمہ کرتے وقت آخر میں **نا** لگایا جاتا ہے۔ جیسے: **ضَرْبًا** (مارنا) **ذَهْبًا** (جانا) اسم مصدر کے متعدد اوزان ہیں۔ مصدر اپنے معنی کے لحاظ سے اسم فاعل اور مفعول بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: **رَبٌّ** (پرورش کرنے والا) **كِتَابٌ** (کتاب)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم ظرف:

وہ اسم ہے جو اس زمانہ یا جگہ پر دلالت کرے، جس میں اس اسم کے مادہ سے نکلنے والا فعل سرزد ہو۔ یہ مَفْعَلٌ اور مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے: مَقْتَلٌ، مَسْجِدٌ، مَطْلَعٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ، مَسْكَنٌ، مَشْغَلٌ وغیرہ۔

اسم آله:

وہ اسم ہے جو اس چیز کو بتائے جو اس اسم کے مادہ سے نکلنے والے فعل کے کرنے کا ذریعہ بنے ہو۔ اس کے تین وزن ہوتے ہیں۔ اور اس میں مذکر مؤنث کی تفریق نہیں ہے۔

مِفْعَلٌ کے وزن پر كَتَبَ سے مِكْتَبٌ (لکھنے والی چیز یعنی نب)

مِفْعَلَةٌ کے وزن پر كَنَسَ سے مِكْنَسَةٌ (صاف کرنے والی چیز یعنی جھاڑو)

مِفْعَالٌ کے وزن پر فَتَحَ سے مِفْتَاحٌ (کھولنے والی چیز یعنی چابی)

اسم تفضیل:

وہ اسم ہے جو اس ذات کو بتائے جس میں دوسروں کی نسبت مصدری معنی کی زیادتی پائی جائے۔ جیسے اَكْبَرُ (دوسروں سے بڑا) اَصْغَرُ (دوسروں سے چھوٹا) اَطْوَلُ (دوسروں سے لمبا)۔ یہ اَفْعَلُ کے وزن پر آتا ہے (آخر میں تنوین نہیں آتی، یعنی غیر منصرف ہے) اسم تفضیل کے مفضل سے پہلے مِنْ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے هُوَ اَصْغَرُ مِنْ خَالِدٍ (وہ خالد سے چھوٹا ہے) یا پھر مضاف بن کر آتا ہے۔ جیسے هُوَ اَطْوَلُ الْقَوْمِ (وہ قوم میں سب سے لمبا ہے) یا پھر اگر قرینہ ہو تو اسے محذوف کر دیا جاتا ہے جیسے اَللّٰهُ اَكْبَرُ (اللہ سب سے بڑا ہے) میں مِنْ كُلِّ شَيْءٍ محذوف ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم تفضیل کی تصریف

		وزن	مثال
مذکر	واحد	اَفْعَلُ	اَکْبَرُ
	تثنیہ	اَفْعَلَانِ	اَکْبَرَانِ
	جمع	اَفْعَلُوْنَ / اَفَاعِلُ	اَکَابِرُ
مونث	واحد	فُعْلٰی	کُبْرٰی
	تثنیہ	فُعْلَیَانِ	کُبْرَیَانِ
	جمع	فُعْلَیَاتٌ	کُبْرَیَاتٌ

اسم مبالغہ:

جب فاعل میں مصدری معنوں کی زیادتی پائی جائے تو اس کو مبالغہ کہتے ہیں۔ یہ لفظ کبھی تو مادہ کے حروف میں کسی حرف کے مکرر لانے سے اور کبھی حروف ﴿و، ا، ی﴾ کے زیادہ کرنے سے بنتا ہے۔ جیسے:

فَعَّالٌ کے وزن پر ضَرَّابٌ (بہت مارنے والا) مادہ میں عین کلمہ مکرر لانے سے۔

فَعِیْلٌ کے وزن پر عَلِیْمٌ (بہت جاننے والا) مادہ میں ی کے اضافہ سے۔

فَعُّوْلٌ کے وزن پر قَیُّوْمٌ (ہمیشہ قائم رہنے والا) مادہ میں عین کلمہ مکرر لانے اور و کے اضافہ سے۔

فَاعُوْلٌ کے وزن پر فَارُوْقٌ (فیصلہ کرنے والا) مادہ میں الف اور و کے اضافہ سے۔

اسم صفت:

اسم صفت میں مصدری معنی اسم فاعل کی نسبت سے زیادہ پائیداری کے ساتھ پائے جاتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں۔ اسم صفت عام طور پر فعل لازم سے بنتا ہے۔اسم فاعل اور اسم صفت میں یہی فرق ہے کہ فاعل میں مصدری معنی کا وجود عارضی ہوتا ہے جب کہ صفت میں زیادہ پائیداری کے ساتھ اور تسلسل کے ساتھ پایا جاتا ہے۔جیسے:

فَعِيْلٌ کے وزن پر رَحِيْمٌ، كَرِيْمٌ، جَمِيْلٌ

فَعْلَانُ کے وزن پر عَطْشَانُ، سَكْرَانُ

مشق نمبر ۱۸ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (۱:۱)
۲. فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ (۸۸: ۱۲)
۳. فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ (۱۳:۸۸) سَرِيْرٌ تخت جمع سُرُرٌ
٤. وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ (۱٤:۸۸) كُوْبٌ پیالہ جمع أكواب
۵. قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ (۲: ٦۰)
٦. وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ (۲: ۱۱۵)
۷. إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا (۱۰: ٤)
۸. وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ (۱۱: ۸٤)
۹. إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقَاكُمْ (٤۹: ۱۳)
۱۰. إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ (۵: ۱۰۹)

مشق نمبر ۱۸ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ اللہ ہر چیز کا بنانے والا ہے، اور حدوں کو مقرر کرنے والا ہے۔ بے شک وہی عبادت کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لائق ہے۔ اور بے شک ہم اس کی عبادت کرنے والے ہیں۔

۲۔ مومن عورتیں نیک ہیں، اور فرمانبردار ہیں، اور صبر کرنے والی ہیں۔

۳۔ قتل کرنے والا اور قتل ہونے والے دونوں ملعون ہیں۔

۴۔ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

۵۔ مومنوں کے لوٹنے کی جگہ جنت ہے۔

۶۔ جنت کے دروازے کی چابی نیک عمل ہیں۔

۷۔ اللہ حاکموں کا حاکم ہے۔

۸۔ سب سے اچھا ذکر لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الخامس والعشرون

فعل امر

(Imperative Verb)

جس فعل میں کسی کام کے متعلق کوئی حکم دیا جائے، یا درخواست یا فرمائش وغیرہ کی جائے اسے فعل امر کہتے ہیں۔ فعل امر، فعل مضارع سے بنایا جاتا ہے۔ ہمیشہ مجزوم ہوتا ہے یعنی سکون پر مبنی ہوتا ہے۔ فعل مضارع کے غائب کے چھ صیغوں اور متکلم کے دو صیغوں سے پہلے لِ لگا کر فعل مضارع کو جزم دینے سے ان صیغوں کا فعل امر بن جاتا ہے۔ جیسے **يَفْعَلُ** سے **لِيَفْعَلْ** (چاہیے کہ وہ کرے)

حاضر کے چھ صیغوں سے فعل امر مندرجہ ذیل طریقوں سے بنایا جاتا ہے۔

۱۔ مضارع کی علامت حذف کر کے آخری حرف کو ساکن کر دیں۔ یعنی اس پر جزم لگا دیں۔

۲۔ مضارع کی علامت حذف کرنے کے بعد دیکھیں کہ پہلا حرف اگر ساکن ہو تو مضارع کی علامت ہٹا کر ایک الف لگا دیں اور اگر مضارع کے عین کلمہ پر زیر یا زبر ہو تو اس الف کو کسرۃ (زیر) دے دیں۔ اور اگر عین کلمہ پر پیش ہو تو الف کو بھی پیش دے دیں۔ یہ الف ہمزۃ الوصل ہوگا۔

۳۔ صیغوں کو جزم دے دیں۔ مثلاً: **يَفْعَلُ** سے **اِفْعَلْ** (تو کر) **يَضْرِبُ** سے **اِضْرِبْ** (تو مار) **يَنْصُرُ** سے **اُنْصُرْ** (تو مدد کر)۔

۴۔ علامت مضارع کے حذف کرنے کے بعد اگر پہلا حرف متحرک ہو تو اس صورت میں الف لگانے کی ضرورت نہیں۔ جیسے: **يَعِدُ** سے **عِدْ** (تو وعدہ کر) اور **يَذِرُ** سے **ذِرْ** (تو بوجھ اٹھا) اگر بیچ میں کوئی حرف علت ہو تو وہ گر جائے گا۔ جیسے: **كَانَ، يَكُوْنُ** سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كُنْ ۔اس سلسلہ کی پوری گردانیں افعال معتل میں آئیں گی۔

مثالیں

اُعْبُدُوْا رَبَّكُمْ (اپنے رب کی عبادت کرو)
اُسْجُدُوْا لِآدَمَ (آدم کو سجدہ کرو)،
اُذْكُرُوْا نِعْمَتِيْ (تم میری نعمت کو یاد کرو)
فَاقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ (پس اپنی جانوں کو قتل کرو)۔

صرف کبیر فعل امر معروف

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	كَانَ يَفْعَلُ	كُنْتَ تَفْعَلُ	كُنْتُ أَفْعَلُ
	تثنیہ	كَانَا يَفْعَلَانِ	كُنْتُمَا تَفْعَلَانِ	كُنَّا نَفْعَلُ
	جمع	كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ	كُنْتُمْ تَفْعَلُوْنَ	
مؤنث	واحد	كَانَتْ تَفْعَلُ	كُنْتِ تَفْعَلِيْنَ	
	تثنیہ	كَانَتَا تَفْعَلَانِ	كُنْتُمَا تَفْعَلَانِ	
	جمع	كُنَّ يَفْعَلْنَ	كُنْتُنَّ تَفْعَلْنَ	

نوٹ:

۱۔ فعل امر کی گردان میں تثنیہ اور جمع مذکر اور واحد مؤنث حاضر کے صیغوں سے ن حذف کر دی گئی ہے۔ یہ نون اعرابی کہلاتی ہے۔ عربی زبان کا یہ ایک قاعدہ ہے کہ جہاں دو ساکن اکٹھے ہو جائیں تو ان میں سے ایک ساکن گرادی جاتی ہے۔ ان صیغوں کے ساتھ بھی یہی ہوا ہے۔ کیونکہ اگر اس نون کو بھی ساکن کریں تو اس سے پہلے حروف تثنیہ میں الف جمع مذکر میں واؤ اور واحد مؤنث حاضر میں ﴿ ي ﴾ پہلے ہی ساکن ہیں۔ اس لیے آخری نون گرادی گئی ہے۔

۲۔ جمع مؤنث کے صیغوں میں آخری نون کو نون نسوۃ کہتے ہیں۔ اور یہ فتح یعنی زبر پر مبنی ہوتی ہے۔

۳۔ ل جو لام امر کہلاتی ہے اس سے پہلے اگر ﴿ و ﴾ (اور) یا ﴿ ف ﴾ (پس) آجائے تو پھر اس لام کو ساکن پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: لِيَفْعَلْ سے وَلْيَفْعَلْ اور فَلْيَفْعَلْ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۱۹

عَبَدَ، سَجَدَ، اور غَفَرَ سے فعل امر کی گردان کریں۔

مشق نمبر ۲۰ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں اور نحوی تحلیل بھی کریں:

۱. يَا أَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ (۳۵ :۳)

۲. وَقُلْنَا يَا آدَمُ اسْكُنْ أَنتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ (۲ :۳۵)

۳. وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاسْمَعُوا وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ (۵:۱۰۸) اتَّقُوا (تم ڈرو)

۴. وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ (۲۳ :۱۱۸)

۵. وَاذْكُر رَّبَّكَ كَثِيرًا (۳:۴۱)

۶. انظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ (۱۷ :۲۱)

۷. وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنتَ مَوْلَانَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ
(۲ :۲۸۶) اعْفُ (تو معاف کر)

۸. وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُوا الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينُ فَارْزُقُوهُم مِّنْهُ
(۴ :۸) الْقِسْمَةَ (تقسیم کر)

۹. وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا (۵ :۳۸) اولوا (والے)

۱۰. رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ (۱۴ :۴۱)

۱۱. رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ (۴۴ :۱۲)

۱۲. وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ (۱۱ :۱۱۵) يُضِيعُ (ضائع کرنا)

۱۳. يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ (۲۲ :۷۷)

۱۴. فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ (۳ :۱۳۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۲۰ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ اللہ کی عبادت کرو اور اس کے رسول کی پیروی کرو۔

۲۔ اے میرے پروردگار میری مدد فرما اور میری اور میرے والدین کی بخشش فرما۔

۳۔ اللہ کے دین کے احکام کی طرف رغبت رکھو۔

۴۔ اے خالد اپنی کتاب کھول اور آج کا سبق پڑھ۔

۵۔ تم (مؤنث) سب گھر میں داخل ہو جاؤ اور بیٹھ جاؤ۔

مشق نمبر ۲۱ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

١. فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ إِلَى طَعَامِهِ (٨٠: ٢٤)

٢. فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا كَثِيرًا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (٩: ٨٢)

٣. فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ (٢: ١٨٥)

٤. وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا إِلٰهًا وَاحِدًا (٩: ٣١)

٥. يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى فَاكْتُبُوهُ وَلْيَكْتُبْ بَيْنَكُمْ كَاتِبٌ بِالْعَدْلِ (٢: ٢٨٢)

تَدَايَنْتُمْ (تم آپس میں لین دین کرو)، دین (قرض)، أَجَل (وقت)

مشق نمبر ۲۱ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ ہمیں چاہیے کہ ہم کمزوروں کی مدد کریں، سچ بولیں اور جھوٹ بولنے کی طرف رغبت نہ رکھیں۔

۲۔ مومن عورتوں کو چاہیے کہ وہ اپنے گھروں میں ٹھہریں اور اپنے پروردگار کا شکر ادا کریں۔

۳۔ وہ مسلمان ہیں، پس انہیں چاہیے کہ لوگوں کے درمیان عدل کریں۔

۴۔ قاضی کو چاہیے کہ وہ دین کے احکام کے مطابق فیصلہ دے۔

۵۔ مجھے چاہیے کہ میں حلال روزی کماؤں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس السادس والعشرون

فعل نہی

(Prohibitive Imperative)

فعل نہی اس فعل کو کہتے ہیں جس میں کسی کام کے روکنے کا حکم پایا جائے۔ جیسے: لَا تَفْعَلْ (تو نہ کر) اس کے بنانے کا طریقہ یوں ہے کہ مضارع سے قبل لَا کا اضافہ کریں اور مضارع کو جزم دے دیں۔

یاد رہے کہ جب مضارع کو جزم دیں گے تو گردان میں سب نون اعرابی گر جائیں گے۔ اور گردان یوں ہوگی:

صرف کبیر فعل نہی

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	لَا يَفْعَلْ	لَا تَفْعَلْ	لَا اَفْعَلْ
	تثنیہ	لَا يَفْعَلَا	لَا تَفْعَلَا	لَا نَفْعَلْ
	جمع	لَايَفْعَلُوْا	لَاتَفْعَلُوْا	
مؤنث	واحد	لَا تَفْعَلْ	لَا تَفْعَلِي	
	تثنیہ	لَا تَفْعَلَا	لَا تَفْعَلَا	
	جمع	لَايَفْعَلْنَ	لَا تَفْعَلْنَ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مثالیں

لَا تَقْرَبُوْا الْفَوَاحِشَ (بے حیائی کے قریب مت جاؤ)

لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ (نہ بلند کرو اپنی آواز نبی کی آواز سے)

لَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ (تم دونوں اس درخت کے قریب مت جاؤ)۔

مشق نمبر ۲۲

قَرُبَ، حَمَلَ، كَفَرَ، لَبِسَ سے فعل نہی کی گردان کریں۔

مشق نمبر ۲۳ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

١. وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ (٦: ١٥١)

٢. فَلَا تَضْرِبُوا لِلّٰهِ الْأَمْثَالَ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ (١٦: ٧٤)

٣. رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا (٢: ٢٨٦) إِصْرًا (بوجھ)

٤. وَلَا تَنكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ مِّنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ (٤: ٢٢)

٥. وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ (٦: ١٥١)

٦. وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَمْوَاتٌ (٢: ١٥٤)

٧. وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ وَمَن يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ (٢: ٢٨٣)

٨. أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ آيَاتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا مَعَهُمْ (٤: ١٤٠) يُسْتَهْزَأُ (ٹھٹھا کیا جاتا ہے)

٩. وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ (٢: ٤٢)

١٠. لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَأَنتُمْ سُكَارَى (٤: ٤٣)

١١. إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا (٩: ٤٠) لَا تَحْزَنْ (تو غم نہ کر)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۲۳ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ غم نہ کرو، صبر کرو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

۲۔ اپنے وعدوں کو مت توڑو۔

۳۔ جھوٹ نہ بولو اور سچ کہو۔

۴۔ ہمیں اللہ کی نعمتوں کا انکار نہیں کرنا چاہیے۔

۵۔ مومنوں کو چاہیے کہ وہ فواحش کے قریب نہ ہوں۔

۶۔ عورتوں کو چاہیے کہ اپنے چھوٹے بچوں سے دور نہ ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس السابع والعشرون

تغیرات مضارع

افعال میں صرف مضارع ہی معرب ہوتا ہے سوائے جمع مؤنث کے صیغوں کے۔ فعل مضارع کے اعراب رفع (ُ) نصب (َ) اور جزم (ْ) ہیں۔ چنانچہ مضارع سے پہلے کچھ حروف آ کر جزم دے دیتے ہیں۔ اور کچھ نصب دیتے ہیں۔

۱۔ لَـمْ (نہیں) یہ مضارع سے پہلے آ کر مضارع کو جزم دیتا ہے اور اس کے معنی ماضی میں کر دیتا ہے۔ جیسے: لَمْ یَفْعَلْ (اس نے نہیں کیا)۔

۲۔ لَمَّا (ابھی تک نہیں)۔ جیسے: لَمَّا یَفْعَلْ (اس نے ابھی تک نہیں کیا)۔

۳۔ اِنْ (اگر) یہ حرف شرط بھی ہے۔ چنانچہ جواب شرط کے لیے جو فعل آئے گا وہ بھی مجزوم ہوگا۔ جیسے: اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ (اگر تو مارے گا تو میں بھی ماروں گا)۔

۴۔ لام امر یہ مضارع کے غائب اور متکلم کے صیغوں پر آ کر امر کے معنی دیتا ہے۔ اگر اس کے ماقبل ﴿و﴾ یا ﴿ف﴾ ہو تو یہ ساکن ہو جائے گا۔ جیسے: فَـلْـيَعْبُدُوْا (پس وہ سب عبادت کریں)۔

۵۔ لَا (لائے نہی) یہ مضارع پر آ کر نہیں کے معنی دیتا ہے۔ جیسے: لَا یَـفْـعَلْ (اسے نہیں کرنا چاہیے) لَا تَفْعَلْ (تو نہ کر)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نوٹ:

۱۔ لام امر اور لائے نہی کی تفصیل پچھلے اسباق میں آ چکی ہے۔

۲۔ لَمَّا جب ماضی کے صیغہ کے ساتھ آتا ہے تو اس کے معنی ﴿جب﴾ ہوں گے۔ جیسے: فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمْ (جب فرض کر دیا گیا ان پر)

صرف کبیر فعل مضارع مع لم الجازمه

		متکلم	حاضر	غائب	
مذکر	واحد	لَمْ أَفْعَلْ	لَمْ تَفْعَلْ	لَمْ يَفْعَلْ	
	تثنیہ	لَمْ نَفْعَلْ	لَمْ تَفْعَلَا	لَمْ يَفْعَلَا	
	جمع		لَمْ تَفْعَلُوْا	لَمْ يَفْعَلُوْا	
مؤنث	واحد		لَمْ تَفْعَلِي	لَمْ تَفْعَلْ	
	تثنیہ		لَمْ تَفْعَلَا	لَمْ تَفْعَلَا	
	جمع		لَمْ تَفْعَلْنَ	لَمْ يَفْعَلْنَ	

نوٹ: جب مضارع کو جزم یا نصب دی جائے گی یا اسے منصوب کیا جائے گا تو ساتوں نون اعرابی (گردان میں سے) گر جائیں گے۔

قرآنی امثال:

۱:۲۱ اَلَمْ تَعْلَمْ (کیا تو نے نہیں جانا)۔

۳:۱۴۲ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا (اور ابھی تک اللہ نے نہیں جانا جہاد کرنے والوں کو)۔

۴۷:۷ اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ (اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا)۔

۲:۲۸۲ وَلْيَكْتُبْ بَيْنَكُمْ كَاتِبٌ بِالْعَدْلِ (اور چاہیے کہ تمہارے درمیان ایک کاتب عدل سے لکھے)۔

۲:۴۱ وَلَا تَكُوْنُوْا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ (اور مت ہو جاؤ پہلے کافر اس کے ساتھ)۔

۲:۶ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (یا نہ تم نے ڈرایا ان کو، ایمان نہیں لائیں گے)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۲۴ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱. أَمْ لَمْ يَعْرِفُوا رَسُولَهُمْ فَهُمْ لَهُ مُنْكِرُونَ (۲۳: ۶۹)

۲. أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا (۱۹: ۶۷)

۳. وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأُولَـٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ (۵: ۴۴)

۴. وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ (۵: ۶۷) ما بلغت (تو نے نہ پہنچایا)

۵. أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (۲: ۱۰۶)

۶. أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ (۹: ۷۸) نجوی (سرگوشی)

۷. أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ (۹: ۱۰۴)

۸. أَلَمْ نَخْلُقكُّم مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ (۷۷: ۲۰) مَّهِينٍ (حقیر)

۹. أَلَمْ نَجْعَل لَّهُ عَيْنَيْنِ (۹۰: ۸)

۱۰. قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ (۲: ۳۳)

مشق نمبر ۲۴ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ چور گھر میں داخل نہیں ہوئے۔

۲۔ انہوں نے اللہ کی کتاب نہیں پڑھی۔

۳۔ مہمانوں نے پانی نہیں پیا۔

۴۔ ہم نے اذان نہیں سنی۔

۵۔ میں مشغول تھا اور پڑھنے کے لیے فارغ نہیں ہو سکا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۲۵ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱. فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الرَّوْعُ (۱۱ :۷٤) الرَّوْعُ (ڈر)

۲. وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ (٤٩ :١٤)

۳. وَلَمَّا فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ (١٢ :٦٥)

٤. أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِينَ (٣ :١٤٢)

مشق نمبر ۲۵ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ ابھی تک انہوں نے اللہ کی نشانیاں نہیں دیکھیں۔

۲۔ لوگ ابھی تک اپنے گھروں سے نہیں نکلے۔

۳۔ ابھی تک مسلمانوں نے اپنے بھائیوں کی مدد نہیں کی۔

۴۔ تم نے ابھی تک اپنا باطن ظاہر نہیں کیا۔

۵۔ تم نے ابھی تک اپنا سبق نہیں لکھا۔

مشق نمبر ۲۶ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱. يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَنصُرُوا اللّٰهَ يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ (٤٧ :٧)
يُثَبِّتْ (جما دے گا)

۲. فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا وَلَن تَفْعَلُوا (٢ :٢٤)

۳. إِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنكُمْ (٣٩ :٧)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٤. إِن يَنصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ (٣ : ١٦٠)

٥. فَإِن شَهِدُوا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ (٦ : ١٥٠)

مشق نمبر ٢٦ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ اگر تم اللہ کو یاد رکھو گے تو اللہ بھی تمہیں یاد رکھے گا۔

۲۔ اگر وہ لوگوں پر رحم کریں گے تو ان پر بھی رحم کیا جائے گا۔

۳۔ اگر ہم قرآن کی زبان پڑھیں گے تو قرآن کو سمجھیں گے۔

۴۔ اگر وہ عورتیں صبر کریں گی تو کامیاب ہو جائیں گی۔

۵۔ اگر تم اللہ کے لیے سجدہ کرو گے تو اللہ تمہارے گناہ معاف کرے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثامن والعشرون

نواصب المضارع

جو حرف مضارع پر داخل ہو کر مضارع کو نصب (زبر) دیتا ہو وہ حرف ناصب المضارع کہلاتا ہے۔ حروف نواصب المضارع حسب ذیل ہیں:

۱۔ لَنْ (ہرگز نہیں)۔ جیسے: لَنْ يَّفْعَلَ (وہ ہرگز نہیں کرے گا)۔

۲۔ أَنْ (کہ)۔ (یہ عموماً کلام کے درمیان میں آتا ہے) جیسے: سَمِعْتُ اَنْ يَّنْصُرَ (میں نے سنا کہ وہ مدد کرے گا)۔

۳۔ حَتّٰى (یہاں تک کہ) جیسے: اِضْرِبُوْهُ حَتّٰى يَصْدُقَ (تم سب اسے مارو یہاں تک کہ وہ سچ بولے)۔

۴۔ كَيْ (تاکہ)۔ جیسے: اِصْبِرْ كَيْ تُرْحَمَ (صبر کرو تاکہ تم پر رحم ہو)۔

۵۔ لِ (تاکہ)۔ جیسے: أُعْبُدْ لِتُغْفَرَ (عبادت کرتا کہ تو بخشا جائے)۔

اسے لام کئی بھی کہتے ہیں۔ اس سے پہلے ﴿ و ﴾ یا ﴿ ف ﴾ آئیں تو یہ لام امر کی طرح ساکن نہیں ہوگا۔ جیسے: وَلِيَعْبُدُوْا (اور تاکہ وہ عبادت کریں)۔

۶۔ إِذًا یا إِذَنْ (تب)۔

۷۔ لَ (لام تاکید مع نون ثقیلہ یا نون خفیفہ)۔ یہ مضارع پر داخل ہو کر مضارع کے آخر میں نون ثقیلہ یا نون خفیفہ کے ساتھ تاکید کے معنی پیدا کرتی ہے۔ جیسے: لَيَفْعَلَنَّ، لَيَفْعَلَنْ (وہ ضرور کرے گا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نوٹ: یہ لام تاکید گو حروف نواصب المضارع میں شامل نہیں لیکن چونکہ اس کے مضارع پر داخل ہونے پر مضارع کا لام کلمہ مفتوح ہو جاتا ہے اس لیے اس کا بیان بھی یہیں کر دیا گیا ہے۔

قرآنی امثال:

۲:۲۴ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا (پس اگر تم نے نہیں کیا اور ہرگز نہیں کر سکو گے)۔

۲:۶۷ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجَاهِلِيْنَ (میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ جاہلوں میں سے ہو جاؤں)۔

۲:۲۲۲ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ (اور عورتوں کے نزدیک مت جاؤ یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائیں)۔

۲۰:۳۳ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا (تا کہ ہم تیری بہت پاکی بیان کریں)۔

۵۹:۷ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً بَيْنَ الْاَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ (تا کہ نہ ہو جائے دولت تم میں سے دولت مندوں کے درمیان)۔

۲۲:۴۰ لَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ (اللہ اس کی ضرور مدد کرے گا، جو اس کی مدد کرے گا)۔

صرف کبیر فعل مضارع مع لن الناصبة

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	لَنْ يَفْعَلَ	لَنْ تَفْعَلَ	لَنْ أَفْعَلَ
	تثنیہ	لَنْ يَفْعَلَا	لَنْ تَفْعَلَا	لَنْ نَفْعَلَ
	جمع	لَنْ يَفْعَلُوْا	لَنْ تَفْعَلُوْا	
مؤنث	واحد	لَنْ تَفْعَلَ	لَنْ تَفْعَلِي	
	تثنیہ	لَنْ تَفْعَلَا	لَنْ تَفْعَلَا	
	جمع	لَنْ يَفْعَلْنَ	لَنْ تَفْعَلْنَ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صرف کبیر فعل مضارع مع لام التوکید النون الثقیلة

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	لَيَفْعَلَنَّ	لَتَفْعَلَنَّ	لَأَفْعَلَنَّ
	تثنیہ	لَيَفْعَلَانِّ	لَتَفْعَلَانِّ	لَنَفْعَلَنَّ
	جمع	لَيَفْعَلُنَّ	لَتَفْعَلُنَّ	
مؤنث	واحد	لَتَفْعَلَنَّ	لَتَفْعَلِنَّ	
	تثنیہ	لَتَفْعَلَانِّ	لَتَفْعَلَانِّ	
	جمع	لَيَفْعَلْنَانِّ	لَتَفْعَلْنَانِّ	

صرف کبیر فعل مضارع مع لام التوکید والنون الخفیفه

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	لَيَفْعَلَنْ	لَتَفْعَلَنْ	لَأَفْعَلَنْ
	تثنیہ	-	-	لَنَفْعَلَنْ
	جمع	لَيَفْعَلُنْ	لَتَفْعَلُنْ	
مؤنث	واحد	لَتَفْعَلَنْ	لَتَفْعَلِنْ	
	تثنیہ	-	-	
	جمع	-	-	

نوٹ: جن صیغوں کے آخر میں الف نون آتا ہو ان سے نون خفیفہ کے صیغے نہیں آتے۔

مشق نمبر ۲۷ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱. فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا وَلَن تَفْعَلُوا (۲: ۲٤)

۲. زَعَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن لَّن يُبْعَثُوا (٦٤: ۷)

۳. فَقُل لَّن تَخْرُجُوا مَعِيَ أَبَدًا وَلَن تُقَاتِلُوا مَعِيَ عَدُوًّا (۹: ۸۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُقَاتِلُوا (تم لڑو گے)

٤. وَإِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوا مِنْهَا (٥ :٢٢)

٥. أَيَحْسَبُ أَنْ لَّنْ يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ (٩٠ :٥)

مشق نمبر ۲۷ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ کافر گمان کرتے ہیں کہ ہم ہرگز ان پر غلبہ نہیں پائیں گے۔
۲۔ مشرک ہرگز جنت میں داخل نہیں ہوں گے۔
۳۔ ہم عہد کرتے ہیں کہ ہم ہرگز نماز نہیں چھوڑیں گے۔
۴۔ مومن اللہ کی یاد سے ہرگز غافل نہیں ہوتے۔
۵۔ منافق اللہ کی یاد کے لیے ہرگز فارغ نہیں ہوتے۔

مشق نمبر ۲۸ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

١. إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ (٤ :٤٨)

٢. أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِينَ (٣ :١٤٢)

٣. وَإِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ أَنْ تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ (٤ :٥٨)

٤. أَيَحْسَبُ الْإِنْسَانُ أَنْ يُتْرَكَ سُدًى (٧٥ :٣٦) سُدًى (مہمل)

٥. إِنَّا نَطْمَعُ أَنْ يَغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطَايَانَا أَنْ كُنَّا أَوَّلَ الْمُؤْمِنِينَ (٢٦ :٥١)

مشق نمبر ۲۸ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ ہم پر واجب قرار دیا گیا ہے کہ ہم عدل کریں۔
۲۔ ہم گمان کرتے ہیں کہ ہم اللہ کی کتاب سمجھ جائیں گے۔
۳۔ کافروں کو زعم تھا کہ وہ مسلمانوں کو قتل کر دیں گے۔
۴۔ میں چاہتا ہوں کہ اللہ میرے گناہ معاف کر دے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۔ مسلمانوں کو منع کیا گیا ہے کہ وہ ظلم کریں۔

مشق نمبر ۲۹ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

١. يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن ذَكَرٍ وَأُنثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا (٤٩ :١٣)

٢. وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ (٥١ :٥٦)

٣. ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ مِن بَعْدِهِم لِنَنظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ (١٠: ١٤)

٤. هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا (٧: ١٧٩)

٥. ذَٰلِكَ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ (٥ :٩٧)

٦. وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ كَانُوا كَاذِبِينَ (١٦ :٣٩)

٧. إِنَّمَا النَّجْوَى مِنَ الشَّيْطَانِ لِيَحْزُنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئًا إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (٥٨ :١٠)

٨. اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَنْعَامَ لِتَرْكَبُوا مِنْهَا وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ (٤٠ :٧٩)

٩. كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنكُمْ (٥٩ :٧)

مشق نمبر ۲۹ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ میں نے اپنے لڑکے کو مارا، تا کہ وہ سچ بولے۔

۲۔ لوگ کاشت کاری کرتے ہیں، تا کہ زراعت انہیں نفع دے۔

۳۔ ہم نے گائے ذبح کی تا کہ ہم اس کا گوشت مسکینوں کو دیں۔

۴۔ خالد نے دروازہ کھولا تا کہ ہم گھر میں داخل ہوں۔

۵۔ نہیں کی ہماری تخلیق اللہ نے سوائے اس لیے، کہ ہم اس کی عبادت کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۳۰ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

١ . فَإِن طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِن بَعْدُ حَتَّىٰ تَنكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ (٢ :٢٣٠)

٢. وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوا حَتَّىٰ تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ (٤٩ :٥)

٣. وَلَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ (٢ :١٩٦)

٤. لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّىٰ تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا (٢٤ :٢٧) تَسْتَأْنِسُوا (انس حاصل کرلو)

مشق نمبر ۳۰ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ تم نہیں بیٹھو گے، حتی کہ پہلے سبقوں کو سمجھ نہ لو۔

۲۔ مسکینوں کو دو، حتی کہ خوش ہو جائیں۔

۳۔ ہمیں چاہیے کہ ہم پوری کوشش کریں حتی کہ برائی کی جڑ کٹ جائے۔

۴۔ تم اپنے سبقوں کو لکھو، حتی کہ زبانی یاد ہو جائیں۔

۵۔ تم سورج ڈوبنے تک کام کرتے رہو۔

مشق نمبر ۳۱

اردو میں ترجمہ کریں:

١. يَا بَنِي آدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ (٧:٢٧)

٢. وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِي لَحْنِ الْقَوْلِ (٤٧ :٣٠)

٣. لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ (٤٨ :٢٧)

٤. وَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ (١٣ :٤٢)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس التاسع والعشرون

ہفت اقسام

بناوٹ کے لحاظ سے افعال کو مندرجہ ذیل سات قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ **صحیح:** وہ افعال جن کے مادہ میں حروف علت و، ا، ی استعمال نہ ہوئے ہوں۔ جیسے: فَعَلَ، ضَرَبَ، سَمِعَ، نَصَرَ، كَرُمَ۔

۲۔ **مضاعف:** وہ افعال جن کا عین کلمہ اور لام کلمہ ایک ہی ہو۔ جنہیں شدّہ کے ذریعہ سے ملا دیا گیا ہو۔ جیسے: مَدَّ، (اس نے پھیلایا) ضَلَّ (وہ گمراہ ہوا) وغیرہ جو کہ اصل میں مَدَدَ اور ضَلَلَ تھے۔

۳۔ **مہموز:** وہ افعال جن کا فاء یا عین یا لام کلمہ ہمزہ ہو۔ جیسے: أَمَرَ (اس نے حکم دیا) سَأَلَ (اس نے سوال کیا) قَرَأَ (اس نے پڑھا)

۴۔ **مثال:** وہ افعال جن کا فاء کلمہ ﴿و﴾ یا ﴿ی﴾ ہو۔ جیسے: وَعَدَ (اس نے وعدہ کیا)، يَئِسَ (وہ مایوس ہوا)۔

۵۔ **اجوف:** وہ افعال جن کا عین کلمہ ﴿و﴾ یا ﴿ی﴾ ہو۔ جیسے: قَالَ (اس نے کہا) اور بَاعَ (اس نے بیچا) جو کہ اصل میں قَوَلَ اور بَيَعَ تھے۔

۶۔ **ناقص:** وہ افعال جن کا لام کلمہ ﴿و﴾ یا ﴿ی﴾ ہو۔ جیسے: دَعَا (اس نے پکارا) جو اصل میں دَعَوَ ہے، رَمٰی (اس نے پھینکا) وغیرہ۔

۷۔ **لفیف:** وہ افعال جن کے مادے میں دو کلمے ﴿و﴾ یا ﴿ی﴾ ہوں۔ جیسے وَقٰی (وہ بچا) اور حَيِيَ (وہ زندہ ہوا) وغیرہ۔

افعال صحیحہ کی تعریف پہلے ہی بیان ہو چکی ہے اگلے اسباق میں باقی اقسام کی تعریف بیان کی جائے گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثلاثون

فعل مضاعف

جس فعل میں ایک ہی جنس کے دو حروف ایک ساتھ آ جائیں، اسے فعل مضاعف کہتے ہیں۔
جیسے: مَدَّ ، یَمُدُّ (ن) فَرَّ، یَفِرُّ (ض) مَسَّ، یَمُسُّ (ن) جو کہ اصل میں مَدَدَ، یَمْدُدُ، فَرَرَ، یَفْرِرُ، مَسَسَ اور یَمْسُسُ تھے۔ جن کے ہم جنس حروف کو ادغام کے قواعد کے مطابق شد کے ذریعے جوڑ دیا گیا ہے۔ فعل ماضی کی گردان میں یہ ادغام پہلے صیغے سے پانچویں صیغے تک ہوتا ہے۔ چھٹے صیغے (یعنی جمع مؤنث غائب) سے یہ شدہ کھول دی جاتی ہے جبکہ مضارع کی گردان میں صرف جمع مؤنث کے صیغوں میں شد کھولی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ عین کلمہ کی حرکت کو مدنظر رکھتے ہوئے سب گردانیں عام قواعد کے تحت کی جاتی ہیں۔

جس گردان میں مادے سے نکلنے والے مختلف اسماء اور افعال بنائے جاتے ہیں اس گردان کو صرف صغیر کہتے ہیں۔ جیسے: مادہ ﴿م د د﴾ سے حسب ذیل صرف صغیر بنے گی۔
دوسرے افعال مضاعفہ کی بھی صرف صغیر انہی اوزان پر کی جا سکتی ہے۔

مَدَّ (ماضی)، یَمُدُّ (مضارع) مَدًّا (مصدر) مَادٌّ (اسم فاعل) مُدَّ (ماضی مجہول) یُمَدُّ (مضارع مجہول)، مَمْدُوْدٌ (اسم مفعول) اُمْدُدْ (فعل امر)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صرف کبیر فعل ماضی معروف

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	مَدَّ	مَدَدْتَ	مَدَدْتُ
	تثنیہ	مَدَّا	مَدَدْتُمَا	مَدَدْنَا
	جمع	مَدُّوا	مَدَدْتُم	
مؤنث	واحد	مَدَّتْ	مَدَدْتِ	
	تثنیہ	مَدَّتَا	مَدَدْتُمَا	
	جمع	مَدَدْنَ	مَدَدْتُنَّ	

صرف کبیر فعل مضارع معروف

		غائب	حاضر	متکلم
مذکر	واحد	يَمُدُّ	تَمُدُّ	اَمُدُّ
	تثنیہ	يَمُدَّانِ	تَمُدَّانِ	نَمُدُّ
	جمع	يَمُدُّوْنَ	تَمُدُّوْنَ	
مؤنث	واحد	تَمُدُّ	تَمُدِّيْنَ	
	تثنیہ	تَمُدَّانِ	تَمُدَّانِ	
	جمع	يَمْدُدْنَ	تَمْدُدْنَ	

صرف کبیر فعل امر حاضر معروف

	اگر شروع کلام میں	اگر درمیان کلام میں
واحد	اُمْدُدْ	مُدَّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُدَّا	أُمْدُدَا	مثنی
مُدُّوْا	أُمْدُدُوْا	جمع
مُدِّيْ	أُمْدُدِيْ	واحد
مُدَّا	أُمْدُدَا	مثنی
أُمْدُدْنَ	أُمْدُدْنَ	جمع

نوٹ: جن صیغوں میں مضارع کے لام کلمہ کو جزم دی جاتی ہے وہاں ادغام اور فک ادغام دونوں جائز ہیں۔ مدغم، مجزوم صیغوں کے آخر میں کوئی سی حرکت دینی اس لیے ضروری ہے کہ اس کے بغیر تلفظ ہو ہی نہیں سکتا۔

سلسلہ قرآنی افعال۔ ثلاثی مجرد مضاعف (صحیح)

مصدری معنی	قرآن میں تکرار	مصدر	مضارع	ماضی
عنه روکنا، منع کرنا، عن رکنا	۴۲	صَدًّا	يَصُدُّ	صَدَّ
عن لوٹانا	۶۱	رَدًّا	يَرُدُّ	رَدَّ
چھونا	۶۵	مَسًّا	يَمَسُّ	مَسَّ
بال کاٹنا، عليه کسی کو کوئی خبر بتانا، بیان کرنا	۳۰	قَصًّا	يَقُصُّ	قَصَّ
حلا حلال کرنا، عليه مصیبت کا نازل ہونا	۵۱	حَلًّا	يَحُلُّ	حَلَّ
کسی چیز کا واجب و یقینی ہونا	۲۸۷	حَقًّا	يَحِقُّ	حَقَّ
پھیلانا، لمبا کرنا، کھینچنا، مدد کرنا	۳۲	مَدًّا	يَمُدُّ	مَدَّ
گزرنا، ب وعلى کسی کے پاس سے گزرنا	۳۵	مُرُوْرًا	يَمُرُّ	مَرَّ
دھوکا دینا	۲۷	غُرُوْرًا	يَغُرُّ	غَرَّ
گالی دینا	۱۱	سَبًّا	يَسُبُّ	سَبَّ
گننا، شمار کرنا	۵۷	عَدًّا	يَعُدُّ	عَدَّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دَلَّ	يَدُلُّ	دَلَالَةً	۱۲	علي و الى رہنمائی کرنا
جَنَّ	يَجُنُّ	جَنًّا	۱۹۹	تاریک ہونا، عليه چھپا لینا
كَفَّ	يَكُفُّ	كَفًّا		باز رہنا، عن باز رکھنا
شَدَّ	يَشُدُّ	شَدًّا	۱۵۱	مضبوط کرنا، باندھنا
حَسَّ	يَحُسُّ	حَسًّا	۲	محسوس کرنا
وَدَّ	يَوَدُّ	مَوْدُوْدَةً	۲۹	چاہنا، محبت کرنا
ضَلَّ	يَضِلُّ	ضَلَالَةً	۱۹۴	گمراہ ہونا، به گمراہ کرنا
قَرَّ	يَقِرُّ	قَرَارًا	۳۹	ٹھنڈا ہونا، في قرار پانا، ثابت رہنا
فَرَّ	يَفِرُّ	فِرَارًا	۱۱	بھاگ جانا
ظَنَّ	يَظُنُّ	ظَنًّا		گمان کرنا

مشق نمبر ۳۲ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱. لَّا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ (٥٦: ٧٩)

۲. لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ (٣: ٩٩) لِمَ ، لِمَا (کیوں)

۳. وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ أَنَّ اللهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ (٤١: ٢٢)

٤. وَظَنُّوْا أَنَّهُمْ إِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ (٢٨: ٣٩)

٥. فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ إِلَى اللهِ وَالرَّسُوْلِ (٤: ٥٩)

٦. قَالُوْا نَعْبُدُ أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عَاكِفِيْنَ (٢٦: ٧١) فَنَظَلُّ (چمٹے ہوئے ہیں)

٧. وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ (٧: ١٦٠)

٨. نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ (١٢: ٣)

٩. كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْا (١٠: ٣٣)

١٠. وَيُحِقُّ اللهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ (١٠: ٨٢)

١١. وَمَنْ يَحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى (٢٠: ٨١) هَوٰى (گرنا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۲. يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ (٨٢ :٦)

۱۳. وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ (٦ :١٠٨)

١٤. وَإِن تَعُدُّوا نِعْمَتَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا (١٤ :٣٤)

١٥. عَسَى اللَّهُ أَن يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ كَفَرُوا (٤ :٨٤) عَسَى (امید ہے)، بَأْسَ (لڑائی)

١٦. نَحْنُ خَلَقْنَاهُمْ وَشَدَدْنَا أَسْرَهُمْ (٧٦ :٢٨) أَسْر. (بندھن، جوڑ)

١٧. يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ـ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ـ (٨٠ :٣٤ـ٣٥)

مشق نمبر ۳۲ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ قرآن کومت چھوؤحتی کہ تم پاک ہو جاؤ۔

۲۔ اگر تم نے قرآن اور سنت کو چھوڑ دیا تو گمراہ ہو جاؤ گے۔

۳۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے اختلافات اللہ اور اس کے رسول کی طرف لوٹائیں۔

۴۔ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنی اولاد کو نبیوں کے قصے سنائیں۔

۵۔ اپنے بچوں کو نصیحت کرو کہ وہ ہرگز گالیاں نہ دیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الحادی والثلاثون

مہموز افعال

عربی میں متحرک الف ہمزہ کہلاتا ہے اور جس فعل کے اصلی حروف میں ہمزہ ہوتا ہے اسے **فعل مهموز** کہتے ہیں۔ اگر ف کلمہ ہمزہ ہوتو **مهموز الفا** اور اگر عین کلمہ ہمزہ ہوتو **مهموز العين** جبکہ لام کلمہ ہمزہ ہوتو اسے **مهموز اللام** کہا جاتا ہے۔

۱. **مهموز الفا:** جس فعل کا ف کلمہ ہمزہ ہو۔ جیسے: أَمَرَ (اس نے حکم دیا)

صرف صغیر: أَمَرَ، يَأْمُرُ، أَمْرًا، آمِرٌ، أُمِرَ، يُؤْمَرُ، أَمْرًا، مَأْمُورٌ، أُؤْمُرْ۔

صرف کبیر کی گردانیں عام اوزان پر ہوں گی۔

فعل امر معروف

	اگر شروع کلام میں	اگر درمیان کلام میں
واحد	مُرْ	أُؤْمُرْ
تثنی	مُرَا	أُؤْمُرَا
جمع	مُرُوْا	أُؤْمُرُوْا
واحد	مُرِيْ	أُؤْمُرِيْ
تثنی	مُرَا	أُؤْمُرَا
جمع	مُرْنَ	أُؤْمُرْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۔ **مھموز العین:** جس فعل کا عین کلمہ ہمزہ ہو۔ جیسے: سَأَلَ (اس نے سوال کیا)۔

صرف صغیر: سَأَلَ، یَسْأَلُ، سُؤَالًا، سَائِلٌ، سُئِلَ، یُسْأَلُ، مَسْئُوْلٌ، اِسْأَلْ۔

صرف کبیر کی گردانیں عام اوزان پر ہوں گی۔

صرف کبیر فعل امر معروف

	اگر شروع کلام میں	اگر درمیان کلام میں
واحد	سَلْ	اِسْأَلْ
ثنی	سَلَا	اِسْأَلَا
جمع	سَلُوْا	اِسْأَلُوْا
واحد	سَلِيْ	اِسْأَلِیْ
ثنی	سَلَا	اِسْأَلَا
جمع	سَلْنَ	اِسْأَلْنَ

۳۔ **مھموز اللام:** جس فعل کا لام کلمہ ہمزہ ہو۔ جیسے: قَرَأَ (اس نے پڑھا)۔

صرف صغیر: قَرَأَ، یَقْرَءُ، قِرَاءَ ةً، قَارِئٌ، قُرِئَ، یُقْرَأُ، قِرَاءَ ةً، مَقْرُوْءٌ، اِقْرَأْ۔

صرف کبیر کی گردانیں عام اوزان پر ہوں گی۔

نوٹ: ہر متحرک الف ہمزہ کہلاتا ہے۔ اور ہمزہ کی دو قسمیں ہیں۔

۱۔ ہمزۃ القطع: یہ ہمزہ کسی لفظ کا اصلی حرف ہوتا ہے اور یہ ہمزہ (ء) کی شکل میں لکھا جاتا ہے۔ خیال رہے کہ ہمارے ہاں اس بات کا اہتمام نہیں کیا جاتا۔

۲۔ ہمزۃ الوصل: متحرک الف کی اس قسم پر ہمزہ (ء) کی شکل میں لکھا نہیں جاتا بلکہ حرف الف پر ہی حرکت دی جاتی ہے۔ مندرجہ ذیل الفاظ کا پہلا متحرک الف ہمزۃ الوصل ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِبْنٌ، اِبْنَةٌ، اِمْرُؤٌ، اِمْرَأَةٌ، اِثْنَانِ، اِثْنَتَانِ، اِسْمٌ، اَلْ (لام تعریف) میں الف ہمزۃ الوصل ہے، اسی طرح ابواب ثلاثی مزید فیہ میں سے اِفْتِعَال، اِنْفِعَال اور باب اِسْتِفْعَال کا پہلا الف اور ثلاثی مجرد کے فعل امر کا الف بھی ہمزۃ الوصل ہے۔

سلسلہ قرآنی افعال ۔ ثلاثی مجرد مہموز

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
أَخَذَ	يَأْخُذُ	أَخْذًا	۲۶۹	لینا، پکڑنا، عنه نقل کرنا، سیکھنا
أَكَلَ	يَأْكُلُ	أَكْلًا	۱۰۹	کھانا
أَمَرَ	يَأْمُرُ	أَمْرًا	۲۴۹	به حکم دینا
أَذِنَ	يَأْذَنُ	إِذْنًا	۱۰۲	فيه، له اجازت دینا، جائز کرنا
أَمِنَ	يَأْمَنُ	اَمْنًا	۲۰	امن میں ہونا، عليه امین بنانا
سَأَلَ	يَسْأَلُ	سُؤَالًا	۱۲۹	مانگنا، عنه، به کسی چیز کے بارے میں دریافت کرنا
سَئِمَ	يَسْئَمُ	سَأَمًا	۳	منه اکتاجانا
قَرَأَ	يَقْرَأُ	قِرَاءَةً	۸۸	کتاب پڑھنا، عليه کسی کو پڑھ کر سنانا

مشق نمبر ۳۳ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱۔ أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنسَوْنَ أَنفُسَكُمْ (۲: ۴۴)

۲۔ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ (۱۰: ۱۰۴)

۳۔ وَأَخَذْنَا مِنْهُم مِّيثَاقًا غَلِيظًا (۴: ۱۵۴)

۴۔ خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِم بِهَا (۹: ۱۰۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٥. وَلَا تَأْكُلُوٓا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ (٢ :١٨٨)

٦. أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ (٤٩ :١٢)

٧. فَإِن لَّمْ تَجِدُوا فِيهَا أَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوهَا حَتَّى يُؤْذَنَ لَكُمْ (٢٤ :٢٨)

٨. أَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يَخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ (٦٧ :١٦) يَخْسِفَ (وہ دھنسا دے)

٩. وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ (٢ :٢١٩) الْعَفْوَ (ضرورت سے زیادہ)

١٠. وَلَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (١٦ :٩٣)

١١. تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ (٢ :١٣٤)

١٢. لَا يَسْأَمُ الْإِنسَانُ مِن دُعَاءِ الْخَيْرِ (٤١ :٤٩)

١٣. فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ (١٦ :٩٨) فَاسْتَعِذْ (پناہ مانگ)

١٤. وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (٧ :٢٠٤) أَنصِتُوا (خاموش رہو)

١٥. وَقُرْآنًا فَرَقْنَاهُ لِتَقْرَأَهُ عَلَى النَّاسِ (١٧ :١٠٦) فَرَقْنَا (ہم نے جدا جدا کیا)

مشق نمبر ۳۳ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم اپنے بھائیوں کی مدد کریں۔

۲۔ اگر تم رسول کی سنت کو پکڑو گے اور بدعت کو چھوڑو گے تو کامیاب ہو جاؤ گے۔

۳۔ اگر ہم حرام کھائیں گے تو اللہ کیسے ہماری نمازیں قبول فرمائے گا۔

۴۔ ہم سے ایک دن پوچھا جائے گا جو ہم دنیاوی زندگی میں کر رہے ہیں۔

۵۔ کسی غیر کے گھر میں مت داخل ہو حتیٰ کہ گھر کا مالک اجازت نہ دے دے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثانی والثلاثون

معتل افعال

وہ افعال جن کے اصلی حروف میں و، ا یا ی ہو افعال معتل کہلاتے ہیں۔حروف و، ا یا ی کی آواز چونکہ حرکات زبر، زیر اور پیش سے ملتی جلتی ہے اس لیے ان میں سے جب کوئی حرف کسی فعل میں استعمال ہوتا ہے تو بعض اوقات اس حرف کی اور اس پر یا اس سے پہلے یا بعد کے حروف پر حرکات کی صوتی نامناسبت کی وجہ سے اس لفظ کا تلفظ کرنا یا تو ناممکن ہو جاتا ہے یا مشکل۔ مثلاً: اِوْ یا اُیْ۔ چنانچہ اس مشکل پر ادغام، ابدال اور حذف وغیرہ کے قاعدوں سے قابو پایا جاتا ہے۔طوالت سے بچنے کی خاطر ان قاعدوں سے فعل کی جو آخری صورتیں بنتی ہیں فی الحال انہی پر اکتفا کیا جا رہا ہے۔مفصل قواعد کے علی الرغم چند عمومی نقاط کی وضاحت کر دی گئی ہے۔

معتل افعال کی اقسام حسب ذیل ہیں:۔

۱۔**مثال**: جس فعل کا فاء کلمہ حروف علت میں سے ہو۔جیسے وَعَدَ (اس نے وعدہ کیا)۔

۲۔**اجوف**: جس فعل کا عین کلمہ حروف علت میں سے ہو۔جیسے: قَالَ (اس نے کہا)۔

۳۔**ناقص**: جس فعل کا لام کلمہ حروف علت میں سے ہو۔جیسے: رَضِیَ (وہ راضی ہوا)۔

۴۔**لفیف**: وہ فعل جس میں دو حروف علت ہوں۔جیسے: وَقٰی (اس نے بچایا)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الثالث والثلاثون

فعل مثال

فعل مثال کی دو اقسام ہیں۔مثال واوی اور مثال یائی۔

مثال واوی

جس فعل کا پہلا کلمہ واؤ ہو اسے **مثال واوی** کہتے ہیں۔یہ درج ذیل پانچ ابواب سے آتا ہے۔

(ض) وَعَدَ، یَعِدُ (وعدہ کرنا)

(ف) وَهَبَ، یَهَبُ (بخشا)

(ح) وَرِمَ، یَرِمُ (سوجنا)

(س) وَجِلَ، یَوْجَلُ (ڈرنا)

(ك) وَسُمَ، یَوْسُمُ (خوبصورت ہونا)

صرف صغیر: وَعَدَ، یَعِدُ، وَعْدًا، وَاعِدٌ، وُعِدَ، یُوْعَدُ، مُوْعُوْدٌ، عِدْ،

صرف کبیر میں ماضی مضارع معروف و مجہول کی تمام گردانیں عام اوزان پر ہوں گی۔

امر حاضر: عِدْ، عِدَا، عِدُوْا، عِدِیْ، عِدَا، عِدْنَ،

نوٹ: مضارع کی نشانی ہٹانے کے بعد متحرک حرف ملا۔ چنانچہ الف کے اضافہ کی ضرورت نہ رہی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِیْجَلْ، اِیْجَلَا، اِیْجَلُوْا، اِیْجَلِیْ، اِیْجَلَا، اِیْجَلْنَ

نوٹ : واؤ ساکن سے پہلے حرف پر چونکہ زیر ہے اس لیے واؤ ی سے بدل گیا ہے۔ یہ اصل میں اِوْجَلْ، اِوْجَلَا وغیرہ تھے۔

قاعدہ نمبر ۱ ۔ مضارع کی نشانی اور مکسور العین کلمہ کے درمیان آنے والا واؤ گر جاتا ہے۔ جیسے: وَعَدَ کا مضارع جو کہ یَوْعِدُ تھا یَعِدُ رہ گیا۔

قاعدہ نمبر ۲ ۔ واؤ ساکن کا ماقبل اگر مکسور ہو تو وہ واؤ ی میں بدل جاتی ہے اور ی ساکن کا ماقبل اگر مضموم ہو تو وہ ﴿ی﴾ واؤ میں بدل جاتی ہے۔ جیسے: وَجِلَ کا امر اِوْجَلْ تھا جو اِیْجَلْ ہو گیا اور یَقُظَ (جاگنا) کا امر اُیْقُظْ سے اُوْقُظْ ہو گیا۔

مثال یائی

وہ فعل جس کا پہلا کلمہ ﴿ی﴾ ہو۔ یہ درج ذیل ابواب سے آتا ہے۔

(ض) یَسَرَ سے یَیْسِرُ (جوا کھیلنا)

(ف) یَفَعَ سے یَیْفَعُ (بالغ ہونا)

(س) یَسِرَ سے یَیْسَرُ (آسان ہونا)

صرف کبیر: ماضی مضارع معروف اور مجہول کی سب گردانیں عام اوزان پر ہوں گی۔

سلسلہ قرآنی افعال ۔ ثلاثی مجرد مثال واوی / یائی

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
وَعَدَ	یَعِدُ	وَعْدًا	۱۴۹	وعدہ کرنا
وَجَدَ	یَجِدُ	وُجُوْدًا	۱۰۷	پانا، حاصل کرنا
وَضَعَ	یَضَعُ	وَضْعًا	۲۶	رکھ دینا، عورت کا بچہ جننا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَعَظَ	يَعِظُ	وَعْظًا	۲۵	نصیحت کرنا
وَصَلَ	يَصِلُ	وَصْلًا	۱۲	پہنچنا، جوڑنا، ملانا
وَصَفَ	يَصِفُ	وَصْفًا	۱۴	تعریف کرنا، بیان کرنا
وَسِعَ	يَسَعُ	وِسَاعَةً	۳۲	وسیع یا کشادہ ہونا
وَقَعَ	يَقَعُ	وُقُوْعًا	۲۴	(واقعہ کا) واقع ہونا
وَرِثَ	يَرِثُ	وِرَاثَةً	۳۴	وارث ہونا، عن کسی سے وراثت میں پانا
وَزَرَ	يَزِرُ	وِزْرًا	۲۵	بوجھ اٹھانا
وَلَدَ	يَلِدُ	وِلَادَةً	۶۳	عورت کا بچہ جننا
يَئِسَ	يَيْئَسُ	يَأْسًا	۱۴	مایوس ہونا
يَقِظَ	يَيْقَظُ	يَقْظًا	۱	جاگنا، بیدار ہونا
يَتِمَ	يَيْتَمُ	يُتْمًا	۲۲	یتیم ہونا

مشق نمبر ۳۴ (الف)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱. وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَأَجْرٌ عَظِيْمٌ (۵: ۹)

۲. وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (۲: ۲۶۸)

۳. هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ (۳۶: ۶۳)

۴. وَمَنْ يُضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا (۴: ۱۴۳)

۵. وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا (۳۳: ۱۷)

۶. وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ (۲۱: ۴۷) الْمَوَازِيْنَ (ترازو)

۷. وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا (۲۲: ۲) حَمْلٍ (بوجھ)

۸. فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ (۴: ۶۳) فَأَعْرِضْ (پس منہ پھیر لے)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٩. فَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ (٢١ :٢٢)

١٠. وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ (٢١ :١٠٥)

١١. وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ (٦ :١٦٤)

١٢. فَمَا كَانَ لِشُرَكَائِهِمْ فَلَا يَصِلُ إِلَى اللَّهِ وَمَا كَانَ لِلَّهِ فَهُوَ يَصِلُ إِلَىٰ شُرَكَائِهِمْ (٦ :١٣٦)

١٣. وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ (٢ :٢٥٥)

١٤. قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۔ اللَّهُ الصَّمَدُ ۔ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ ۔ (١١٢ :١۔٣)

الصَّمَدُ (بے نیاز)

١٥. أُولَٰئِكَ يَئِسُوا مِن رَّحْمَتِي (٢٩ :٢٣)

مشق نمبر ۳۴ (ب)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱۔ تم وعدہ کرو کہ تم اچھے عمل کرو گے۔

۲۔ تم اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں پاؤ گے۔

۳۔ ہر چیز کو اپنی جگہ پر رکھو اور ظلم نہ کرو۔

۴۔ نیک لوگ لوگوں کو اچھی باتوں کی نصیحت کرتے ہیں۔

۵۔ اللہ کی رحمت سے ہرگز مایوس نہ ہو کیونکہ یہ کفر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدرس الرابع والثلاثون

فعل اجوف

فعل اجوف کی دو اقسام ہیں۔ **اجوف واوی** اور **اجوف یائی**۔

اجوف واوی

جس فعل کا عین کلمہ واؤ ہو اسے اجوف واوی کہتے ہیں۔

فعل میں ایسا درمیانی الف جس پر کوئی حرکت نہ ہو وہ واؤ یا ی سے بدلا ہوا ہوتا ہے۔

جیسے: قَالَ، خَافَ، اور بَاعَ، جو کہ اصل میں قَوَلَ، خَوِفَ اور بَيَعَ تھے۔

اجوف واوی عموماً نَصَرَ اور سَمِعَ باب سے آتا ہے۔ جیسے: قَالَ، يَقُوْلُ (کہنا) خَافَ، يَخَافُ (ڈرنا)۔

صرف صغیر: قَالَ، يَقُوْلُ، قَوْلًا، قَائِلٌ، قِيْلَ، يُقَالُ، مَقُوْلٌ، قُلْ۔

صرف کبیر

ماضی	مضارع	ماضی مجہول	مضارع مجہول	امر
قَالَ	يَقُوْلُ	قِيْلَ	يُقَالُ	
قَالَا	يَقُوْلَانِ	قِيْلَا	يُقَالَانِ	
قَالُوْا	يَقُوْلُوْنَ	قِيْلُوْا	يُقَالُوْنَ	
قَالَتْ	تَقُوْلُ	قِيْلَتْ	تُقَالُ	
قَالَتَا	تَقُوْلَانِ	قِيْلَتَا	تُقَالَانِ	
قُلْنَ	يَقُلْنَ	قِلْنَ	يُقَلْنَ	
قُلْتَ	تَقُوْلُ	قِلْتَ	تُقَالَ	قُلْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قُوْلَا	تُقَالَانِ	قِلْتُمَا	تَقُوْلَانِ	قُلْتُمَا
قُوْلُوْا	تُقَالُوْنَ	قِلْتُمْ	تَقُوْلُوْنَ	قُلْتُمْ
قُوْلِيْ	تُقَالِيْنَ	قِلْتِ	تَقُوْلِيْنَ	قُلْتِ
قُوْلَا	تُقَالَانِ	قِلْتُمَا	تَقُوْلَانِ	قُلْتُمَا
قُلْنَ	تُقَلْنَ	قِلْتُنَّ	تَقُلْنَ	قُلْتُنَّ
	أُقَالُ	قِلْتُ	أَقُوْلُ	قُلْتُ
	نُقَالُ	قِلْنَا	نَقُوْلُ	قُلْنَا

قاعدہ نمبر ۳۔ اگر واؤ یا ی متحرک ہو اور اس کا ماقبل مفتوح ہو تو وہ (واؤ یا ی) الف سے بدل جاتا ہے۔ جیسے: قَوَلَ سے قَالَ، قَالَا، قَالُوْا، قَالَتْ۔

قاعدہ نمبر ٤۔ جب ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ یا ی ہو اور اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر جائے تو جمع مؤنث غائب کے صیغے سے لے کر متکلم کے صیغوں تک فا کلمہ کو ضمہ دیا جائے گا۔ جیسے قَوْلْنَ سے قُلْنَ۔ لیکن اگر گرنے والا حرف ی ہو یا فعل مکسور العین ہو تو اس کے فا کلمہ کو کسرہ دی جائے گی۔ جیسے: خَوِفْنَ سے خِفْنَ۔

سلسلہ قرآنی افعال - ثلاثی مجرد اجوف واوی

ماضی	مضارع	مصدر	قرآن میں تکرار	مصدری معنی
قَالَ	يَقُوْلُ	قَوْلًا	١٧١٤	کہنا، له کسی سے کہنا، عنه کسی کی طرف سے بات کرنا، عليه کسی کے خلاف بولنا
كَانَ	يَكُوْنُ	كَوْنًا	١٣٨٧	ہونا، واقع ہونا، پایا جانا
خَافَ	يَخَافُ	خَوْفًا	١٢٣	ڈرنا، منه کسی سے ڈرنا
ذَاقَ	يَذُوْقُ	ذَوْقًا	٦٣	چکھنا
كَادَ	يَكَادُ	كَوْدًا	٢٣	قریب ہونا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَامَ	يَقُوْمُ	قِيَامًا	٦٧٠	کھڑا ہونا، علیہ کسی کے خلاف اٹھ کھڑے ہونا
عَادَ	يَعُوْدُ	عَوْدًا	٦٣	دہرانا، دوبارہ کرنا، لوٹنا، واپس آنا
عَاذَ	يَعُوْذُ	عَوْذًا	١٧	به کسی سے کسی کی پناہ چاہنا، من ان
نَالَ	يَنَالُ	نَيْلًا	١٢	پانا، حاصل کرنا
مَاتَ	يَمُوْتُ	مَوْتًا	١٢٣	مرنا
تَابَ	يَتُوْبُ	تَوْبَةً	٨٩	توبہ کرنا، پلٹنا، الیہ معافی مانگنا، علیہ معاف کرنا
خَاضَ	يَخُوْضُ	خَوْضًا	١٣	اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا، مشغول ہونا
فَازَ	يَفُوْزُ	فَوْزًا	٢٩	به کامیاب ہونا، منه مصیبت سے نجات پانا
نَامَ	يَنَامُ	نَوْمًا	٩	سونا الیه مطمئن ہونا

اجوف یائی

جس فعل کا عین کلمہ ی ہو وہ اجوف یائی کہلاتا ہے۔ یہ عموماً ثلاثی مجرد کے درج ذیل ابواب سے آتا ہے۔ جیسے: ضَرَبَ ، يَضْرِبُ سے بَاعَ، يَبِيعُ (بیچنا) سَمِعَ، يَسْمَعُ سے نَالَ، يَنَالُ (پانا)۔

صرف صغیر: بَاعَ، يَبِيْعُ، بَيْعًا، بَائِعٌ، بِيْعَ، يُبَاعُ، مَبِيْعٌ، بِعْ،

صرف کبیر

امر	مضارع مجہول	ماضی مجہول	مضارع	ماضی
	يُبَاعُ	بِيْعَ	يَبِيْعُ	بَاعَ
وَ نُؤْمِنُ بِكَ : (اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں)وَ واؤ عاطفہ، اٰمَنَ، یُؤْمِنُ، اِیْمَانًا سے فعل مضارع بفاعل،بِ نُؤْمِنُ کا صلہ، كَ ضمیر متصل مفعول بہ۔فعل فاعل اور مفعول مل کر جملہ فعلیہ ہوا۔

وَ نَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ:(اور ہم صرف تجھ ہی پر بھروسہ کرتے ہیں)، وَ واؤ عاطفہ، تَوَكَّلَ، یَتَوَكَّلُ، تَوَكِیْلًا (بھروسہ کرنا)فعل مضارع بفاعل۔عَلٰی صلہ، كَ ضمیر مفعول بہ۔فعل فاعل اور مفعول مل کر جملہ فعلیہ ہوا۔

وَ نُثْنِیْ عَلَیْكَ : (اور ہم تعریف کرتے ہیں تیری ہی)، وَ واؤ عاطفہ، اَثْنٰی، یُثْنِی، اِثْنَاءً سے عَلٰی کے صلہ کے ساتھ (تعریف کرنا)۔باب افعال سے فعل مضارع بفاعل کا صیغہ جمع متکلم۔ عَلٰی صلہ اور كَ ضمیر مفعول بہ۔

اَلْخَیْرَ :(سب بھلائیوں کی) ال استغراق،مفعول بہ (بھلائی کی)۔

وَ نَشْكُرُكَ : (اور تیرا شکر ادا کرتے ہیں)، وَ واؤ عاطفہ، شَكَرَ، یَشْكُرُ، شُكْرًا (شکر ادا کرنا) سے فعل مضارع جمع متکلم، كَ مفعول بہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَلَا نَكْفُرُكَ : (اور ہم ناشکری نہیں کرتے تیری نعمت کی)، وَ واؤ عاطفہ، لَا حرف نفی، كَفَرَ، يَكْفُرُ، كُفُوْرًا، (نعمت کی ناشکری کرنا) سے فعل مضارع بفاعل کا صیغہ جمع متکلم، اور كَ ضمیر مفعول بہ۔

نَخْلَعُ : (ہم الگ ہوتے ہیں) خَلَعَ، يَخْلَعُ، خَلْعًا (کسی چیز کو اتارنا) سے فعل مضارع بفاعل کا صیغہ جمع متکلم اور إِنَّ کی دوسری خبر۔

وَ نَتْرُكُ :(اور ہم چھوڑتے ہیں)، وَ واؤ عاطفہ، تَرَكَ، يَتْرُكُ، تَرْكًا، (چھوڑنا) سے فعل مضارع کا صیغہ جمع متکلم۔

مَنْ يَّفْجُرُكَ : (جو تیری نافرمانی کرتے ہیں) مَنْ اسم موصول، فَجَرَ، يَفْجُرُ، فُجُوْرًا (حق سے تجاوز کرنا) سے فعل مضارع، اور كَ مفعول بہ۔

اَللّٰهُمَّ: (اے اللہ) منادی، ندا۔

اِيَّاكَ: (آپ ہی کی)ضمیر مفعول بہ، فعل پر مقدم ہو کر معانی میں حصر پیدا کرتی ہے۔

نَعْبُدُ:(ہم عبادت کرتے ہیں)عَبَدَ، يَعْبُدُ، عِبَادَةً سے فعل مضارع بفاعل جمع متکلم۔

وَ لَكَ نُصَلِّي: (اور آپ ہی کے لیے نماز پڑھتے ہیں)،وَ واؤ عاطفہ، لَكَ جار مجرور، جس نے اپنے متعلق فعل نُصَلِّي (صَلَّى، يُصَلِّي، صَلَاةً نماز پڑھنا) سے مقدم ہو کر اس کے معانی میں حصر پیدا کیا۔

نَسْجُدُ : (ہم سجدہ کرتے ہیں)سَجَدَ، يَسْجُدُ، سُجُوْدًا (جھکنا، زمین پر سر رکھنا، کسی کے لیے سجدہ کرنا) سے فعل مضارع جمع متکلم۔

وَ إِلَيْكَ نَسْعٰى: (اور آپ ہی کی طرف قصد کرتے ہیں)، وَ واؤ عاطفہ، إِلَيْكَ جار مجرور، متعلق فعل نَسْعٰى (سَعٰى، يَسْعٰى، سَعْيًا کوشش کرنا، قصد کرنا)۔

وَ نَحْفِدُ : (اور ہم آپ ہی کی خدمت کرتے ہیں)وَ واؤ عاطفہ، حَفَدَ، يَحْفِدُ، حَفْدًا (خدمت کرنا) سے فعل مضارع بفاعل۔

وَ نَرْجُو :(اور ہم امید باندھتے ہیں)وَ واؤ عاطفہ، رَجَاءَ، يَرْجُو، رَجُوًا (پر امید

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہونا، امید باندھنا) سے فعل مضارع جمع متکلم۔

رَحْمَتَكَ: (تیری رحمت سے) رَحْمَةَ مفعول بہ و مضاف، كَ مضاف الیہ۔

وَ نَخْشَى: (اور ہم ڈرتے ہیں) وَ واؤ عاطفہ، خَشِيَ، يَخْشَى، خَشْيًا، (ڈرنا) سے فعل مضارع بفاعل۔

عَذَابَكَ: (آپ کے عذاب سے، تیرے عذاب سے) عَذَابَ مفعول بہ اور مضاف، كَ مضاف الیہ۔

اِنَّ عَذَابَكَ: (بے شک تیرا عذاب) اِنَّ حرف تاکید، عَذَابَ، اِنَّ کا اسم اور مضاف، كَ مضاف الیہ۔

بِالْكُفَّارِ: (کفار کے ساتھ) جار مجرور، خبر مقدم۔

مُلْحِقٌ: (ملا ہوا ہے)، اَلْحَقَ، يُلْحِقُ، اِلْحَاقًا [بِ کے صلہ کے ساتھ] (کسی سے ملا دینا) سے اسم فاعل، مبتدا مؤخر نکرہ۔ خبر اور مبتدا مل کر جملہ اسمیہ بنے اور ان کی خبر بنی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورہ بقرہ کی ابتدائی آیات

کی

لغوی، صرفی اور نحوی تحلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور ہمیشہ رحم کرنے والا ہے)

الٓمّٓ (۱) ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ (۲)

(الـم، یہ وہ کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ متقین [پرہیزگاروں] کے لیے ہدایت ہے۔)

الٓمّٓ: حرف مقطعات ہیں۔ ان کا تلفظ ہوگا، اَلِف، لَام، مِیم۔

ذٰلِكَ: واحد مذکر کے لیے اشارہ بعید یعنی ''وہ''۔ (مبتدا)۔

الْكِتٰبُ: (کتاب، نوشتہ، تقدیر، حکم) كَتَبَ، يَكْتُبُ، كِتَابًا سے مصدر بحیثیت اسم مفعول آیا ہے۔ ال بحیثیت لام عہد بھی ہوسکتا ہے اور موصولہ بھی۔ (ذٰلِكَ کا بدل)۔

لَا: (کوئی نہیں) لا نفی جنس۔

رَيْبَ: (شک) رَابَ، يَرِيْبُ، رَيْبًا سے لا نفی جنس کا اسم۔

فِيْهِ: (اس میں) جار مجرور، (لَا کی خبر)۔

نوٹ: فِيْهِ کے پہلے اور بعد تین تین نقطے ہیں جن کو معانقہ کہتے ہیں۔ جو لفظ معانقہ کے درمیان ہوتا ہے اس کا تعلق اس سے پہلی اور بعد والی دونوں عبارتوں میں سے کسی ایک کے ساتھ ہوتا ہے۔

هُدًى: (ہدایت، رہنمائی) هَدٰى، يَهْدِيْ، هُدًى، هِدَايَةً (ہدایت دینا، رہنمائی کرنا) مصدر بمعنی اسم فاعل، (خبر ثانی)۔

لِّلْمُتَّقِيْنَ: لِ + مُتَّقِيْنَ: (سخت پرہیز کرنے والوں کے لیے، سخت احتیاط سے کام لینے والوں کے لیے، اپنی بہت حفاظت کرنے والوں کے لیے، بچ کر رہنے والوں کے لیے)۔ چنانچہ ان معنوں سے ''ڈرنے والوں کے لیے'' کے معنی نکلتے ہیں۔ (متعلق خبر ثانی)

اِتَّقٰى، يَتَّقِيْ، اِتِّقَاءً سے اسم جمع فاعل اور اس کے اصطلاحی معنی ہیں ''تمام شرعی واجبات کو محض کاغذی اور رسمی کارروائی ہی کے طور پر نہیں بلکہ صحیح معنوں میں پوری توجہ اور احتیاط سے بجا لانے والے اور تمام شرعاً حرام اور ممنوع کاموں سے پوری طرح بچنے والے اور یہ سب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کچھ کسی ظاہری نگرانی یا دباؤ کے بغیر محض اللہ کی رضا کی خاطر کرنے والے"۔ مُتَّقِیْنَ یہاں موصوف بھی ہے جس کی صفت اگلی آیت میں اَلَّذِیْنَ ہے۔

اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ (۳)

(جو لوگ ایمان لاتے ہیں غیب پر اور نماز کو قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں)

اَلَّذِیْنَ: (جو کہ، وہ لوگ جو کہ) اسم موصول جمع مذکر۔ محلاً مجرور اور مُتَّقِیْنَ کی صفت۔

یُؤْمِنُوْنَ: (ایمان لاتے ہیں، ایمان لائیں گے)، سے فعل مضارع جمع مذکر غائب، یہ بِ کے صلہ کے ساتھ آتا ہے جس کا معنی "پر" کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ لِ کے صلہ کے ساتھ بھی آتا ہے۔ جیسے: آمن لہ (سچ ماننا، مطیع ہونا) اور بغیر صلہ کے بھی آتا ہے۔ جیسے: آمنہ (امن دینا، امان دینا) اس کا ثلاثی مجرد اَمِنَ، یَاْمَنُ، اَمَانَۃً بمعنی اعتبار کرنا، امین بنانا ہے۔

بِالْغَیْبِ: بِ + الْغَیْبِ، جس میں بِ فعل یُؤْمِنُوْنَ کا صلہ ہے۔ اور اَلْغَیْبِ (انسانی حواس سے پوشیدہ) غَابَ، یَغِیْبُ، غَیْبَات سے مصدر معرف باللام ہے۔ شبہ جملہ متعلق یُؤْمِنُوْنَ اور یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ جملہ فعلیہ بن کر اَلَّذِیْنَ کا صلہ ہوئے۔

وَ: (اور) واؤ عاطفہ۔

یُقِیْمُوْنَ: (وہ قائم کرتے ہیں) اَقَامَ، یُقِیْمُ، اِقَامَۃً سے فعل مضارع جمع غائب کا صیغہ۔ اس کا ثلاثی مجرد قَامَ، یَقُوْمُ، قِیَاماً (کھڑا ہونا) ہے۔

الصَّلٰوۃَ: (نماز، مسلمانوں کی معروف عبادت، دعا)، صَلّٰی، یُصَلِّی، صَلٰوۃً (نماز پڑھنا) مفعول بہ۔ فعل، فاعل اور مفعول مل کر جملہ فعلیہ بنا اور اَلَّذِیْنَ کا صلہ بنا۔

وَ: (اور) واؤ عاطفہ۔

مِمَّا: مِنْ + مَا (اس میں سے جو کچھ کہ) مِنْ حرف جار اور مَا موصولہ شبہ جملہ متعلق رَزَقْنَا۔

رَزَقْنَا: (ہم نے دیا، ہم نے عطا کیا) رَزَقَ، یَرْزُقُ، رِزْقاً فعل ماضی معروف سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صیغہ جمع متکلم۔

هُمْ : (وہ سب) ضمیر متصل، مفعول بہ۔

يُنْفِقُوْنَ: (وہ خرچ کرتے ہیں) اَنْفَقَ، يُنْفِقُ، اِنْفَاقًا سے فعل مضارع معروف کا جمع غائب کا صیغہ۔ اس کا ثلاثی مجرد نَفِقَ، يَنْفَقُ، نَفَقًا (ختم ہو جانا، کم رہ جانا) ہے۔

نوٹ: اِنْفَاقٌ کے اسلامی معنی ہیں اِنْفَاقٌ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (اللہ کی راہ میں خرچ کرنا)۔

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ (٤)

(اور جو ایمان لاتے ہیں اس پر جو کچھ آپ کی طرف اتارا گیا، اور جو آپ سے پہلے اتارا گیا اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔)

وَ: (اور) واؤ عاطفہ۔

اَلَّذِيْنَ : (جو کہ، وہ لوگ جو کہ)، اسم موصول جمع مذکر۔ پچھلی آیت کے پر اَلَّذِيْنَ معطوف۔

يُؤْمِنُوْنَ : (ایمان لاتے ہیں، ایمان لائیں گے)، فعل مضارع، اَلَّذِيْنَ کا صلہ۔

بِمَا: بِ حرف جار اور فعل يُؤْمِنُوْنَ کا صلہ ہے اور مَا موصولہ۔

اُنْزِلَ : (اتارا گیا) اَنْزَلَ، يُنْزِلُ، اِنْزَالًا (نازل کرنا، اتارنا) سے فعل ماضی مجہول، اور اس کا ثلاثی مجرد نَزَلَ، يَنْزِلُ، نُزُوْلًا (اترنا) ہے۔ اور مَا کا صلہ۔

اِلَيْكَ: (آپ کی طرف، تیری طرف) جار مجرور (متعلق اُنْزِلَ)۔

وَمَآ اُنْزِلَ : (اور جو اتارا گیا)، وَ واؤ عاطفہ، مَا موصولہ، اُنْزِلَ فعل ماضی مجہول، يُؤْمِنُوْنَ پر معطوف۔

مِنْ قَبْلِكَ: (آپ سے پہلے، تجھ سے پہلے) مِنْ حرف جار، قَبْلِ ظرف، كَ ضمیر مجرور اور قَبْلِكَ مضاف، مضاف الیہ، (شبہ جملہ متعلق اُنْزِلَ)

وَ بِالْاٰخِرَةِ: (اور آخرت یعنی سب سے آخر میں آنے والی پر) یہاں اَلْاٰخِرَةِ کا لام تعریف، لام عہد ہے، یعنی وہ آخری زندگی جس پر ایمان لانا دین اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جس کا ذکر قرآن میں بار بار آیا ہے۔ یہ بھی ایک ایسی اسلامی اصطلاح ہے جو کہ قرآن نے عربی زبان کو دی ہے۔ اس کے مفہوم اور معنیٰ کی قرآن کریم نے تفصیل کے ساتھ وضاحت کر دی ہے اس لیے اس کا ترجمہ آخرت ہی کرنا چاہیے۔ بِ حرف جار اور آگے آنے والے فعل یُوْقِنُوْنَ کا صلہ ہے۔ اور وَ واؤ عاطفہ متعلق خبر یُوْقِنُوْنَ ۔

هُمْ يُوْقِنُوْنَ: (وہ سب یقین رکھتے ہیں) هُمْ ضمیر اور یُوْقِنُوْنَ باب افعال سے اَیْقَنَ، یُوْقِنُ، اِیْقَانًا (یقین رکھنا) سے فعل مضارع ہے اور اس کا ثلاثی مجرد یَقِنَ، یَیْقَنُ، یَقْنًا (واضح اور ثابت ہونا) ہے۔ یہ فعل عموماً بِ کے صلہ کے ساتھ آتا ہے۔ هُمْ مبتدا اور یُوْقِنُوْنَ خبر۔

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (۵)

(وہ سب اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی پورے کامیاب ہیں)

اُولٰٓئِكَ: (وہ سب) اسم اشارہ بعید برائے جمع مذکر و مؤنث، (مبتدا)

عَلٰى: (پر) حرف جار۔

هُدًى: (ہدایت) مجرور، جار مجرور اپنے صلہ کے ساتھ مل کر خبر۔

مِّنْ: (کی طرف سے، سے)، حرف جار، صلہ هُدًى۔

رَّبِّهِمْ: (ان کے رب، اپنے رب)، رَبِّ مجرور (مضاف) هُمْ (مضاف الیہ)۔

وَ اُولٰٓئِكَ: (اور وہ سب)، وَ واؤ عاطفہ، اور اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ، (مبتدا)۔

هُمُ: (وہی)، ضمیر فاصل جو کہ مبتدا اور خبر معرفہ کے درمیان تخصیص کے لیے لائی جاتی ہے۔

الْمُفْلِحُوْنَ: (پورے کامیاب) اَفْلَحَ، یُفْلِحُ، اِفْلَاحًا سے اسم فاعل ہے۔ اس کا ثلاثی مجرد فَلَحَ، یَفْلَحُ، فَلْحًا (کاٹنا، پھاڑنا) ہے۔ واضح رہے کہ اِفْلَاحًا کا مفہوم دوسرے مذاہب کے تصورات اخروی کے مفہوم مثلاً نجات، مکتی، نروان اور Salvation وغیرہ سے کہیں زیادہ وسیع ہے۔ (خبر)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ (٦)

(جن لوگوں نے انکار کیا، ان پر برابر ہے، خواہ آپ نے انہیں ڈرایا یا نہ ڈرایا، وہ ہرگز ایمان نہیں لائیں گے۔)

اِنَّ: (بے شک)، حرف تاکید ہے' یہ اپنے مابعد اسم کو نصب دیتا ہے اور کلام کے شروع میں آتا ہے۔

الَّذِیْنَ: (جن لوگوں نے) اسم موصول۔ اِنَّ کا اسم' جو محلا منصوب ہے۔

کَفَرُوْا: (کفر کیا، انکار کیا) کَفَرَ، یَکْفُرُ، کَفْرًا سے ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اور الَّذِیْنَ کا صلہ۔

سَوَآءٌ: (برابر ہے) (اِنَّ کی خبر) سَوَا، یَسْوِی، سَوَاءً۔

عَلَیْهِمْ: (ان پر)، شبہ جملہ متعلق سَوَآءٌ۔

ءَاَنْذَرْتَهُمْ: (خواہ آپ نے / تو نے ان کو ڈرایا) أ ہمزہ تسویہ (برابر کرنے والا ہمزہ) اَنْذَرَ، یُنْذِرُ، اِنْذَارًا سے مضارع واحد حاضر، مجزوم، **هُمْ** ضمیر متصل مفعول بہ۔

اَمْ: (یا) حرف عطف ہمزہ تسویہ کے بعد جواب کے طور پر لایا جاتا ہے۔

لَمْ تُنْذِرْهُمْ: (آپ نے / تو نے انہیں نہیں ڈرایا) **لَمْ** (نہیں) جازم المضارع، اَنْذَرَ، یُنْذِرُ، اِنْذَاراً سے مضارع واحد حاضر مجزوم، **هُمْ** مفعول بہ۔

لَا یُؤْمِنُوْنَ: (وہ ایمان نہیں لائیں گے)، **لَا** حرف نفی، آمَنَ، یُؤْمِنُ، اِیْمَانًا سے فعل مضارع صیغہ جمع غائب۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَ عَلٰی سَمْعِهِمْ وَ عَلٰٓی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ (٧)

(اللہ نے مہر لگا دی ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں (قوت سماعت) پر۔ اور ان کی آنکھوں (قوت بصارت) پر پردہ ہے اور ان کے لیے سخت عذاب ہے۔)

خَتَمَ: (مہر لگا دی)، خَتَمَ، یَخْتِمُ، خَتْمًا، خِتَامًا (مہر لگانا، ختم کرنا) سے فعل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ماضی معروف۔

اللّٰہُ: (اسم جلالت) فاعل۔

عَلٰی قُلُوْبِهِمْ: (ان کے دلوں پر) عَلٰی قُلُوْبِ جار مجرور مضاف اور هُمْ مضاف الیہ اور شبہ جملہ متعلق خَتَمَ۔ قَلْبٌ کی جمع قُلُوْبٌ۔

وَ عَلٰی سَمْعِهِمْ: (اور ان کے کانوں (قوت سماعت) پر) وَ حرف عطف، عَلٰی سَمْعِ جار مجرور اور مضاف۔ هُمْ ضمیر متصل مضاف الیہ۔ چنانچہ عَلٰی سَمْعِهِمْ جملہ سابقہ، عَلٰی قُلُوْبِهِمْ پر معطوف ہے۔

وَ عَلٰی اَبْصَارِهِمْ: (اور ان کی آنکھوں (قوت ساعت) پر) وَ حرف استئناف، عَلٰی اَبْصَارِ جار مجرور اور مضاف۔ هِمْ مضاف الیہ۔ خبر مقدم۔

غِشَاوَةٌ: (پردہ ہے)، غَشِیَ، یَغْشٰی، غِشَاوَةٌ سے فِعَالَةٌ کے وزن پر اسم آلہ، (مبتدا مؤخر)

وَلَهُمْ: (اور ان کے لیے) وَ حرف استئناف، لَهُمْ خبر مقدم۔

عَذَابٌ: (عذاب، سزا) اسم جامد (مبتدا مؤخر)، موصوف۔

عَظِیْمٌ: (بڑے مرتبے والا، مسلسل، سخت)، عَظُمَ، یَعْظُمُ، عِظَامَةٌ (عزت والا ہونا) سے صفت مشبہ، عَذَابٌ کی صفت۔

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ مَا هُمْ بِمُؤْمِنِیْنَ (۸)

(اور کچھ ایسے ہیں جو کہتے ہیں ہم اللہ پر اور یوم آخر پر ایمان لائے حالانکہ وہ ہرگز مومن نہیں۔)

وَ: (اور) واؤ مستأنفہ یعنی دو مضمونوں کو علیحدہ کرنے والی واؤ۔

مِنَ: (کچھ، بعض)، حرف جار، مِنْ کے بعد اگر لام تعریف آئے تو اس کی نون کو زبر دے کر آگے ملا دیا جاتا ہے۔ (مِنْ تبعیض)۔

النَّاسِ: (لوگ) مجرور، جار مجرور مل کر شبہ جملہ، (قائم مقام خبر مقدم)

مَـــن: (جو) اسم موصول مبنی، اور زیادہ تر عاقل اشیاء کے لیے استعمال ہوتا ہے، (مبتدا مؤخر)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یَقُوْلُ: (کہتے ہیں) قَالَ، یَقُوْلُ، قَوْلًا سے فعل مضارع اور (مَنْ کا صلہ)

آمَنَّا: (ہم ایمان لائے) اٰمَنَ، یُؤْمِنُ، اِیْمَانًا سے فعل ماضی جمع متکلم۔ (مقولہ)۔

بِاللہ: (اللہ پر) جار مجرور بِ، آمَنَّا کا صلہ جس کا معنی "پر" لایا جاتا ہے۔

وَ بِالْیَوْمِ الاٰخِرِ: (اور یوم آخر پر) وَ حرف عاطفہ بِ، آمَنَّا کا مکرر صلہ برائے تاکید، بِالْیَوْمِ شبہ جملہ بِ، آمَنَّا اور الاٰخِرِ، اَلْیَوْمِ کی صفت۔

وَ مَا ھُمْ بِمُؤْمِنِیْنَ: (حالانکہ وہ مومن [ایمان لانے والے] نہیں ہیں) وَ (حالانکہ) واوِ حالیہ، مَا (نہیں ہیں) مشابہ لَیْسَ جو خبر کو نصب دیتا ہے۔ بِ یہ با مَا یا لَیْسَ کی خبر کے شروع میں تاکید کے لیے لائی جاتی ہے اور اس بِ کا اردو میں ترجمہ نہیں کیا جاتا۔ ھُمْ مبتدا، اور بِمُؤْمِنِیْنَ خبر۔

یُخٰدِعُوْنَ اللّٰہَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ مَا یَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَھُمْ وَ مَا یَشْعُرُوْنَ (۹)

(وہ اللہ کو اور مومنوں کو دھوکا دیتے ہیں حالانکہ وہ دھوکا نہیں دیتے مگر اپنی جانوں کو جبکہ وہ شعور نہیں رکھتے ہیں۔)

یُخٰدِعُوْنَ: (دھوکا بازی کرتے ہیں، چال بازی کرتے ہیں)، ثلاثی مزید خَادَعَ، یُخَادِعُ، مُخَادَعَۃً (کسی کو دھوکا دینے کی ناکام کوشش کرنا)، ثلاثی مجرد خَدَعَ، یَخْدَعُ، خَدْعاً (کسی کو دھوکا دینے میں کامیاب ہونا)۔

اللّٰہَ: (اسم جلالت)، محلاً مفعول، منصوب۔

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا: (اور جو لوگ ایمان لائے) وَ عاطفہ، اور الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اسم موصول وصلہ محلاً مفعول، منصوب، معطوف۔

وَ مَا یَخْدَعُوْنَ: (اور حالانکہ نہیں دھوکا دیتے ہیں)، وَ حالیہ، مَا نافیہ ہے اور یَخْدَعُوْنَ، خَدَعَ، یَخْدَعُ، خَدْعًا سے فعل مضارع۔

اِلَّآ: (سوائے، مگر) حرف استثنا۔

اَنْفُسَھُمْ: (اپنی جانوں کو) اَنْفُسَ جمع ہے نَفْسٌ سے، ھُمْ ضمیر۔ پورا مرکب مضاف، مضاف الیہ، (مستثنیٰ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَمَا يَشْعُرُوْنَ: (جبکہ وہ اس کا شعور نہیں رکھتے/جبکہ وہ نہیں سمجھتے)وَ حالیہ، مَا نافیہ ہے اور يَشْعُرُوْنَ، شَعَرَ، يَشْعُرُ، شُعُوْرًا سے فعل مضارع۔

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضاً وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ (۱۰)

(ان کے دلوں میں بیماری ہے سو اللہ نے ان کی بیماری بڑھا دی اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے کیونکہ وہ جھوٹ بولتے ہیں)

فِيْ قُلُوْبِهِمْ: (ان کے دلوں میں)فِيْ (میں)حرف جار، قُلُوْبِ (دل) مجرور اور مضاف، هُمْ ضمیر متصل، مضاف الیہ۔ پورا فقرہ مرکب اضافی اور خبر مقدم ہے۔

مَرَضٌ: (بیماری)مَرِضَ، يَمْرَضُ، مَرَضًا (بیمار ہونا)مبتدا مؤخر، چنانچہ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ بنا۔

فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا: (پس اللہ نے ان کی بیماری بڑھا دی)ف (پس)حرف عطف، زَادَ (اس نے بڑھایا)زَادَ، يَزِيْدُ، زِيَادَةً (زیادہ ہونا، زیادہ کرنا) فعل ماضی، لازم اور متعدی دونوں کے لیے آتا ہے۔ هُمْ ضمیر متصل مفعول بہ محلاً منصوب۔ اللّٰهُ (اسم جلالت) فاعل مرفوع۔ مَرَضًا تمیز جو کہ اسم نکرہ ہے اور اپنے ماقبل کا ابہام دور کر رہا ہے۔ پورا جملہ فعل، فاعل اور تمیز کے ساتھ فعلیہ ہوا۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ: (اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے)وَلَهُمْ (ان کے لیے) عَذَابٌ (عذاب، سزا) اَلِيْمٌ ثلاثی مجرد اَلِمَ، يَاْلَمُ، اَلَماً (درد ہونا، درد پیدا کرنا) سے صفت مشبہ۔ وَ حرف استئناف، لَهُمْ جار مجرور خبر مقدم اور عَذَابٌ اَلِيْمٌ صفت موصوف مبتدا مؤخر۔ چنانچہ پورا جملہ اسمیہ بنا۔

بِمَا: (اس سبب سے جو کہ)بِ حرف جار سببیہ اور مَا موصول۔

كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ: (وہ جھوٹ بول رہے تھے)كان یا اس کے باقی صیغے جب فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں تو اس میں ماضی استمراری کے معنی دیتے ہیں اور يَكْذِبُوْنَ، كَذَبَ، يَكْذِبُ، كِذْباً (جھوٹ بولنا) سے فعل مضارع ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ قَالُوْآ اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ (١١)
(اور جب ان سے کہا جاتا ہے، زمین پر فساد مت پھیلاؤ تو کہتے ہیں، ہم تو بلاشبہ اصلاح کرنے والے ہیں۔)

وَ اِذَا: (اور جب بھی)، وَ واؤ استئناف، اِذَا حرف ظرفیہ یا شرطیہ، شرط کے لیے کیونکہ زمانہ حال یا مستقبل ہوتا ہے اس لیے اس کے بعد اگر فعل ماضی (جو عموماً لایا جاتا ہے) کا ترجمہ حال یا مستقبل میں کیا جاتا ہے۔

قِيْـلَ: (کہا جاتا ہے) (اِذَا کی وجہ سے ترجمہ ماضی کی بجائے حال یا مستقبل میں کیا جائے گا) قَالَ، يَقُوْلُ، قَوْلًا سے فعل ماضی مجہول۔

لَهُمْ: (ان کو، ان سے)، جار مجرور متعلق قِيْلَ، جبکہ لَ، قِيْلَ کا صلہ ہے۔ صلہ کے ساتھ استعمال ہونے والے فعل کا مفعول اپنے صلہ کے ساتھ ضمیروں کے بدلنے سے استعمال ہوتا ہے، اس طرح لَهُمْ کا ترجمہ "ان کے لیے" کی بجائے "ان کو یا ان سے" ہوگا۔

لَا تُـفْسِـدُوْا: (نہ فساد پھیلاؤ) لَا برائے نہی اور تُـفْسِـدُوْا ثلاثی مزید فیہ اَفْسَدَ، يُفْسِدُ، اِفْسَادًا (بگاڑ دینا، خراب کرنا، ابتری پھیلانا) سے فعل مضارع کا صیغہ جمع حاضر ہے جو لائے نہی کی وجہ سے مجزوم ہے اس کا ثلاثی مجرد فَسَـدَ، يَفْسُدُ، فَسادًا (حد سے گزرنا، خراب ہونا) ہے۔

فِـى الْاَرْضِ: (زمین میں محاورۃ زمین پر)، جار مجرور متعلق لَا تُـفْسِـدُوْا۔ ارض مؤنث قیاسی ہے، جب الْ تعریف کے ساتھ آئے تو معنی ہوگا زمین کا کرہ یعنی کرہ ارض اور جب نکرہ آئے تو معنی کوئی علاقہ، ملک یا سرزمین ہوگا۔

قَـالُوْآ: (تو وہ کہتے ہیں، وہ کہیں گے)، قَـالَ، يَـقُوْلُ، قَوْلًا سے فعل مضارع۔ جواب شرط کی وجہ سے ترجمہ میں "تو" کا اضافہ کرنا ہوگا۔ قَـالُوْآ فعل ماضی ہے لیکن اِذَا کے بعد آنے کی وجہ سے اس کا ترجمہ مستقبل میں کیا جائے گا۔

اِنَّـمَا نَحْنُ: (بلا شبہ ہم تو، ہم تو فقط) اِنَّ (بلاشبہ) مَا (فقط، محض) مائے کافہ، یہ مَـا اِنَّ کے بعد آ کر اِنَّ کا اپنے اسم کو نصب دینے کا عمل روک دیتا ہے اور اس کے علاوہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کے بعد کوئی فعل بھی آ سکتا ہے۔

مُصْلِحُوْنَ: (اصلاح کرنے والے، سنوارنے والے، صلح کرانے والے) باب افعال اَصْلَحَ، یُصْلِحُ، اِصْلَاحاً (ٹھیک کرنا، سنوارنا، اصلاح کرنا) سے اسم فاعل کی جمع ثلاثی مجرد صَلَحَ، یَصْلُحُ، صَلَاحِیَّةٌ (ٹھیک ہونا)۔

وَاِذَا.......... فِی الْاَرْضِ جملہ فعلیہ شرطیہ، قَالُوْٓا.......... مُصْلِحُوْنَ جملہ جواب شرط، اور دونوں جملے مل کر جملہ فعلیہ ہوئے۔

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ (١٢)

(بلاشبہ یہی لوگ فساد کرنے والے ہیں اور لیکن وہ نہیں سمجھتے)

اَلَآ: (خبردار، سن رکھو) حرف استفتاح یعنی اس سے کسی حقیقت کا بیان ہوتا ہے اور اس میں تنبیہ کا مفہوم ہوتا ہے، یہ حرف کبھی متوجہ کرنے جھڑکنے اور تنبیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے اور کبھی نرمی سے ترغیب دینے کے لیے بھی۔ اگر تنبیہ کے لیے آئے تو اس کے بعد اِنَّ لایا جاتا ہے اور اگر ترغیب کے لیے آئے تو اس کے بعد کوئی فعل لایا جاتا ہے۔ یہ اَلَآ اکٹھا ایک ہی حرف ہے جبکہ أَلَا (کیا نہیں) مرکب، أَ (کیا) اور لَا (نہیں)

اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ: (بے شک وہی تو فساد کرنے والے ہیں)، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل، پہلا هُمْ اِنَّ کا اسم ہے اور دوسرا ضمیر فاصل اور اَلْمُفْسِدُوْنَ اسم فاعل اَفْسَدَ، یُفْسِدُ، اِفْسَاداً سے اور اِنَّ کی خبر ہے۔ پورا جملہ اسمیہ ہوا۔

وَلٰكِنْ: (لیکن)، حرف مشبہ بالفعل۔ لٰكِنَّ کے بعد اسم منصوب آیا کرتا ہے جبکہ لٰكِنْ کے بعد اسم اور فعل دونوں لائے جاسکتے ہیں اس کے علاوہ لٰكِنْ غیر عامل ہے۔ اس سے پہلے عموماً ایک واؤ عاطفہ کا اضافہ کیا جاتا ہے جس کے معنی کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

لَّا يَشْعُرُوْنَ: (نہیں سمجھتے)، لَا نافیہ اور يَشْعُرُوْنَ فعل مضارع۔

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ (١٣)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم ایمان لاؤ جیسے لوگ ایمان لائے تو کہتے ہیں: کیا ہم ایمان لائیں؟ جیسے بے وقوف ایمان لائے ہیں۔ سن رکھو خود وہ لوگ بے وقوف ہیں لیکن وہ نہیں جانتے۔

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ: (اور جب ان سے کہا جاتا ہے)۔

آمِنُوْا: (تم ایمان لاؤ) **آمَنَ، يُؤْمِنُ، اِيْمَانًا** سے فعل امر کا صیغہ جمع حاضر۔

كَمَآ آمَنَ النَّاسُ: (جیسے کہ لوگ ایمان لائے) **كَمَآ = كَ + مَا، كَ** (مانند) حرف جار، **مَا** (جو کہ) موصولہ، **آمَنَ، يُؤْمِنُ، اِيْمَانًا** سے فعل ماضی۔ شرط ہونے کی بنا پر ترجمہ زمانہ حال میں کیا گیا ہے۔ یہاں تک بیان شرط ہوا۔

قَالُوْا: (وہ کہتے ہیں)، جواب شرط ہونے کی وجہ سے "تو" کا اضافہ اور فعل ماضی کا ترجمہ زمانہ حال میں کیا جاتا ہے۔

أَنُؤْمِنُ: (کیا ہم ایمان لائیں؟)۔ **أَ** حرف استفہام، **نُؤْمِنُ، آمَنَ، يُؤْمِنُ، اِيْمَانًا** سے فعل مضارع کا صیغہ واحد متکلم۔

كَمَآ آمَنَ: (جیسے کہ ایمان لائے)۔

السُّفَهَآءُ: (بے وقوف) **سَفِهَ، يَسْفَهُ، سِفَاهَةً** اور **سُفَهَآءُ** صفت مشبہ **سَفِيْهٌ** کی جمع مکسر، معروف باللام ہے جو غیر منصرف ہے۔

وَ اِذَا.........**النَّاسُ** بیان شرط، **قَالُوْآ**.........**السُّفَهَآءُ** جواب شرط۔ پورا جملہ فعلیہ شرطیہ ہو۔

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ: (خبردار سن رکھو خود وہی لوگ بے وقوف ہیں)۔

وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ: (لیکن وہ نہیں جانتے) **يَعْلَمُوْنَ عَلِمَ، يَعْلَمُ، عِلْمًا** (جان لینا، جاننا) سے فعل مضارع کا صیغہ جمع غائب۔

وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ آمَنُوْا قَالُوْآ آمَنَّا وَ اِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ قَالُوْآ اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ (١٤)

(اور وہ جب ان لوگوں سے ملتے ہیں جو ایمان لائے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے اور جب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے شیطانوں کے پاس اکیلے ہوتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تو تمہارے ساتھ ہیں ہم تو محض مذاق کرنے والے ہیں۔)

وَ اِذَا: (اور جب) **وَ** واؤ استئناف یا عاطفہ یعنی جب بھی، جس وقت بھی، جس جگہ بھی، شرطیہ، ظرفیہ۔

لَقُوا: (ملتے ہیں، ملاقات کرتے ہیں، ملے) **لَقِیَ، یَلْقیٰ، لِقَاءً** سے فعل ماضی کا صیغہ جمع غائب، **اِذَا** کے بعد شرط ہونے کی وجہ سے ترجمہ زمانہ حال میں کیا گیا ہے کیونکہ یہ فعل بغیر صلہ کے آتا ہے اس لیے ترجمہ میں "سے" کا اضافہ کیا گیا ہے۔

الَّذِیْنَ آمَنُوْا: (جو ایمان لائے ہیں) **الَّذِیْنَ** اسم موصول اور **آمَنُوْا** فعل اور صلہ۔

قَالُوْآ آمَنَّا: (کہتے ہیں ہم ایمان لائے ہیں) جواب شرط ہونے کی وجہ سے ترجمہ زمانہ حال میں کیا گیا، شرط اور جواب شرط مل کر جملہ شرطیہ بنا۔

خَلَوْا اِلٰی: (پاس خلوت میں پہنچتے ہیں، کے پاس اکیلے ہوتے ہیں) شرط، **خَلَا، یَخْلُو، خَلَاءً، وخُلُوًّا** (خالی ہونا) یہ فعل لازم ہے اور ان کے معنوں میں اس کے ساتھ کوئی صلہ نہیں آتا ہے لیکن جب یہ **اِلٰی** کے صلہ کے ساتھ آتا ہے تو یہ "کے پاس اکیلے ہونا" کے معنوں میں آتا ہے۔

شَیٰطِیْنِهِمْ: (اپنے شیطانوں کے)، مضاف، مضاف الیہ۔

قَالُوْآ اِنَّا مَعَکُمْ: (تو کہتے ہیں بے شک ہم تمہارے ساتھ ہیں) **قَالُوْآ** (وہ کہتے ہیں) **اِنَّ** (بے شک) + **نَا** (ہم) **مَعَ** (کے ساتھ) یہ بھی ہمیشہ مضاف بن کر آتا ہے۔ **کُمْ** (تمہارے، تم سب) مضاف الیہ، جواب شرط۔

اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُ وْنَ: (بے شک ہم تو مذاق کرنے والے ہیں) **اِنَّمَا** (بلا شبہ)، **نَحْنُ** (ہم) مبتدا۔

مُسْتَهْزِءُ وْنَ، اِسْتَهْزَأَ، یَسْتَهْزِئُ، اِسْتِهْزَاءً (ٹھٹھا کرنا، ہنسی کرنا، دل لگی کرنا) سے اسم فاعل، ثلاثی مجرد **هَزَأَ، یَهْزَأُ، هزءاً** یہ فعل **مِنْ** اور **بِ** کے صلہ کے ساتھ انہی معنوں میں آتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَ اِذَا .... شَيٰطِيْنِهِمْ بیان شرط، قَالُوْآ .... مُسْتَهْزِءُوْنَ جواب شرط۔

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَ يَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ (۱۵)
(اللہ ان سے مذاق کرتا ہے اور انہیں ڈھیل دیتا ہے اور اپنی سرکشی میں اندھے ہو رہے ہیں۔)

اَللّٰهُ: (اسم جلالت) مبتدا۔
يَسْتَهْزِئُ: (مذاق اڑاتا ہے) فعل مضارع، خبر۔
بِهِمْ: (ان کا) بِ يَسْتَهْزِئُ کا صلہ اور هُمْ مفعول۔
وَ: (اور) واؤ عاطفہ۔
يَمُدُّهُمْ: (ان کو ڈھیل دیتا ہے) مَدَّ، يَمُدُّ، مَدًّا (لمبا کرنا، کھینچنا، پھیلانا) سے فعل مضارع، هُمْ مفعول محلاً منصوب۔
فِيْ طُغْيَانِهِمْ: (اپنی کی سرکشی میں) فِيْ حرف جار، طُغْيَانٌ، طَغيٰ، يَطْغيٰ، طُغْيَانًا (سرکشی، حد سے بڑھ جانا) سے مصدر، مضاف، هُمْ مضاف الیہ۔ شبہ جملہ متعلق يَعْمَهُوْنَ۔
يَعْمَهُوْنَ: (بھٹکے ہوئے ہیں) عَمِهَ، يَعْمَهُ، عَمَهًا (کوئی راستہ یا جواب نہ سوجھنے پر کبھی آگے اور کبھی پیچھے جانا، متردد ہونا، متحیر ہونا، بصیرت کا اندھا ہونا) سے فعل مضارع۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ (۱٦)
یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے گمراہی مول لی ہدایت کے بدلے، ان کی اس تجارت نے فائدہ نہ دیا اور وہ ہدایت پانے والے نہ ہوئے۔

اُولٰٓئِكَ: (وہ سب) اسم اشارہ بعید برائے جمع مذکر و مؤنث، (مبتدا)۔
الَّذِيْنَ: (جنہوں نے کہ) اسم موصول، (خبر)۔
اشْتَرَوُا: (مول لی، خرید لی) یہ اصل میں اشْتَرَوُا تھا۔ ماقبل ملنے سے ا جو کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہمزۃ الوصل ہے ساکن ہوگیا اور مابعد الـضّـلٰـلَةَ کے ملنے سے وساکن کو پیش دے کر ملالیا گیا۔ واوَالجمع کو مابعد کے ساتھ ضمہ دے کر ملایا جاتا ہے۔ یہ فعل اِشْتَـرٰی، یَشْتَـرِی، اِشْتِـرَاءٌ (مول لینا، خرید لینا، کبھی بیچ دینا) سے فعل ماضی کا صیغہ جمع غائب ہے جس کا ثلاثی مجرد شَرٰی، یَشْرِی، شِرْیاً (بیچ دینا، کبھی خرید لینا) ہے۔ (اَلَّذِیْنَ کا صلہ)۔

الضَّلٰلَةَ: (گمراہی)، ضَلَّ، یُضِلُّ، ضَلَالَةً (گمراہ ہونا) سے اسم مصدر مفعول بہ۔

بِـالْهُدٰی: (ہدایت کے بدلے) جار مجرور، هَـدٰی، یَهْـدِیْ، هُدًی (رہنمائی کرنا)۔ متعلق فعل اشْتَرَوُا۔

فَمَا: (پس نہیں)۔

رَبِحَتْ: (فائدہ مند ہوئی) رَبِـحَ، یَرْبَحُ، رِبْحًا (نفع بخش ہونا) سے فعل ماضی کا صیغہ واحد غائب مونث۔

تِـجَـارَتُهُمْ: (ان کی تجارت) تَـجَـرَ، یَتْـجُـرُ، تِجَـارَةً (سوداگری کرنا) فاعل اور مضاعف اور هُمْ مضاف الیہ۔

وَمَا کَانُوْا: (اور وہ نہ ہوئے) فعل ناقص جس کا اسم اس کے اندر ہے۔

مُهْتَـدِیْنَ: (ہدایت پانے والے) اِهْتَـدٰی، یَهْتَدِی، اِهْتِدَاءً (راہ پانا) سے جمع اسم فاعل، اس فعل کا ثلاثی مجرد هَدٰی، یَهْدِی، هِدَایَةً (رہنمائی کرنا) (کَانَ ناقصہ کی خبر)۔

مَثَلُهُمْ کَمَثَلِ الَّذِی اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَاحَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَ تَرَکَهُمْ فِیْ ظُلُمٰتٍ لَّایُبْصِرُوْنَ (۱۷)

(ان کی مثال اس شخص جیسی ہے جس نے آگ جلائی، پھر جب آگ نے روشن کردیا اس کا اردگرد، اللہ نے ان کی روشنی چھین لی اور انہیں اندھیروں میں چھوڑ دیا، وہ نہیں دیکھ پاتے۔)

مَثَلُهُمْ: (ان کی مثال) مضاف، مضاف الیہ، (مبتدا)۔

کَـ: (جیسے، مانند، بطور، کی حیثیت سے)، حرف جر، مَـا موصولہ کے ساتھ مل کر کَمَا (اس طرح سے کہ، جس طرح سے کہ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَثَلِ:(مثال) مجرور بالجار، (مضاف)۔

الَّذِی اسْتَوْقَدَ:(وہ جس نے کہ جلائی) الَّذِی اسم موصول، (مضاف الیہ) اسْتَوْقَدَ، یَسْتَوْقِدُ، اِسْتِیْقَادًا (آگ کو جلانا، روشن کرنا، آگ کا جلنا)، فعل ماضی الَّذِیْ کا صلہ، ثلاثی مجرد وَقَدَ، یَقِدُ، وُقُوْدًا (آگ کا جل اٹھنا) ہے۔

نَارًا: (آگ) مفعول بہ۔

یہاں تک جملہ اسمیہ ہوا جس میں مَثَلُھُم مبتدا اور کَمَثَلِ .... نَارًا تک خبر۔

فَلَمَّا اَضَآءَ تْ : (پس جب اس نے روشن کر دیا)، ف حرف عطف، لَمَّا (جب، جس وقت) حرف شرط تو ہے لیکن جازم نہیں ہوتا اس لیے یہ فعل ماضی ہی پر آتا ہے، بلکہ اکثر اس کے بعد دو فعل آیا کرتے ہیں۔

اَضَآءَ ت : فعل ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اَضَاءَ، یُضِیءُ، اِضَاءَۃً (روشن کرنا) اس کا ثلاثی مجرد ضَاءَ، یَضُوءُ، ضَوءًا (روشن ہونا) ہے۔

مَاحَوْلَهٗ : (جو اس کا اردگرد) ما موصولہ، حَالَ، یَحُولُ، حَولًا (حائل ہونا، حَولًا ظرف ہے مضاف بن کر آتا ہے۔ حَولٌ (برس، سال، قوت، اردگرد، آس پاس) مضاف، اور ہٗ مضاف الیہ۔

ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ : (تو لے گیا اللہ ان کی روشنی) ذَهَبَ، یَذْهَبُ، ذَهَابًا (جانا) یہ فعل لازم ہے اور بِ، عَنْ، اِلٰی، عَلٰی کے صلوں کے ساتھ متعدی بنایا جاتا ہے۔ اللّٰهُ (اسم جلالت) فاعل، بِ، ذَهَبَ کا صلہ نُوْرٌ مفعول اور مضاف، هُمْ مضاف الیہ۔ پورا جملہ فعل، فاعل اور مفعول مل کر جملہ فعلیہ ہوئے۔

وَ تَرَكَهُمْ: (اور چھوڑ دیا ان کو) وَ عاطفہ، تَرَكَ، یَتْرُكُ، تَرْكًا (چھوڑ دینا) هُمْ مفعول۔

فِیْ ظُلُمٰتٍ: (اندھیرے میں) فِیْ حرف جر، ظُلْمَةٌ (گمراہی، اندھیرا) کی جمع ظُلُمٰتٍ، شبہ جملہ متعلق فعل تَرَكَ۔

لَّا یُبْصِرُوْنَ : (وہ دیکھ نہیں پاتے) لا نافیہ، یُبْصِرُوْنَ ، اَبْصَرَ، یُبْصِرُ، اِبْصَارًا (دیکھنا) سے فعل مضارع، جملہ حالیہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ (۱۸)

(وہ بہرے، گونگے اور اندھے ہیں، پس وہ نہیں لوٹیں گے۔)

یہ ایک جملہ اسمیہ ہے جس کا مبتدا هُمْ یا اُولٰٓئِكَ محذوف مذکور ہے۔

صُمٌّ: (بہرے ہیں)، صَمَّ، یَصَمُّ، صَمًّا (بند کرنا، بند ہونا) سے الوان وعیوب کے وزن اَفْعَلُ پر اَصَمُّ (بہرا مرد) جس کی مؤنث فُعْلَاءُ کے وزن پر صَمَّاءَ ہے اور ہر دو کی جمع صُمٌّ ہے۔ (خبر)۔

بُكْمٌ: (گونگے ہیں) بَكِمَ، یَبْكَمُ، بُكْمًا (گونگا ہونا) ثلاثی مجرد سے الوان و عیوب کے وزن اَفْعَلُ پر اَبْكَمُ جس کی مؤنث فُعْلَاءُ کے وزن پر بُكْمَاءُ ہے اور ہر دو کی جمع مکسر بُكْمٌ ہے۔ (خبر ثانی)۔

عُمْیٌ: (اندھے ہیں) عَمِیَ، یَعْمٰی، عَمًی، (دونوں آنکھوں کی بینائی جاتے رہنا، اندھا ہونا) اسم صفت الوان وعیوب کے وزن اَفْعَلُ پر اَعْمٰی (اندھا) جس کی مؤنث فُعْلَاءُ کے وزن پر عُمْیَا ہے اور ہر دو کی جمع مکسر عُمْیٌ ہے۔ (خبر ثالث)۔

فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ: (پس وہ نہیں لوٹیں گے) فَ حرف عاطفہ سببیہ، هُمْ ضمیر (مبتدا) لَا نافیہ، یَرْجِعُوْنَ، رَجَعَ، یَرْجِعُ، رُجُوعًا، مَرْجِعًا (لوٹنا، واپس ہونا) (خبر)۔

اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِیْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ وَّ بَرْقٌ یَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ وَاللّٰهُ مُحِیْطٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ (۱۹)

(یا ان کی ایسی مثال ہے جیسے آسمان سے موسلا دھار بارش ہو، اس میں اندھیرے ہوں اور گرج (بجلی کی) اور چمک (بجلی کی) اور اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لیتے ہیں، بجلی کی کڑک کے سبب موت کے ڈر سے اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔)

اَوْ: (یا) حرف عطف جس کا تعلق پچھلی آیت کے ابتدائی لفظ مَثَلُهُمْ سے ہے اور یہی یہاں مبتدا محذوف تصور ہوگا۔

كَصَیِّبٍ: (موسلا دھار بارش کی طرح)، كَ حرف جار اور مجرور، صَیِّبٍ، صَابَ،

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَصُوْبُ، صَوْبًا (اترنا، قصد کرنا، برسانا، ٹپکنا) سے اسم جامد، (جر) كَصَيِّبٍ کا کاف الجر (كَ) بلحاظ معنی تشبیہ کے لیے ہے۔ گویا كَمَثَلِ صَيِّبٍ ہے اور یہاں صَيِّبٍ سے مراد اَصْحَابِ صَيِّبٍ ہے۔ یعنی بارش میں مبتلا۔ کیونکہ تشبیہ بارش سے نہیں بلکہ بارش والوں کی حالت سے ہے چنانچہ مقدر عبارت اَوْ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ اَصْحَابِ صَيِّبٍ بنتی ہے۔

مِّنَ السَّمَآءِ: (آسمان سے)، جار مجرور، صفت صَيِّبٍ۔

فِيْهِ: (جس میں) جار مجرور، خبر (مقدم)۔

ظُلُمٰتٌ: (اندھیرے میں)، ظُلْمَةٌ کی جمع بمعنی گمراہی، اندھیرا، (مبتدا موخر)۔

وَّ رَعْدٌ: (اور بجلی کی گرج ہے)، وَ عاطفہ، (مبتدا موخر)۔

وَّ بَرْقٌ: (اور بجلی کی چمک ہے) وَ عاطفہ، (مبتدا موخر)

یہ پورا جملہ اسمیہ صَيِّبٍ کی دوسری صفت ہے۔ یاد رہے کہ اسم نکرہ کے بعد اگر کوئی جملہ ہو تو وہ اس اسم نکرہ کی صفت ہوگا۔

يَجْعَلُوْنَ: (ڈال لیتے ہیں) جَعَلَ، يَجْعَلُ، جَعْلًا (کو پیدا کرنا، کو بنانا، کو کرنا، کو تیار کرنا، کو عطا کرنا، کو برابر ٹھرانا، کسی فعل کو شروع کرنا) سے فعل مضارع۔

اَصَابِعَهُمْ: (اپنی انگلیاں)، اِصْبَعٌ یا اَصْبَعٌ کی جمع اَصَابِعُ ہے۔ مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب اور مضاف ہے جبکہ هُمْ ضمیر، مضاف الیہ ہے۔

فِيْٓ اٰذَانِهِمْ: (اپنے کانوں میں)، فِي حرف جر، اُذْنٌ سے جمع آذَانٌ (سننے والا عضو) حرف جار کی وجہ سے مجرور اور مضاف ہونے کی وجہ سے خفیف هُم مضاف الیہ، شبہ جملہ متعلق فعل۔

مِّنَ الصَّوَاعِقِ: (بجلی کی کڑک کے سبب) جار مجرور، محلاً مفعول لہ۔

حَذَرَ الْمَوْتِ: (موت کے ڈر سے) مرکب اضافی، حَذَرَ، يَحْذَرُ، حِذْرًا سے مصدر بحیثیت مفعول لہ، اس لیے منصوب ہے۔ مَاتَ، يَمُوْتُ، مَوْتًا (مرنا)

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌ بِالْكٰفِرِيْنَ: (حالانکہ اللہ کافروں کو گھیرنے والا ہے) وَ حالیہ، اللّٰهُ مبتدا، مُحِيْطٌ خبر، باب افعال سے اَحَاطَ، يُحِيْطُ، اِحَاطَةً سے اسم فاعل بِ مُحِيْطٌ کا صلہ اور بِالْكٰفِرِيْنَ متعلق مُحِيْطٌ۔ پورا جملہ اسمیہ ہوا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ وَ اِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَ اَبْصَارِهِمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۲۰)

(قریب ہے کہ بجلی ان کی آنکھیں اچک لے۔ جب وہ ان پر چمکتی ہے تو اس میں چلتے ہیں اور جب اندھیرا ہو جائے تو وہ کھڑے ہو جاتے ہیں اور اگر اللہ چاہے تو ان کی سماعت اور ان کی بصارت لے جائے، بے شک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔)

يَكَادُ : (قریب ہے کہ) كَادَ، يَكَادُ، كَوْدًا (کسی فعل کے ہونے یا نہ ہونے کے قریب ہونا) یہ فعل ناقص افعال مقاربہ میں سے ہے۔ یہ اپنے اسم کو رفع دیتا ہے اور خبر جو کہ فعل مضارع ہوتی ہے اسے قریب لانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

الْبَرْقُ: (بجلی کی چمک) يَكَادُ کا اسم۔

يَخْطَفُ : (اچک لے گی، جھپٹ لے گی) خَطَفَ، يَخْطَفُ، خَطْفًا (اچک لینا، چھین لینا) سے فعل مضارع۔

اَبْصَارَهُمْ : (ان کی بصارت) مرکب اضافی، مفعول بہ۔

كُلَّمَآ: (جب کبھی بھی) كُلَّ (سب) + مَا (جب تک) ظرفیہ سے مرکب ہو کر ایک لفظ شمار ہوتا ہے اور یہ ہمیشہ کلمہ شرط کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ ظرف زمان ہونے کی بنا پر منصوب ہے، نصب کی علامت لام پر فتح۔

اَضَآءَ: (چمکتی ہے، روشنی دیتی ہے) شرط ہونے کی بنا پر ترجمہ زمانہ حال اور برق کا ترجمہ اردو میں بجلی (مؤنث) کیا جاتا ہے۔ اَضَاءَ، يُضِيْءُ، اِضَاءً۔

لَهُمْ: (ان کے لیے، ان پر) شبہ جملہ متعلق فعل اَضَآءَ۔

مَّشَوْا : (وہ چلتے ہیں) جواب شرط کی وجہ سے زمانہ حال، مَشٰى، يَمْشِي، مَشْيًا سے فعل ماضی۔

فِيْهِ: (اس میں) شبہ جملہ متعلق فعل مَشَوْا۔

وَ اِذَآ: (اور جب) وَ عاطفہ اور اِذَآ شرط کے لیے۔

اَظْلَمَ : (اندھیرا ہوتا ہے) شرط کی وجہ سے ترجمہ زمانہ حال میں ہوگا۔ اَظْلَمَ، يُظْلِمُ،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِظْلَامًا (اندھیرا کردینا، اندھیرا ہونا) سے فعل ماضی، یہ لازم اور متعدی دونوں طرح آتا ہے۔

عَلَيْهِمْ: (ان پر) شبہ جملہ جار مجرور متعلق فعل اَظْلَمَ بیان شرط۔

قَامُوْا: (کھڑے ہوجاتے ہیں) قَامَ، يَقُوْمُ، قِيَامًا (کھڑا ہونا) سے فعل ماضی۔

وَلَوْ: (اور اگر) وَ عاطفہ یا استئناف اور لَوْ حرف شرط۔

شَآءَ: (چاہے) بیان شرط کی وجہ سے ترجمہ ماضی میں نہیں کیا گیا۔ فعل ماضی باب سَمِعَ سے شَاءَ، يَشَاءُ، شَيْئًا، مَشِيْئَةً: (کو چاہنا، کا ارادہ کرنا)۔

اَللّٰهُ: (اسم جلالت)، فاعل۔

لَذَهَبَ: (تو لے جاتا) لَ جواب شرط کے لیے ہے۔ اور اس کا ترجمہ ''تو'' سے کیا جاتا ہے جو وَلَوْ کے جواب میں ہے۔ ذَهَبَ، يَذْهَبُ، ذَهَابًا (جانا، چلے جانا) یہ فعل لازم ہے اور بِ کے صلہ کے ساتھ متعدی بنایا جاتا ہے اور اس کے معنی 'لے جانا' ہوجاتے ہیں۔

بِسَمْعِهِمْ وَ اَبْصَارِهِمْ: (ان کی سماعت اور ان کی بینائی / بصارت) بِ تو ذَهَبَ کا صلہ ہے۔ سَمْعِهِمْ اور اَبْصَارِهِمْ مرکب اضافی جو واؤ عاطفہ سے ملے ہوئے ہیں۔ سَمْعِ اور اَبْصَارِ بِ حرف جار کی وجہ سے مجرور ہیں۔ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ اور لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَ اَبْصَارِهِمْ شرط اور جواب شرط۔ دونوں مل کر جملہ شرطیہ بنے۔

اِنَّ: (بے شک) حرف مشبہ بالفعل، جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو نصب (جو کہ اِنَّ کا اسم کہلاتا ہے) اور خبر کو رفع (جو اِنَّ کی خبر کہلاتی ہے) دیتا ہے۔

اَللّٰهَ: (اسم جلالت) اِنَّ کا اسم۔

عَلٰى: (پر)، حرف جار۔

كُلِّ: (ہر ایک، سب)، مجرور الجار، اور شَيْءٍ کا مضاف۔ یہ اسم جامد ہے جو کہ كَلَّ، يَكُلُّ، كَلًّا (اولاد اور والدین سے محروم ہونا، تھک جانا) سے ماخوذ ہے اور اس کے معنی کا کسی فعل سے تعلق نہیں، یہ اکثر مضاف ہوکر آتا ہے۔ اور اس کا مضاف الیہ اس کے معنی متعین کرتا ہے۔ اس کا مضاف الیہ عموماً واحد نکرہ آتا ہے۔ كُلُّ شَيْءٍ (ہر ایک چیز) اگر اس کا مضاف الیہ معرفہ ہو تو پھر اس مضاف الیہ کا سب کچھ مراد ہوتا ہے۔ جیسے: كُلُّ الرَّجُلِ (آدمی کا سب کچھ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شَيْءٍ: (چیز) مضاف الیہ۔

قَدِيْرٌ : (قادر ہے) قَدَرَ، يَقْدِرُ، قَدْرًا (کا اندازہ کرنا، کی تعظیم کرنا)، عَلٰی کے صلہ کے ساتھ (قدرت رکھنا، پر قادر ہونا) قَدِيْرٌ عَلٰی کے صلہ والے فعل سے صفت مشبہ ہے۔ اِنَّ کی خبر۔

اَللّٰهُ، اِنَّ کا اسم، كُلِّ شَيْءٍ متعلق خبر، قَدِيْرٌ خبر۔ چنانچہ پورا جملہ اسمیہ ہوا۔

يَآاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ (۲۱)

(اے لوگو! تم اپنے رب کی عبادت کرو۔ جس نے تمہیں پیدا کیا، اور ان لوگوں کو جو تم سے پہلے تھے، تا کہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔)

يَآاَيُّهَا النَّاسُ : (اے لوگو) يَا حرف ندا + اَيُّ مبنی بر رفع + هَا حرف تنبیہ، اَلنَّاسُ منادیٰ۔ یہ چار الفاظ کا مجموعہ ہے۔ يَا (اے) حرف ندا ہے اور یہ کسی کو پکارتے وقت استعمال کیا جاتا ہے۔ جسے پکارا جاتا ہے اسے منادیٰ کہتے ہیں۔

۱۔ منادیٰ اگر مفرد، معرفہ یا نکرہ معین ہو تو مبنی بر رفع ہوتا ہے: جیسے يَا زَيْدُ، يَا رَجُلُ۔

۲۔ منادیٰ اگر مضاف ہو یا نکرہ غیر معین ہو تو منصوب ہوگا۔ جیسے: يَا اَهْلَ الْكِتَابِ، يَا عَبْدَ اللّٰهِ۔

۳۔ منادیٰ اگر معرف باللام ہو تو مذکر کے لیے اَيُّهَا اور مؤنث کے لیے اَيَّتُهَا کا اضافہ حرف ندا اور منادیٰ کے درمیان لایا جاتا ہے۔

۴۔ مگر لفظ اللہ پر صرف يَا آتا ہے۔ جیسے: يَا اَللّٰهُ۔

یاد رہے کہ یہاں اَيُّ کا حرف استفہام اَيُّ (کون سا) کے ساتھ کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی هَا کی حیثیت ضمیر کی ہے۔

۵۔ حرف ندا کا تقاضا یہ ہے کہ اسے کھینچ کر بولا جائے جبکہ لام تعریف کا تقاضا یہ ہے کہ اس کا ماقبل اس میں ملا دیا جائے۔ اس لیے یا کی لمبی آواز کو بچانے کے لیے اَيُّهَا اور اَيَّتُهَا کا اضافہ حرف ندا اور منادیٰ کے درمیان کر دیا جاتا ہے۔ یہ الفاظ بغیر حرف ندا کے بھی منادیٰ سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہلے لائے جاتے ہیں۔ اس وقت حرف ندا مقدر ہوتا ہے۔ جیسے: اَیُّھَا النَّبِیُّ۔

اُعْبُدُوْا: (عبادت کرو) عَبَدَ، یَعْبُدُ، عَبَادَۃً سے فعل امر جمع حاضر۔

رَبَّکُمْ: (اپنے رب کی)، مرکب اضافی جس میں رَبَّ مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

اَلَّذِیْ: (جس نے)، اسم موصول مبنی جو اپنے صلہ کے ساتھ مل کر رَبَّکُمْ کی صفت ہوگا۔

خَلَقَکُمْ: (تم کو پیدا کیا) خَلَقَ، یَخْلُقُ، خَلْقًا سے فعل ماضی، کُمْ مفعول بہ۔ دونوں مل کر اَلَّذِیْ کا صلہ۔

وَالَّذِیْنَ: (اور ان لوگوں کو جو) وَ عطف اور اَلَّذِیْنَ اسم موصول معطوف اور اس کا عطف خَلَقَکُمْ کی ضمیر کُمْ پر ہے۔

مِنْ قَبْلِکُمْ: (تم سے پہلے ہوئے) مِنْ (سے) حرف جار، قَبْلِ (پہلے) ظرف مجرور بالجار مضاف، کُمْ مضاف الیہ اور اَلَّذِیْنَ کا صلہ۔

لَعَلَّکُمْ: (شاید کہ تم) لعل (شاید کہ) حرف مشبہ بالفعل جس کا اسم منصوب اور خبر مرفوع ہوتی ہے۔ یہاں کُمْ اسم اور تَتَّقُوْنَ اس کی خبر ہے۔

تَتَّقُوْنَ: (پرہیز گار ہو جاؤ) اِتَّقٰی، یَتَّقِی، اِتِّقَاءً (بچنا، ڈرنا) باب افتعال سے فعل مضارع جس کا ثلاثی مجرد وَقٰی، یَقِی، وَقَایَۃً ہے۔

اَلَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقًا لَّکُمْ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (۲۲)

(جس نے تمہارے لیے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے پانی اتارا۔ پھر اس کے ذریعے سے پھلوں سے نکالا تمہارے لیے رزق۔ سو اللہ کے لیے شریک نہ بناؤ جبکہ تم جانتے ہو۔)

اَلَّذِیْ: (جس نے) اسم موصول۔ یہ اپنے صلہ کے ساتھ گزشتہ آیت میں مذکور رَبَّکُمْ کی دوسری صفت ہے۔

جَعَلَ (بنایا، پیدا کیا) جَعَلَ، یَجْعَلُ، جَعْلًا سے فعل ماضی اور اَلَّذِیْ کا صلہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَكُمْ : (تمہارے لیے) شبہ جملہ متعلق فعل جَعَلَ۔

اَلْاَرْضَ: (زمین کو، کرہ ارض) جَعَلَ کا مفعول بہ۔

فِرَاشاً: (بچھایا ہوا)، فَرَشَ، یَفْرِشُ، فِرَاشًا (بچھانا، پھیلانا) اَلْاَرْضَ کا حال۔

وَّالسَّمَآءَ: (اور آسمان کو) وَ عاطفہ، جعل کا مفعول ثانی۔

بِنَآءً: (چھت) بَنیٰ، یَبْنِیْ، بُنْیَانًا (مکان یا دیوار کو تعمیر کرنا یا بنانا) بِنَآءً دراصل مصدر ہے جو بمعنی اسم مفعول استعمال ہوتا ہے اور اس کے معنی تعمیر کردہ مکان اور کبھی صرف چھت کے ہوتے ہیں۔ یہ سَمَآءَ کا حال ہے۔ اَلَّذِیْ موصول اور جَعَلَ سے بِنَآءً تک صلہ موصول اور صلہ مل کر پچھلی آیت مذکور میں رَبَّکُمُ کی دوسری صفت ہے۔

وَّ اَنْزَلَ : (اور اتارا) وَ عاطفہ، اَنْزَلَ، یُنْزِلُ، اِنْزَالًا (اتارنا) سے فعل ماضی اور جَعَلَ پر معطوف۔

مِنَ السَّمَآءِ: (آسمان سے)، شبہ جملہ متعلق اَنْزَلَ۔

مَآءً: (پانی)، مفعول بہ، فعل اپنے مفعول اور متعلقات سے مل کر جملہ فعلیہ ہوا، جو پہلے جملہ پر عطف ہے۔

فَاَخْرَجَ بِہٖ: (پھر نکالے اس کے ذریعے سے)، فَ حرف عطف، حرف استئناف دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے اور اس کے معنی ''پس، پھر، تو پھر، اور تب، یوں، چنانچہ، اس لیے، تاکہ'' کی صورت میں، حسب موقع کیے جاتے ہیں۔ اَخْرَجَ، یُخْرِجُ، اِخْرَاجًا (نکالنا، خارج کرنا، نمایاں کرنا) فعل ماضی جو اَنْزَلَ پر عطف ہے۔ بِ حرف جار سببیہ، ہٖ ضمیر مجرور بالجار جس کا مرجع مَآءً ہے۔

مِنَ الثَّمَرَاتِ : (پھلوں میں سے قسم قسم کے پھل یا کچھ پھل) مِنْ بیانیہ یا تبعیضیہ، الثَّمَرَاتِ مجرور بالجار، کسی درخت یا پودے کے پھل کو عربی میں بحیثیت جنس ثَمَرٌ کہتے ہیں۔ اور جب ایک پھل یا کچھ پھلوں کی بات کرنی ہو تو ثَمَرَةٌ کہتے ہیں اور ثَمَرَةٌ کی جمع ثَمَرَاتٌ ہے۔ جار مجرور مل کر اَخْرَجَ کا مفعول بہ۔

رِزْقًا لَّکُمْ: (تمہاری روزی کے لیے) رِزْقًا مفعول بہ لَّکُمْ اور اس کی صفت۔

فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰہِ اَنْدَادًا : (اس لیے اللہ کے لیے شریک مت بناؤ) فَ (اس لیے) حرف عاطفہ، لَا تَجْعَلُوْا فعل نہی، لِلّٰہِ شبہ جملہ متعلق لَا تَجْعَلُوْا، اَنْدَادًا (نِدٌّ کی جمع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بمعنی شریک، برابر، ہم پلہ، ہم سر) مفعول بہ۔

وَّ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ : (حالانکہ تم جانتے ہو) وَ (حالانکہ) واؤحالیہ، اَنْتُمْ مبتدا، تَعْلَمُوْن عَلَمَ، یَعْلِمُ، عِلْمًا (جاننا، سمجھ لینا) سے فعل مضارع، اَنْتُمْ کی خبر۔

وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (۲۳)

(اور اگر تمہیں اس کلام میں کوئی شک ہو جو ہم نے اپنے بندے پر اتارا تو اس جیسی ایک سورت بنا لاؤ اور اپنے مددگار بلالو اللہ کے سوا۔ اگر تم سچے ہو۔)

وَ: (اور) استئناف۔

اِنْ: (اگر)، حرف شرط۔ یہ فعل مضارع کے اس صیغہ کو بھی جزم دیتا ہے جو شرط میں آئے اور اس کو بھی جو جواب شرط میں آئے۔ اگر فعل ماضی پر آئے تو ان کا کوئی عمل نہیں ہوتا سوائے اس کے کہ اس کے معنی حال میں کر دیتا ہے۔

كُنْتُمْ: (تم ہو) فعل ناقص جس میں اس کا اسم مستتر ہے۔

فِيْ رَيْبٍ: (شک میں) جار مجرور متعلق بہ محذوف خبر كُنْتُمْ۔

مِمَّا: (سے، جو) مِنْ + مَا موصولہ جار مجرور متعلق ریب (مِنْ بیانیہ ہے)۔

نَزَّلْنَا : (ہم نے اتارا) نَزَّلَ، يُنَزِّلُ، تَنْزِيْلًا (اتارنا) اس میں ضمیر نَا کو ضمیر تعظیم کہتے ہیں۔ جمع کی جو بھی ضمیر اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال ہو اس کو ضمیر تعظیم کہتے ہیں۔ فعل ماضی بفاعل۔

عَلٰى عَبْدِنَا : (اپنے بندے پر) عَلٰى حرف جار، عَبْدِنَا مرکب اضافی۔ یہ پورا جملہ مرکب جاری متعلق فعل نَزَّلْنَا ہے۔ عَبْدٌ عَبَدَ، يَعْبُدُ، عِبَادَةً کے مادہ سے اسم جامد ہے۔ اس کے بنیادی معنی دو ہیں:

۱۔ بندہ، مملوک، غلام، Slave۔

۲۔ مطیع، عبادت گزار، اطاعت شعار۔ اس کی مؤنث اَمَةٌ ہے۔ عِبَادٌ اور عَبِيْدٌ جمع ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہاں تک جملہ شرطیہ کا بیان شرط کا حصہ مکمل ہوا۔

فَـأْتُوْا (ب): (تو پھر تم لے آؤ) **فَ** حرف عطف جو جواب شرط کے رابطہ کے لیے ہے۔ **اِئْتُوا، اَتیٰ، یَاتِی، اِتْیَانًا** (آنا، جب **ب** کے صلہ کے ساتھ ہو تو معنیٰ 'لے آنا') سے فعل امر معروف کا صیغہ جمع مذکر حاضر، **فَ** ماقبل ہونے کی وجہ سے ہمزۃ الوصل حذف ہو گیا۔ **ب** صلہ۔

بِسُوْرَةٍ: (کوئی سورت)، **بِ** فعل کا صلہ، **سُوْرَةٍ** مفعول۔

مِنْ مِّثْلِهٖ: (اس جیسی) **مِنْ** (کچھ، از قسم) حرف جار، **مثل** مجرور مضاف، **هٖ** مضاف الیہ۔ یہ سارا مرکب جار مجرور **سُوْرَةٍ** کی صفت ہے۔

وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ: (اور بلا لو اپنے مددگاروں کو، گواہوں کو) **وَ** (اور) عاطفہ، **اُدْعُوْا، دَعَا، يَدْعُو، دُعَاءً** (پکارنا، دعا مانگنا، مدد کے لیے بلانا) فعل امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، **شُهَدَآءَ** مضاف، مفعول، **شَهِدَ، يَشْهَدُ، شُهُوْدًا** (موقع پر موجود ہونا) **شَهَادَةً** (گواہی دینا) اس فعل سے اسم صفت **فعیل** کے وزن پر **شَهِيْدٌ** اور اس کی جمع **شُهَدَآءَ** (گواہ، مددگار، حمایتی، سب کچھ جاننے والا) **اُدْعُوْا** کا مفعول بہ ہے اور **كُمْ** کا مضاف الیہ ہے۔

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ: (اللہ کے سوا) **مِنْ** حرف جار، **دُوْنِ** (سوائے) بھی ہمیشہ قبل اور بعد کی طرح منصوب اور مضاف بن کر استعمال ہوتا ہے، **اللّٰهِ** مضاف الیہ۔ یہ سارا مرکب جاری **شُهَدَآءَكُمْ** کا حال یا اس کی صفت ہے۔

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ: (اگر تم سچے ہو) **اِنْ** حرف شرط، **كُنْتُمْ** فعل ناقص، **صَادِقِيْنَ** جمع اسم الفاعل **صَادِقٌ** جو کہ **صَدَقَ، يَصْدُقُ، صِدْقًا** (سچا ہونا، سچ بولنا) سے ہے۔ یہ فعل لازم اور متعدی دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ متعدی کے معنوں میں 'سے سچ بولنا، کا وفادار رہنا' ہوتے ہیں۔ اس صورت میں اس کا مفعول بلکہ دو مفعول ہوتے ہیں ایک جس سے سچ بولا جائے اور دوسرا وہ چیز جس کے بارے میں سچ بولا جائے۔ دونوں ہی مفعول منصوب بغیر صلہ کے آتے ہیں۔ جیسے: **صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ**۔

یہ جملہ شرطیہ ہے جس کا جواب شرط **وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ** ہے یا پھر جواب شرط محذوف **فَافْعَلُوْا** ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ اُعِدَّتْ لِلْكَافِرِیْنَ (٢٤)

(پھر اگر تم نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے۔ تو اس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔ وہ کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔)

فَاِنْ: (پس اگر) فَ حرف استئناف، اِنْ (اگر) حرف شرط۔

لَّمْ تَفْعَلُوْا: (تم نہیں کرتے ہو) لَّمْ (نہیں) حرف جازم المضارع، تَفْعَلُوْا اصل میں تَفْعَلُوْنَ تھا جو مجزوم ہو کر تَفْعَلُوْا رہ گیا جو فَعَلَ، یَفْعَلُ، فَعْلاً (کسی فعل کا کرنا) سے فعل مضارع ہے۔

وَلَنْ تَفْعَلُوْا: (اور تم ہرگز نہیں کر سکو گے) وَ عاطفہ، لَنْ حرف ناصب المضارع، یہاں تَفْعَلُوْا منصوب ہے۔

نوٹ: یاد رہے کہ لَّمْ تَفْعَلُوْا کا ترجمہ لَّمْ کی وجہ سے ماضی میں ہونا چاہیے تھا لیکن بیان شرط ہونے کی وجہ سے حال میں کیا گیا، اس کے علاوہ فِعْلاً کا معنی چونکہ کسی فعل کے کرنے کا ہے اور یہاں سیاق سے یہ فعل پچھلی آیت فاتوا ہے یعنی لے آؤ اس لیے اس آیت کا سیاق کے مطابق بامحاورہ ترجمہ ہوگا "پھر اگر تم نہیں لا سکتے اور تم ہرگز نہیں لا سکو گے"۔ یہاں بیان شرط ہے جس میں وَلَنْ تَفْعَلُوْا جملہ معترضہ ہے۔

فَاتَّقُوا: (پس اس لیے ڈرو) فَ (پس اس لیے) جواب شرط، اِتَّقُوا، اِتَّقیٰ، یَتَّقِی، اِتِّقَاءً (بچنا، ڈرنا) سے فعل امر۔

النَّارَ: (آگ سے) فعل فَاتَّقُوْا کا مفعول بہ، مؤنث سماعی۔

الَّتِیْ: (وہ جو کہ) اسم موصول مؤنث۔ النَّارَ کی صفت۔

وَقُوْدُهَا: (ایندھن اس کا) مرکب اضافی، مبتدا۔

النَّاسُ: خبر۔

وَالْحِجَارَةُ: (اور پتھر ہیں) وَ عاطفہ اور الْحِجَارَةُ حجر کی جمع مکسر، خبر۔ مبتدا اور دونوں خبریں مل کر الَّتِیْ کا صلہ۔

اُعِدَّتْ: (تیار کی گئی ہے) اَعَدَّ، یُعِدُّ، اِعْدَادًا (تیار کرنا، تیار رکھنا) اس کا ثلاثی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مجرد عَدَّ، يَعُدُّ، عَدًّا (خیال کرنا، گننا، سمجھنا) سے فعل مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب ہے۔

لِلْكَافِرِيْنَ: (کافروں کے لیے) جار مجرور متعلق فعل أُعِدَّتْ۔ یہ جملہ فعلیہ ہے جو کہ النَّارَ کا حال ہے۔

وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ۭ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ڎ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ (٢٥)

(اور ان لوگوں کو خوش خبری سنا دے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیکیاں کیں، کہ ان کے لیے باغات ہیں، جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، جب کبھی انہیں اس سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا تو وہ کہیں گے یہ وہ ہے جو کہ ہمیں اس سے پہلے کھانے کو دیا گیا، حالانکہ انہیں اس سے ملتا جلتا دیا جائے گا اور ان کے لیے اس میں پاک جوڑے (نیک مردوں کے لیے پاکیزہ عورتیں اور نیک عورتوں کے لیے پاکباز خاوند) ہیں اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔)

وَ بَشِّرِ: (اور خوشخبری سنا دے) وَ استئنافیہ۔ بَشَّرَ، يُبَشِّرُ، تَبْشِيْرًا (خوش کرنا، خوشخبری سنانا) سے فعل امر جس سے ثلاثی مجرد بَشَرَ، يَبْشُرُ، بَشْرًا (خوش ہونا)۔ یہ فعل اصل میں بَشِّرْ تھا جو اپنے مابعد ال کی وجہ سے بَشِّرِ پڑھا جائے گا۔

الَّذِيْنَ: (جو لوگ) اسم موصول، مفعول بہ۔

آمَنُوْا: (ایمان لائے) آمَنَ، يُؤْمِنُ، اِيْمَانًا سے فعل ماضی، الَّذِيْنَ کا صلہ۔

وَ: (اور) حرف عطف۔

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ: (نیک عمل کرتے ہیں) عَمِلَ، يَعْمَلُ، عَمَلًا (کرنا) سے فعل ماضی۔ (عمل اور فعل ہم معنی ہیں لیکن عمل قصد کے ساتھ ہوتا ہے جبکہ فعل بغیر قصد کے بھی ہوتا ہے) صَلَحَ، يَصْلُحُ، صَلَاحًا (درست ہونا، نیک ہونا) مفعول بہ صَالِحٌ اسم فاعل صَالِحَةٌ مؤنث، نیک اور نیکی، صَالِحَاتٌ (نیکیاں)، مفعول بہ۔

